ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | جمعرات 06 شوال 1447ھ 26 مارچ 2026ء صفحات 08 | شمارہ 260
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2009@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

امریکہ ایران جنگ، وزیراعظم اور پی پی قیادت کا مشترکہ موقف پر اتفاق

شہباز شریف نے پاکستان کے سفارتی کردار پر بلاول کو اعتماد میں لیا

خطے کی کشیدہ صورتحال اور قومی سلامتی کے معاملے پر وزیراعظم شہباز شریف سے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی ملاقات ہوئی، بلوچستان اور سندھ کے وزرائے اعلیٰ بھی شریک

بلاول بھٹو نے جنگ کے تناظر میں پاکستان کو درپیش ممکنہ مسائل سے نبرد آزما ہونے کیلئے وفاقی حکومت کی پالیسی کی تعریف کی، وزیراعظم سے چیئرمین پیپلز پارٹی کی ملاقات کا اعلامیہ جاری

دونوں وزرائے اعلیٰ نے وزیراعظم کو صوبوں میں سمارٹ لاک ڈاؤن سے متعلق حکمت عملی پر بریفنگ دی، ملکی سیاسی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال، ملاقات میں وزیراعظم کے ہمراہ حکومتی وزرا بھی شریک ہوئے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی اہم ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں سندھ اور بلوچستان کے وزرائے اعلیٰ بھی شریک ہوئے۔ وزیراعظم نے ایران امریکہ جنگ میں پاکستان کے سفارتی کردار پر بلاول بھٹو کو اعتماد میں لیا، دونوں وزرائے اعلیٰ نے وزیراعظم کو صوبوں میں سمارٹ لاک ڈاؤن سے متعلق حکمت عملی پر بریفنگ دی۔ ذرائع کے مطابق خطے کی کشیدہ صورتحال اور قومی سلامتی کے معاملہ پر وزیراعظم شہباز شریف سے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی بھی شریک ہوئے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں خطے کی کشیدہ صورتحال کے پیش نظر کیے گئے اقدامات پر بات چیت کی گئی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ایران امریکہ جنگ میں پاکستان کے سفارتی کردار پر بلاول بھٹو کو اعتماد میں لیا، دونوں وزرائے اعلیٰ نے وزیراعظم کو صوبوں میں سمارٹ لاک ڈاؤن سے متعلق حکمت عملی پر بریفنگ دی۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں ملکی سیاسی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وزیراعظم کے ہمراہ حکومتی وزرا بھی شریک ہوئے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خلیج کی صورتحال کے تناظر میں پاکستان کی عالمی امن کے لیے کی جانے والی سفارتی کوششوں سے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو آگاہ کیا۔ وزیراعظم اور بلاول بھٹو زرداری کی ملاقات میں باہمی دلچسپی کے سیاسی اور ملکی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے جنگ کے تناظر میں پاکستان کو درپیش ممکنہ مسائل سے نبرد آزما ہونے کے لیے وفاقی حکومت کی پالیسی کی تعریف کی۔ وزیراعظم اور بلاول بھٹو زرداری نے وفاقی حکومت کی ...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

حج پروازوں کا شیڈول جاری، آغاز 18 اپریل سے ہوگا

عازمین کو موبائل ایپ کے ذریعے اپنی پرواز کی معلومات حاصل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزارت مذہبی امور نے حج پروازوں کا شیڈول جاری کر دیا، اسلام آباد سے وزارت مذہبی امور کے مطابق پاکستان سے حج پروازوں کا آغاز 18 اپریل سے ہوگا۔ وزارت مذہبی امور کے اعلامیہ کے مطابق عازمین حج کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ پاک حج موبائل ...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

شہباز شریف وزیراعظم ہاؤس آمد پر بلاول بھٹو کا استقبال کر رہے ہیں

توانائی بحران سے نمٹنے کیلئے کورونا طرز پر سمارٹ لاک ڈاؤن کے نفاذ کا امکان

حالات ابتر ہونے کی صورت میں فیول راشننگ کی تجویز بھی تیار، وفاقی وزارتوں نے مختلف تجاویز تیار کر لیں

کورونا دور کی طرز پر سمارٹ لاک ڈاؤن امریکہ، ایران مذاکرات کامیاب ہونے کی صورت میں ختم ہوگا

اسلام آباد (شاکر رحمان) مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال اور ممکنہ توانائی بحران سے کیسے نمٹا جائے؟ اس موضوع پر وفاقی وزارتوں نے مختلف تجاویز تیار کر لی ہیں۔ ذرائع کے مطابق کورونا دور کی طرز پر سمارٹ لاک ڈاؤن کے نفاذ کا امکان ہے جبکہ حالات ...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ نے ایران کو جنگ بندی کیلئے ایٹمی و میزائل پروگرام ختم کرنے، آبنائے ہرمز کنٹرول میں لینے کی تجاویز دی تھیں، ایران نے حملے اور سیاسی قیادت کے قتل کا سلسلہ رکنے، امریکی اڈوں کے خاتمے اور تاوان کی ادائیگی کی شرائط رکھ دیں

امریکی تجاویز مسترد، جنگ بندی ہماری شرائط پر ہوگی، ایران، 5 تجاویز پاکستان کے حوالے کر دیں

شرائط تسلیم کرنے کی صورت میں امریکہ ایران پر عائد جوہری پابندیاں ختم کرنے اور اس کے سویلین جوہری پروگرام میں مدد فراہم کرنے پر آمادہ، ایرانی حکومت تک امریکی تجاویز پاکستان نے پہنچائیں

امریکی تجویز غیر متوازن اور حد سے زیادہ مطالبات پر مبنی، جنگ بندی سے پہلے کسی قسم کے مذاکرات نہیں ہوں گے، شرائط کو تسلیم نہ کرنے تک فوجی دفاعی کارروائیاں جاری رہیں گی، ایرانی حکام

جب تک ایران کی مرضی پوری نہیں ہوتی، نہ تو تیل کی قیمتیں سابقہ سطح پر آئیں گی اور نہ ہی خطے میں پہلے جیسا نظام بحال ہوگا، ترجمان ہیڈ کوارٹر خاتم الانبیا، پاکستان اور ترکیہ کے نام میزبان کے طور پر زیر غور

امریکا کی جانب سے پیش کردہ 15 نکاتی منصوبہ ابھی مکمل طور پر طے نہیں پایا مگر اس کے باوجود پیش رفت جاری ہے، ٹرمپ ہفتے تک جنگ بندی کا اعلان کر سکتے ہیں رپورٹ، اسرائیل شدید تشویش میں مبتلا

واشنگٹن، تہران (م ڈ) جنگ بندی کے لیے امریکا کی تجاویز موصول ہونے اور اس کا جائزہ لینے کے بعد ایران نے پالیسی بیان جاری کر دیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ایران نے امریکا کی جانب سے جنگ ختم کرنے کی تجویز مسترد کرتے ہوئے فوری مذاکرات کے امکان کو بھی رد کر دیا گیا ہے۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق ایک سینئر عہدیدار نے ...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ ملاقات کر رہی ہیں

جنگ بندی کے باوجود اسرائیل نے غزہ میں 700 فلسطینی شہید کر دیئے

غزہ میں 1 ہزار 860 افراد زخمی ہوئے، انسانی بحران شدت اختیار کر گیا

غزہ (م ڈ) اسرائیلی فورسز کے غزہ بھر میں وحشیانہ حملے تھم نہ سکے، جنگ بندی کے دعوؤں کے باوجود خونریزی جاری ہے۔ جنگ بندی کے باوجود صیہونی فورسز کی جانب سے غزہ میں 700 کے قریب فلسطینی شہید کر دیئے گئے، اکتوبر 2025 سے اب تک ...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

ایران میں اسکول پر حملہ، یو این انسانی حقوق کونسل کا ہنگامی اجلاس طلب کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (م ڈ) اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل نے ایران میں اسکول پر حملے کے معاملے پر جمعہ کو ہنگامی اجلاس طلب کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق کونسل کے صدر سدھارتو رضا سوریو دپورو ...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

27 مارچ کو بلوچستان سے ٹرین سروس معطل کرنے کا اعلان

پشاور سے کوئٹہ آنیوالی جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد میں روک کر واپس بھیجا جائیگا

کوئٹہ سے کراچی کیلئے بولان میل اور چمن کیلئے پسنجر ٹرین پہلے ہی معطل ہے، حکام

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ ریلویز نے 27 مارچ کو بلوچستان میں ایک مرتبہ پھر ٹرین سروس معطل کرنے کا اعلان کر دیا، ٹرین سروس فنی وجوہات اور ٹریک مرمت کی وجہ سے معطل رہے گی۔ ریلوے حکام کے مطابق محکمہ ریلویز نے فنی وجوہات اور ٹریک مرمت کی وجہ سے 27 مارچ کو بلوچستان میں ٹرین سروس معطل رہے گی، 27 مارچ کو کوئٹہ سے پشاور کیلئے ...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ایران نے شکست تسلیم نہ کی تو مکمل تباہ کر دینگے، ترجمان وائٹ ہاؤس

آپریشن ایپک فیوری میں 9000 اہداف کو نشانہ بنایا، ایران کے 90 فیصد میزائل اور ڈرونز کو مار گرایا گیا

140 سے زائد بحری جہاز تباہ کیے گئے، دوسری عالمی جنگ کے بعد پہلی بار کسی نیوی کو اس حد تک تباہ کیا

ایران سمجھنے سے انکاری، سخت حملے کرینگے، صدر ٹرمپ دھمکیاں نہیں دیتے، غلط اندازے نہیں لگانے چاہئیں

واشنگٹن (م ڈ) ترجمان وائٹ ہاؤس نے کہا ہے کہ ایران نے شکست تسلیم نہ کی تو ٹرمپ انہیں مزید نقصان پہنچانے کیلئے تیار ہیں۔ ترجمان وائٹ ہاؤس کیرولین لیوٹ نے پریس بریفنگ میں بتایا کہ آپریشن ایپک فیوری میں 9000 اہداف کو نشانہ بنایا گیا، ایران کے 90 فیصد میزائل اور ڈرونز کو مار گرایا گیا، ایران کے 140 سے زائد بحری جہاز تباہ کیے گئے۔ ...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

نیشنل ڈیجیٹل پالیسی کی تشکیل اور عملدرآمد کیلئے مکمل طور پر تیار ہیں، سرفراز بگٹی

ڈیجیٹل اصلاحات کا باقاعدہ آغاز محکمہ خزانہ کی ڈیجیٹلائزیشن سے کر دیا، جس کے مثبت نتائج سامنے آئے

مصنوعی ذہانت کے استعمال کے ذریعے میرٹ پر نوجوانوں کی تقرری کو یقینی بنایا جا رہا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

حکومت گورننس میں بہتری اور نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنے کیلئے اقدامات کر رہی ہے، وفاقی وزیر سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کو یہاں وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی شزہ فاطمہ خواجہ نے ملاقات کی جس میں ڈیجیٹل گورننس، نیشنل ڈیجیٹل پالیسی اور بلوچستان میں آئی ٹی کے فروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وفاقی سیکرٹری آئی ٹی اور چیئرمین پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی ڈاکٹر سہیل، وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی ...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

بااختیار بلدیاتی نظام وقت کی اہم ضرورت، خالد مقبول

ہر بحران سے نمٹنے کے لیے قوم کو تیار رہنا ہوگا، مصطفیٰ کمال، مشترکہ پریس کانفرنس

کراچی (بیورو رپورٹ) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنماؤں نے 28 ویں آئینی ترمیم فوری طور پر لانے اور آرٹیکل 140 اے کو موثر بنانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں بااختیار بلدیاتی نظام وقت کی اہم ضرورت ہے، جنگ کے خاتمے کیلئے پاکستان ...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزارت داخلہ کے ماتحت بھرتیوں کی تفصیلات جاری

7500 مجموعی بھرتیوں میں سب سے زیادہ ایف سی بلوچستان میں ہوئیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزارت داخلہ کے ماتحت محکموں میں پانچ سال کے دوران بھرتیوں کی تفصیلات پارلیمان میں پیش کر دی گئی۔ تقریباً ساڑھے 7 ہزار مجموعی بھرتیوں میں سب سے زیادہ ایف سی بلوچستان میں ہوئیں۔ اسلام آباد ...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

دہلی عدالت کا فیصلہ انصاف کے تقاضوں کے منافی، دفتر خارجہ

پاکستان کی آسیہ اندرابی، فہمیدہ صوفی اور ناہیدہ نسرین کی سزاؤں کی مذمت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں آسیہ اندرابی کو عمر قید، فہمیدہ صوفی اور ناہیدہ نسرین کو 30، 30 سال قید کی سزا کا فیصلہ مسترد کر دیا۔ دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ دہلی عدالت کا فیصلہ انصاف کے تقاضوں ...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

ملائیشیا کا جنگ بندی کیلئے پاکستان کی کوششوں کا خیر مقدم

تنازع کے حل کیلئے وزیراعظم شہباز شریف کا آگے آنا قابل تعریف، انور ابراہیم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم نے ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی کیلئے پاکستان کی کوششوں کا خیر مقدم کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں ملائیشین وزیراعظم نے کہا کہ مذاکرات کی میزبانی کے لیے پاکستان کی ...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی بحری بیڑا میزائلوں کی رینج میں آیا تو نشانہ بنایا جا سکتا ہے، ایرانی بحریہ

تہران (م ڈ) ایران کی بحریہ کے کمانڈر شہرام ایرانی نے کہا ہے کہ امریکی طیارہ بردار بحری بیڑا یو ایس ایس ابراہم لنکن پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں۔ شہرام ایرانی نے خبردار کیا کہ جیسے ہی یہ امریکی بیڑا ایرانی میزائلوں کی رینج میں آئے گا اسے نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ ایرانی بحریہ کا کہنا ہے کہ امریکی بحری بیڑے نے دعویٰ کیا ہے کہ ساحل سے واقع ...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کے ہمراہ وکلا کا گروپ فوٹو

ملک بھر سے مشرق وسطیٰ کی 35، اندرون ملک کی 8 پروازیں منسوخ

لاہور (بیورو رپورٹ) ملک بھر سے بدھ کو مشرق وسطیٰ کی 35، اندرون ملک کی 8 پروازیں منسوخ ہوئیں۔ پشاور سے دوحہ ریاض دبئی ابوظہبی شارجہ کی 12 پروازیں غیر شیڈول ہوئیں، کراچی اسلام آباد اور لاہور کی 4، 4 پروازیں منسوخ کی گئیں، کراچی، بحرین بغداد و دوحہ شارجہ ابوظہبی دبئی کی 12 پروازیں ...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

امن اور استحکام کے لیے مذاکرات و سفارت کاری ناگزیر، اسحاق ڈار

نائب وزیراعظم کا یورپی یونین کی نائب صدر سے رابطہ، بین الاقوامی صورتحال پر تبادلہ خیال

دونوں رہنماؤں کا بدلتی صورتحال کے پیش نظر قریبی رابطے میں رہنے پر اتفاق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے گزشتہ رات یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ / نائب صدر کاجا کالس سے ٹیلیفون پر گفتگو کی جس دوران علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال بارے تبادلہ خیال کیا۔ دفتر خارجہ کی جانب ...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

امریکا کیساتھ جنگ بندی پر باضابطہ کوئی بات چیت نہیں ہوئی، رضا امیری

پاکستان جیسے دوست ممالک تہران، واشنگٹن کے درمیان بات چیت کی بنیاد ڈالنا چاہتے ہیں

دوست ممالک جارحیت کے خاتمے کے لیے فریقین سے رابطے میں رہتے ہیں، ایرانی سفیر

تہران (م ڈ) ایرانی فوج کے ترجمان کے بعد پاکستان میں تعینات ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے امریکا کے ساتھ کسی بھی قسم کے بلاواسطہ یا بلواسطہ مذاکرات کی تردید کر دی۔ اپنے بیان میں ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے کہا کہ پاکستان جیسے دوست ممالک تہران اور واشنگٹن کے درمیان بات چیت کی ...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

ایل پی جی کا ایک اور کوئلے کے دو بحری جہاز پاکستان پہنچ گئے

پاناما سے آنے والا ایل پی جی کا بحری جہاز پورٹ قاسم پر لنگر انداز ہوگا

کراچی (بیورو رپورٹ) ایل پی جی کا ایک اور کوئلے کے دو بحری جہاز پاکستان کی بندرگاہ پر پہنچ گئے۔ رپورٹ کے مطابق پاناما سے آنے والا ایل پی جی کا بحری جہاز پورٹ قاسم پر لنگر انداز ہوگا، انتظامیہ کا کہنا ہے کہ کوئلے کے دو بحری جہاز پورٹ قاسم پر لنگر ...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کا سعودی ولی عہد اور قطری امیر سے رابطہ، امن کیلئے کوششوں سے آگاہ کیا

وزیراعظم کی حالیہ حملوں کی شدید مذمت، سعودی عرب کیساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی اور مکمل حمایت کا اعادہ

پاکستان نے تمام فریقوں سے کشیدگی کم کرنے، سفارتکاری سے اختلافات کو حل کرنے پر زور دیا، قطری امیر سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز سے رابطہ کیا، جس میں خطے کی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ سماجی رابطوں کے پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر وزیراعظم نے بتایا کہ انہوں نے سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے عید الفطر کی ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

دنیا کا کوئی ایسا ظلم نہیں جو بانی پر نہ ہوا ہو، سہیل آفریدی

پی ٹی آئی کو مسلسل تین برسوں سے دیوار کیساتھ لگایا جا رہا ہے

جنہیں لایا گیا انہوں نے ملک کا بیڑا غرق کر دیا، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے وفاقی حکومت پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کو مسلسل تین سالوں سے ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ذاتی معالجین کی اجازت کے بغیر کوئی طبی عمل قبول نہیں، شیخ وقاص

ملاقاتوں پر پابندیاں ختم کر کے بانی کو شفا انٹرنیشنل منتقل کیا جائے، سیکرٹری اطلاعات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کے خفیہ طبی معائنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ذاتی معالجین کی اجازت کے بغیر کوئی طبی عمل قبول نہیں۔ اپنے ایک بیان میں شیخ وقاص ...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ٹانک، سی ٹی ڈی کی کارروائی، انتہائی مطلوب 2 دہشتگرد ہلاک

ہلاک شدگان سے دو کلاشنکوف، 6 میگزین، کارتوس اور 2 ہینڈ گرنیڈز برآمد

ٹانک (م ڈ) خیبرپختونخوا کے ضلع ٹانک میں محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے انتہائی مطلوب دو دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سی ٹی ڈی کے مطابق سی ٹی ڈی ڈیرہ ریجن نے مصدقہ اور قابل عمل انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر تھانہ کول کی حدود میں کارروائی کی ...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں طوفانی بارشیں جاری، چھتیں گرنے سے ایک جاں بحق، 2 زخمی

نشیبی علاقے زیر آب، خاران، تربت، کیچ، نوشکی، پنجگور کے ندی نالوں میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ ہو گیا

کوہلو میں ژالہ باری و تیز بارش سے چھتیں گر گئیں، ایک زخمی چل بسا، ہرنائی میں کائنات نامی بچی زخمی ہو گئی

زیارت، چمن، ژوب، موسیٰ خیل، بارکھان، سبی، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، پشین میں بھی تیز بارش کا امکان

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بارشوں کا نیا سلسلہ شروع ہو گیا، مکانات کی چھتیں گرنے سے بچی سمیت دو افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کو صوبے کے بیشتر اضلاع میں مطلع ابر آلود رہنے کے علاوہ کوئٹہ، خاران، واشک، خضدار، کیچ، تربت، پنجگور، آواران، چاغی، نوشکی، زیارت، چمن، ژوب، موسیٰ خیل، بارکھان، سبی، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، پشین، ہرنائی، قلات، مستونگ، گوادر، جیوانی، پسنی اور اورماڑہ میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا سلسلہ ...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

بحری مشق سی گارڈین IV میں شرکت کیلئے کراچی بندرگاہ پہنچنے پر چائنیز نیوی شپ کا استقبال کیا جا رہا ہے

تہران پر امریکہ اور اسرائیلی حملوں میں 12 افراد شہید، تل ابیب پر میزائلوں کی بارش

ایران کی جانب سے تازہ حملوں میں بنی براک میں 12 اسرائیلی شہری زخمی، آئرن ڈوم ایرانی میزائل روکنے میں ناکام رہا

حزب اللہ کے راکٹوں سے حملے، شمالی اسرائیلی علاقوں میں سائرن بج اٹھے، اسرائیل کی لبنان میں وحشیانہ بمباری 31 افراد شہید

تہران، تل ابیب، بیروت (م ڈ) ایران نے امریکا اور اسرائیل کے خلاف حملوں کی 80 ویں لہر کا آغاز کر دیا، جس کے دوران اسرائیل پر میزائلوں اور ڈرونز کی بارش کر دی گئی ...... ایران کی جانب سے تازہ حملوں میں بنی براک میں 12 اسرائیلی شہری زخمی ہوئے، آئرن ڈوم ایرانی میزائل روکنے میں ناکام رہا ...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

بجلی کے صنعتی صارفین کیلئے بڑی خوشخبری

حکومت کا نیا اختیاری ملٹی ٹیرف نظام متعارف کرانے پر غور

صارفین کو مختلف اوقات میں بجلی کے نرخوں کا اختیار ملے گا، پاور ڈویژن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے صنعتی صارفین کی سہولت اور بجلی کے موثر استعمال کے لیے ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے نیا اختیاری ملٹی ٹیرف نظام ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت انتشار پیدا کرنیوالوں کو برداشت نہیں کرے گی، عابد شیر علی

عارف ایجا کیا بھارتی ایجنٹ ہے جس کے ساتھ بانی کے بیٹوں نے ملاقات کی

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما اور سینیٹر عابد شیر علی نے کہا ہے کہ حکومت اب ان کو برداشت نہیں کرے گی۔ فیصل آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سینیٹر عابد شیر علی ...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے کا لندن کیلئے براہ راست فلائٹ آپریشن بحال

پہلی پرواز 29 مارچ کو اسلام آباد سے لندن کے لیے روانہ ہوگی

اسلام آباد سے ہفتہ وار تین اور لاہور سے ایک پرواز آپریٹ ہوگی

لاہور (بیورو رپورٹ) پی آئی اے کا پاکستان اور برطانیہ میں رہنے والے ہم وطنوں کیلئے 6 سال بعد لندن کیلئے براہ راست فلائٹ آپریشن بحال ہوگا۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق پی آئی اے کی اسلام آباد سے ہفتہ وار تین اور لاہور سے ایک پرواز آپریٹ ہوگی۔ پی آئی اے لندن کے فضائی آپریشن کے لیے بوئنگ 777 طیارہ استعمال کرے گی۔ پی آئی اے لندن کے لیے پروازیں ہیتھرو ایئرپورٹ کے ٹرمینل 4 پر لینڈ کریں گی، چھ سال کے وقفے کے بعد پروازوں کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ پی آئی اے 29 مارچ کو اسلام آباد سے ...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

این ایف سی کے ذریعے جو حق بنتا ہے وہ نہیں دیا جاتا، جنید اکبر

سوا ارب نہ دیں، فاٹا کا جو حصہ بنتا ہے وہی دے دیں، صدر پی ٹی آئی خیبر پختونخوا

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے صدر و ممبر قومی اسمبلی جنید اکبر خان نے کہا ہے کہ ہمیں این ایف سی کے ذریعے جو حق خیبر پختونخوا کا بنتا ہے، ہمیں سوا ارب نہ دیں، فاٹا کا جو حصہ بنتا ہے وہی دے دیں۔ صدر پی ٹی آئی نے کہا کہ وزیراعظم سے سوال ...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرول پمپ اونرز نے 27 مارچ کی ہڑتال موخر کر دی

مطالبات نہ مانے گئے تو ملک بھر میں پیٹرول پمپس بند کر دینگے، ایسوسی ایشن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے فوری ملاقات کے لیے مراسلہ بھیج دیا، مراسلے ...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

وکلاء انصاف، مساوات کو فروغ دیکر معاشرے پر گہرا اثر ڈال سکتے ہیں، گورنر

ان کی ذمہ داری ہے کہ عوام میں حقوق و فرائض کا احساس اجاگر کریں اور نوجوانوں میں حب الوطنی کا جذبہ پیدا کریں

وکلاء ہمارے معاشرے کے انتہائی حساس اور دانشمند افراد ہیں، ایڈووکیٹ عطاء اللہ لانگو و دیگر سے بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ وکلاء ہمارے معاشرے کے انتہائی حساس اور ہوشمند افراد ہیں۔ اپنے پیشے کے اعتبار سے وکیلوں کا دائرہ کار بہت وسیع ہوتا ہے لہٰذا ان پر ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں کہ وہ عوام میں حقوق و فرائض ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کی اشیا خورونوش خلیجی ممالک کو برآمد کی فوری ہدایت

تمام محکمے غذائی تحفظ کے حوالے سے خلیجی ممالک سے قریبی رابطے میں رہیں

حکومتی اداروں کی سطح پر فیصلہ سازی میں کسی قسم کی تاخیر قابل قبول نہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے خلیجی ممالک کو اشیائے خورونوش کی فراہمی تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ خلیجی ممالک کی غذائی ضروریات کا خیال رکھنا ہمارا فرض ہے، تمام محکمے غذائی تحفظ کے حوالے سے خلیجی ممالک سے ...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرولیم قیمتیں نہ بڑھانے کیلئے ترقیاتی بجٹ میں 100 ارب کی کٹوتی

ترقیاتی 900 ارب روپے رہ گیا، تمام ترقیاتی منصوبوں پر 10 فیصد کٹوتی کی گئی ہے، احسن اقبال

رواں مالی سال کے لیے پی ایس ڈی پی کی مد میں ترقیاتی بجٹ ہزار ارب روپے رکھا گیا تھا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاق نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں نہ بڑھانے کے لیے ترقیاتی بجٹ پر 100 ارب روپے کا کٹ لگا دیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے ترقیاتی بجٹ میں کٹوتی کر دی، وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے پی ایس ڈی پی میں ...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں شرپسندوں کیلئے کوئی جگہ نہیں ہے، ملک یاسین کاکڑ

فیلڈ مارشل آصف منیر کے واضح موقف کی مکمل حمایت کرتے ہیں، قبائلی رہنما

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) قبائلی سیاسی و سماجی رہنما ملک یاسین کاکڑ نے فیلڈ مارشل آصف منیر کے اس واضح اور دوٹوک موقف کی مکمل حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں شرپسندوں، دہشتگردوں اور فرقہ واریت پھیلانے والے عناصر کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ چاہے کسی کا تعلق شیعہ، سنی یا کسی بھی کمیونٹی سے ہو، ہر پاکستانی شہری کو آئین اور قانون کے مطابق امن، تحفظ، عزت اور مساوی حقوق حاصل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مذہب، مسلک یا برادری کے نام پر نفرت، فساد اور اشتعال انگیزی پھیلانے والے عناصر دراصل ملک و قوم کے دشمن ہیں، اور ایسے عناصر کے خلاف بلا امتیاز سخت کارروائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پاکستان کی سلامتی، استحکام اور قومی یکجہتی ہر شہری کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اور پوری قوم کو اتحاد، بھائی چارے اور برداشت کا عملی مظاہرہ کرنا ہوگا۔ ملک یاسین کاکڑ نے مزید کہا کہ فیلڈ مارشل آصف منیر کا بیان قومی امنگوں کی ترجمانی کرتا ہے، کیونکہ پاکستان ایک پرامن اور خودمختار ریاست ہے جہاں ہر شہری کو پرامن زندگی گزارنے کا حق حاصل ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ملک دشمن، شرپسند اور فرقہ وارانہ عناصر کے خلاف متحد ہوں اور وطن عزیز میں امن، محبت اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کریں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ اپنے دفتر میں سائلین کے مسائل سن رہے ہیں

خطرناک جنگلی پودا ''بچھو بوٹی'' تیزی سے پھیل رہی ہے، محکمہ جنگلات

پتوں اور تنوں کے باریک بال جلد پر شدید جلن، خارش اور سوجن پیدا کر سکتے ہیں

کوئٹہ اور آس پاس کے علاقوں میں پودے کو ہاتھ نہ لگائیں،، بچوں کو دور رکھیں، علامیہ

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان محکمہ جنگلات و جنگلی حیات کے ایک اعلامیہ میں شہریوں کو متنبہ کیا ہے کہ کوئٹہ اور آس پاس کے علاقوں میں خطرناک جنگلی پودا ''بچھو بوٹی'' تیزی سے پھیل رہا ہے۔ اور پودے کے پتوں اور تنوں پر باریک بال ہوتے ہیں جو جلد پر شدید جلن، خارش اور سوجن پیدا کر سکتے ہیں، اور یہ بچوں اور مویشیوں کے لیے خاص طور پر خطرناک ہے۔ شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ پودے کو ہاتھ نہ لگائیں، دستانے استعمال کریں، بچوں کو دور رہنے کی ہدایت کریں اور کسی بھی رابطے کی صورت میں فورا متاثرہ جگہ دھوئیں۔ شدید صورت میں ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ عوام سے کہا گیا ہے کہ پودے کی موجودگی کی اطلاع متعلقہ حکام کو دیں تا کہ بروقت صفائی ممکن ہو سکے۔ محکمہ جنگلات نے اس مسئلے پر شہری تعاون کی اہمیت پر زور دیا ہے۔

تنظیم کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگی کیلیے، نوجوان تاجر آگے آئیں، قیوم آغا

تنظیم کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کیلیے مربوط حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے۔

مرکزی تنظیم تاجران کے ترجمان کاشف حیدری کے اعزاز میں دی گی پارٹی سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے صدر سید عبدالقیوم آغا کی جانب سے مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری کے اعزاز میں عیدملن پارٹی کا اہتمام کیا گیا، جس میں تنظیم کے دیگر رہنما بھی شریک ہوئے۔ تقریب کے دوران تنظیمی امور، تاجر برادری کو درپیش مسائل اور موجودہ معاشی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ رہنماؤں نے کہا کہ تنظیم کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لیے مربوط حکمت عملی اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں تنظیمی ڈھانچے کو مؤثر بنانے، کارکنان کے ساتھ رابطوں کو بڑھانے، باقاعدہ اجلاسوں کے انعقاد اور تاجر برادری کے مسائل کے فوری حل کے لیے عملی اقدامات اٹھانے پر زور دیا گیا۔ تقریب خوشگوار ماحول میں منعقد ہوئی جس میں عید کی دلی مبارکباد اور نیک تمناؤں کا تبادلہ کیا گیا۔ اس موقع پر نائب صدر کٹ پیس قسیم آغا، عزت اللہ کاکڑ، سلطان خلجی اور دیگر رہنما بھی شریک تھے۔ رہنماؤں نے کہا کہ تنظیم کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، نوجوان تاجروں کو شامل کرنے اور تمام شعبہ جات کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے مربوط کوششیں کی جائیں گی۔ اس موقع پر اس عزم کا بھی اظہار کیا گیا کہ تاجر برادری کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر بھرپور آواز اٹھائی جائے گی اور آئندہ بھی اس طرح کی ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ باہمی مشاورت کے ذریعے مؤثر فیصلے کیے جا سکیں اور تنظیم کو مزید فعال اور مستحکم بنایا جا سکے۔

اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ کے زیر اہتمام یوم پاکستان اور عیدملن پارٹی کی تقریب کے شرکا کا گروپ فوٹو

رمضان المبارک اور عیدالفطر جیسی خوشیاں بھی مکمل اندھیرے میں گزاریں، مولانا محمد طاہر توحیدی

ایس ڈی او کو کھمبے لگانے کی اجازت دی جائے، شہری بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں، پریس کانفرنس

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے سابق سیکریٹری اطلاعات اور امیر جمعیت المدارس یونٹ، مولانا محمد طاہر توحیدی نے ہزار گنجی کے مختلف علاقوں بشمول کلی چلتن رئیسانی، کلی تخزان، میاں غنڈی، زہری ٹاؤن اور اختر آباد میں جاری سنگین بجلی بحران پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے شدید غم و غصے کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ ان علاقوں کے مکین گزشتہ چار ماہ سے بجلی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں، جس کی وجہ سے معمولات زندگی مفلوج ہو چکے ہیں۔ افسوسناک بات یہ ہے کہ علاقہ مکینوں نے مقدس مہینہ رمضان المبارک اور عید الفطر جیسی خوشیاں بھی مکمل اندھیرے میں گزاریں، لیکن کیسکو حکام یا ضلعی انتظامیہ نے تا حال کوئی سنجیدہ نوٹس نہیں لیا۔ مولانا طاہر توحیدی نے ایک بااثر زمیندار پر سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے کہا کہ متبادل گرڈ سے بجلی کی فراہمی کے لیے ایس ڈی او کی جانب سے لگائے گئے کھمبے لگانے نہیں دیے جا رہے، جس کی وجہ سے ہزاروں شہری بنیادی سہولت سے محروم ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مذکورہ شخص سرکاری زمینوں پر بھی ناجائز قابض ہے اور اپنی اثر و رسوخ کی بنیاد پر عوامی مفاد کے منصوبوں میں رکاوٹ ڈال رہا ہے جو کہ کھلی ناانصافی ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر فوری طور پر بجلی بحال نہ کی گئی اور ناجائز رکاوٹیں ختم نہ ہوئیں

عوام کی خدمت کو فرض عین سمجھ کرتے آرہے ہیں، عالم جان ہنگلوئی

مہنگائی بدامنی بے روزگاری کی وجہ سے عوام پریشان ہیں، رہنما نیشنل پارٹی

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ممتاز قبائلی شخصیت نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما عوامی عالم جان ہنگلوئی اور ممتاز قبائلی شخصیت مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما حاجی میر نوراللہ لہڑی کی ملاقات میں ملکی سیاسی صورت حال اور خصوصا سریاب کے مسائل امن وامان کی ناقص صورت حال مہنگائی پر تفصیلی بات چیت کرتے ہوئے دونوں سیاسی وقبائلی رہنماؤں نے کہا ہے کہ سریاب کے عوام ہماری طاقت ہیں اور سریاب کے عوام نے سیاسی حوالے سے ہمیشہ اور ہرفورم پر ہراول دستے کا کردار ادا کرتے رہے ہیں دونوں سیاسی رہنماؤں نے کہا کہ سریاب سیاست کا گڑھ ہے سیاست سریاب سے شروع ہوتی ہے سیاسی رہنماؤں نے کہا کہ سریاب کے عوام کی خدمت کے لیے ہمارے دروازے ہروقت کھلے ہیں اور ہم اپنے عوام کی خدمت کو فرض عین سمجھ کرتے وقت اور حالات کا تقاضہ ہے کہ ہم ایک ہوکر مشکل وقت کا مقابلہ کرنا چاہئے

کوئٹہ، سمنگلی روڈ پر ایک شخص سڑک کے درمیاں بچوں کے کھلونے فروخت کررہا ہے

حکومت کا تعلیمی ادارے بند کرنا تعلیم دشمنی ہے، عالم خان کاکڑ

طلباء و طالبات کا قیمتی تعلیمی سال ضائع ہونے کا خدشہ ہے، رہنما پی ٹی آئی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سابق ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عالم خان کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت کے طویل عرصے تک اسکول اور کالجز بند رکھنے کے فیصلے سے طلباء و طالبات کا قیمتی تعلیمی سال ضائع ہونے کا خدشہ پیدا ہو چکا ہے حکومت فوری طور پر اسکول اور کالجز کھولنے کا اعلان کرے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں عالم خان کاکڑ نے کہا کہ پٹرول کی قلت کو وجہ بنا کر حکومت نے پورے ملک میں تعلیمی ادارے طویل عرصے تک کیلئے بند کر دیے ہیں اسکولز اور کالجز بند ہونے سے طلباء و طالبات کا تعلیمی سال ضائع ہونے کا خدشہ پیدا ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسکولز انتظامیہ کی جانب سے صرف ویڈیوز بھیج کر اسے ''آن لائن کلاسز'' کا نام دینا طلبہ کے ساتھ زیادتی ہے اگر حکومت کی جانب سے اسکولز بند رکھنا ناگزیر ہے تو تعلیمی اداروں کو پابند کیا جائے کہ وہ باقاعدہ زوم یا دیگر لائیو پلیٹ فارمز کے ذریعے آن لائن کلاسز کا انعقاد کریں تاکہ طلبہ کی تعلیم کا تسلسل برقرار رہے بصورت دیگر، تعلیمی اداروں کو فوری طور پر کھولا جائے تاکہ طلبہ کا مستقبل مزید متاثر نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں نیا تعلیمی سال شروع ہونے کے ساتھ ہی اسکولوں کو طویل چھٹیاں دیدی گئی ہیں جو تعلیم دشمنی کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیٹرول کی قلت کے مسئلے کا حل بھی موجود ہے ایرانی تیل جو آج بھی ہر شہر میں دستیاب ہے اس پر غیر ضروری سرکاری رکاوٹیں اور بھتہ ختم کر کے کم از کم ایک ماہ کے لیے ایرانی پٹرول کی فروخت کی مکمل اجازت دی جائے اس اقدام سے نہ صرف بلوچستان کے عوام کو مہنگائی کے بوجھ سے کچھ حد تک ریلیف ملے گا بلکہ ملک بھر میں بھی پیٹرول کی دستیابی بہتر ہوسکے گی۔

قیادت کو ہراساں کرنے کے اوچھے ہتھکنڈے بند کیے جائیں، صادق آغا

بوکھلاہٹ اقدامات سے کارکنوں کے حوصلے پست نہیں کیے جاسکتے، سینئر نائب صدر پی ٹی آئی

کوئٹہ/پشین (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر سید صادق آغا نے کہا ہے۔ کہ ان اور دیگر پارٹی رہنماؤں کے خلاف ایک اور مقدمہ درج کرنا سیاسی انتقام کی واضح مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے کارکنان اور قیادت کو ہراساں کرنے کے لیے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کیے جا رہے ہیں، مگر ایسے اقدامات سے ان کے حوصلے پست نہیں کیے جا سکتے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ حالیہ منعقدہ کنونشن مکمل طور پر آئین وقانون کے دائرے میں تھا اور ہر شہری کو پرامن اجتماع کا بنیادی حق حاصل ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پارٹی کا کنونشن کسی بھی صورت غیر قانونی یا آئین کے منافی نہیں تھا۔ بلکہ یہ جمہوری اقدار کے عین مطابق ایک سرگرمی تھی۔ جس کی پاداش میں مجھ سمیت سید دوست علی، نورخان کاکڑ، سید تاج آغا، عزیز کاکڑ، حمید خان، صلاح الدین کاکڑ، صاحبزادہ حکمت اللہ وروح اللہ آغا، گل خان اچکزئی، صدام، عمر سالار، شاہنواز کھرل، حاجی محمد کاکڑ، سید جعفر آغا کیخلاف جھوٹا مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں اختلاف رائے کو دبانے کے لیے مقدمات اور گرفتاریوں کا سہارا لیا جا رہا ہے، جو کہ جمہوریت کے لیے نیک شگون نہیں۔

ایم ایس کی پیرامیڈیکس کے خلاف کاروائیاں قابل مذمت ہیں، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) ترجمان پاکستان پیرا میڈیکل اسٹاف ایسوی ایشن بلوچستان نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال جعفرآباد کی جانب سے اپنا کرپشن چھپانے کے لئے پیرامیڈیکل اسٹاف کے خلاف کاروائیوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واضح کیا کہ ہم نے بہت سی چیزوں پر آنکھیں بند کیا ہوا ہے جو کرپشن اور اقرباپروری کی جا رہی ہے ہمیں سب معلوم ہے اور اس کرپشن کے خلاف ہم کسی بھی حد تک جانے سے گریز نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال جعفرآباد کی جانب سے اس طرح پیرامیڈیکس کی تذلیل کسی صورت قابل قبول نہیں اس طرح کے لیٹرز جاری کرنے سے پیرا میڈیکل اسٹاف کسی صورت مرعوب نہیں ہوں گے اور نہ ہی عوامی ادارے کو کرپشن کا گڑھ بننے کی اجازت دیں گے ہم یہ واضح کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ ڈپٹی کمشنر جعفرآباد کی جانب سے سیکرٹری صحت کو اس ایم ایس کی نااہلی کے خلاف لیٹر بھی لکھا گیا ہے اس کے باوجود موجودہ ایم ایس کرسی پر براجمان ہوکر بدستور کرپشن کر کے ہسپتال کو کھنڈرات میں تبدیل کر رہے ہیں انہوں نے وزیر اعلی بلوچستان، نیب، اینٹی کرپشن صوبائی وزیر صحت سیکرٹری صحت سے مطالبہ کیا کہ ایم ایس جعفرآباد کے خلاف شفاف انکوائری کر کے قانونی کارروائی کی جائے بصورت دیگر ہم ہرفورم پر اس ایم ایس کے خلاف جائیں گے۔

ایران نے قومی اتفاق سے فرعونی قوت کا مقابلہ کیا ہے، لالہ یوسف خلجی

عوام کے اتحاد کے باعث امریکہ اور اسرائیل گھٹنے ٹیکنے اور بھاگنے پر مجبور ہو چکے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ ایران پر امریکی اور اسرائیلی حملے کے بعد عوام نے متحد ہوکر یہ ثابت کردیا ہے کہ اتحاد واتفاق سے بڑے سے بڑے دشمن کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے عوام کے اتحاد کے باعث امریکہ اور اسرائیل گھٹنے ٹیکنے اور بھاگنے پر مجبور ہو چکے ہیں، پاکستان کے حکمرانوں، اعلی عہدوں پر بیٹھے افسران اور عوام کو بھی چاہئے کہ وہ اپنے گریبانوں میں جھانکیں کہ انہوں نے مملکت خداداد پاکستان کو کیا دیا ہے ہمیں ملک کی ترقی و خوشحالی کیلئے زئی اور خیلی کی سیاست سے نکل کر ایک قوم ہونا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو بلوچستان امن جرگے کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ملاقات کرنے والے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ امریکہ اور اسکے اتحادی اپنے مفادات، معدنیات اور تیل پر کنٹرول حاصل کرنے کیلئے ایک ایک کر کے اسلامی ممالک کو نشانہ بنارہے ہیں اور ایران کے تیل پر قبضے کیلئے امریکہ اور اسرائیل نے ایران پر حملہ کیا لیکن ایران کے عوام اور پاسداران انقلاب نے متحد ہوکر دشمن کو بھرپور جواب دیا ہے جس کی وجہ سے دشمن ملک گھٹنے ٹیکنے اور بھاگنے پر مجبور ہوگئے ہیں جو عوام کے اتحاد واتفاق کی بدولت ممکن ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں زئی اور خیلی کی سیاست سے نکل کر ایک ہوکر ملک کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالی نے پاکستان کو ہر نعمت سے نوازا ہے اگر ہم ملک کے ساتھ مخلص ہوجائیں تو وہ دن دور نہیں کہ پاکستان سے مسائل کا خاتمہ ہوگا اور ملک ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا۔

ایپفال رہنماؤں کی آغا سلطان شاہ کی بیٹی کے انتقال پر تعزیت

سلطان خان، عبدالستار، عبدالحلیم خان، شاہنواز زہری نے تعزیت کی

کوئٹہ (آن لائن) واپڈا پیغام یونین کے چیئرمین آغا سلطان شاہ کی بیٹی کی وفات پر آل پاکستان لیبر فیڈریشن، پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن اور ایگریکلچر ایمپلائز یونین بلوچستان کے عہدیداروں نے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی فیملی سے تعزیت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالی مرحومہ کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر سلطان محمد خان، پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے چیئرمین عبدالستار، خزانچی عبدالستار جونیئر، ایجوکیشن سیکرٹری عبدالحلیم خان، آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صوبائی چیئرمین شاہ علی بگٹی، ایگریکلچر ایمپلائز یونین بلوچستان کے سینئر نائب صدر شاہنواز زہری، عبدالسلام بلوچ نے واپڈا پیغام یونین کے چیئرمین آغا سلطان شاہ سے بیٹی کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ اولاد کا غم ناقابل بیان ہوتا ہے، دکھ کی اس گھڑی میں ہم سوگوار خاندان کے غم میں شریک ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالی آغا سلطان شاہ کی بیٹی کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائیں، ان کے درجات بلند فرمائیں اور تمام لواحقین کو صبر وجمیل عطا کریں۔

کوئٹہ، سرکی روڈ پر سڑک کنارے کچرہ پڑا ہوا ہے

جنگلات کے تحفظ کے لیے بھرپور اقدامات کیے جارہے ہیں، ڈی سی زیارت

زیارت (آن لائن) ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی سے پشتون خواہ نیشنل عوامی پارٹی کے ضلعی سیکرٹری شاہ زمان خان کاکڑ، میر اللہ کاکڑ، گلاب خان، لعل محمد نے ملاقات کی اس موقع پر تحصیلدار نوراحمد بھی موجود تھے وفد نے ڈپٹی کمشنر کو ضلع زیارت کے عوام کے مسائل سے آگاہ کیا اور فاریسٹ کے حوالے سے مسائل سے آگاہ کیا۔ وفد نے ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی کو ویلکم کرتے ہوئے ان کی ضلع زیارت کے عوام کے لیے خدمات کو سراہا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے وفد کو یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ضلع زیارت کے عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے اور جنگلات کے تحفظ کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے جنگلات ہمارا قومی ورثہ ہیں ان کی حفاظت کرنا ہم سب کا اولین فرض ہے اس سلسلے میں عوام میں شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے، ضلع زیارت کے عوام کو تعلیم صحت اور تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا عوام کے مسائل کا حل ہماری اولین فرائض میں شامل ہیں۔

قلات میں این جی آوز کی من مانیاں کسی صورت قبول نہیں ہے، روبینہ عرفان

قلات (این این آئی) سابق ایم این اے سینیٹر بی بی روبینہ عرفان نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ پہلے سرکاری آسامیوں پر نان لوکل افراد کو تعینات کرتے تھے اب قلات میں این جی اوز میں بھی نان لوکل افراد کو تعینات کرنے قلات کے تجربہ کار افراد کی حق تلفی کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کرینگے۔ آغا خان یونیورسٹی کے زیرنگرانی ہیلتھ اینڈ امیونائزیشن کے تیسرے مرحلے کے سروے لوکل اور تجربہ رکھنے والے افراد کی تعیناتی کے بجائے ڈسٹرکٹ سپر وائزر کی آسامی پر ایک نان لوکل کو امپورٹ کرنا نہ صرف حق تلفی ہے بلکہ ڈسٹرکٹ قلات کے نوجوانوں کے ساتھ ایک بھونڈا مذاق ہے۔ جسے کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کیا جائیگا۔ اس حوالے سے وزیر صحت سیکرٹری صحت اور ڈی جی صحت فوری طور پر ایکشن لیں۔ اسکے علاوہ دو سال قبل ڈاکٹر بی بی سوئیلا احمد زئی نے سال دانہ پراجیکٹ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے توسط سے منظور کرایا اس میں بھی اسی شخص کو امپورٹ کی گیا جس کی وجہ سے قلات کے سافٹ امیج پر سوالات اٹھائے گئے۔ اس قسم کے غیر معیاری اور جانبدارانہ تعیناتیوں کے خلاف سخت ردعمل دیا جائیگا۔ اور ڈی ایچ ایم ٹی نان لوکل افراد کو ڈسٹرکٹ میں کام کرنے سے روک لیں۔ میرٹ تمام کوششیں قلات کے پڑھے لکھے نوجوانوں کے لیئے ہے میرٹ کے خلاف اس قسم کے تعیناتیوں کو قبول نہیں کیا جائیگا۔

کوہ سلطان مائننگ کمپنی نے شجرکاری مہم شروع کردی

ماحولیاتی پائیداری، محفوظ کان کنی کے مضبوط عزم کا اظہار کیا

کوئٹہ (این این آئی) کوہ سلطان مائننگ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ (KMCL) نے اپنے پراجیکٹ سائٹ پر شجرکاری مہم کا آغاز کردیا جس کے ذریعے کمپنی نے ماحولیاتی پائیداری، محفوظ کان کنی کے اصولوں اور کمیونٹی کی فلاح و بہبود کے لیے اپنے مضبوط عزم کا اعادہ کیا۔ ''گرین پاکستان'' کے عنوان سے منعقدہ یہ اقدام پاکستان اور چین کے درمیان دیرپا دوستی اور تعاون کی علامت بھی بنا۔ کے ایم سی ایل میں ذمہ دارانہ کان کنی صرف وسائل کے حصول تک محدود نہیں بلکہ یہ ماحولیاتی تحفظ، زمین کی بحالی اور پائیدار ترقی کے اصولوں پر مبنی ہے۔ شجرکاری کی یہ سرگرمی کمپنی کے محفوظ کان کنی کے جامع نقطہ نظر کی عکاسی کرتی ہے، جہاں ماحولیاتی توازن اور مؤثر آپریشن ایک ساتھ چلتے ہیں۔ سائٹ مینجمنٹ میں شجرکاری کو شامل کر کے، کے ایم سی ایل ماحول پر منفی اثرات کو کم کرنے اور کان کنی کے اردگرد قدرتی نظام کو بحال کرنے میں فعال کردار ادا کر رہی ہے۔ درخت لگانا صرف ایک علامتی عمل نہیں بلکہ یہ سائنسی بنیادوں پر مبنی ایک طویل مدتی ماحولیاتی سرمایہ کاری ہے۔ اس سرگرمی کی باقاعدہ منصوبہ بندی کی گئی، جس میں مقامی اور موسمی حالات کے مطابق مضبوط پودوں کے انتخاب پر خصوصی توجہ دی گئی۔ کے ایم سی ایل کی ماحولیاتی ٹیم نے زمین کی تیاری، درست طریقہ شجرکاری اور بعد از نگہداشت کے اقدامات کو یقینی بنایا تاکہ پودوں کی بقا اور نشوونما بہتر ہو سکے۔ یہ کمپنی کے پائیدار زمین کے استعمال اور حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کے عزم کو ظاہر کرتا ہے۔ اس تقریب میں پاکستانی اور چینی عملے نے بھرپور جوش و خروش سے شرکت کی، جو ماحولیاتی ذمہ داری کے مشترکہ وژن اور باہمی تعلقات کو مضبوط بنانے کی عکاسی ہیں

سیاسی طاقت ہی نئے اضلاع کی ضامن ہے، رحیم کاکڑ

اسفندیار کاکڑ کا برشور اور توبہ کاکڑ کو ضلع بنانا قابل تحسین اقدام

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماں سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سردار حسن جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میروائس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ اور سردار بہلول خان کاکڑ نے ضلع کاریزات کے حوالے سے اہم بیان جاری کیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ نئے اضلاع کا قیام صرف سیاسی طاقت اور مخلصانہ جدوجہد سے ہی ممکن ہے، جس کی مثال عوامی نیشنل پارٹی کی کوششوں سے بننے والا پشین ڈویژن ہے۔ رہنماں نے سابق ایم پی اے واحد صدیقی پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ پندرہ سال تک وزیر اور رکن اسمبلی رہنے کے باوجود حلقے کو دھوکہ دیتے رہے اور صرف ایک یونین کونسل تک محدود رہ کر کرپشن اور عوامی دل آزاری میں مصروف رہے۔ انہوں نے واحد صدیقی اور ان کے ٹولے کو ضلع کاریزات کے نہ بننے اور علاقے کی بربادی کا اصل ذمہ دار قرار دیا۔ تحریک انصاف کے وفد نے اسفندیار کاکڑ کی جانب سے برشور اور توبہ کاکڑ کو نیا ضلع بنانے کے اقدام کو سراہتے ہوئے اسے حقیقی عوامی نمائندگی کی عکاسی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ پی ٹی آئی اور پیپلز پارٹی کے نظریات "آگ اور پانی" کی طرح مختلف ہیں، لیکن جہاں عوامی مفاد کی بات ہوگی وہاں مثبت کام کی بھرپور تائید کی جائے گی۔ بیان میں تحصیل ناناصاحب، کاریزات اور بوستان کے شعور یافتہ طبقے کو مشورہ دیا گیا کہ وہ سیاسی قیموں کے غلط بیانات پر کان دھرنے کے بجائے سیاسی قوت کو مجتمع کریں، کیونکہ حقوق صرف سیاسی طاقت سے ہی حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

120 میڈیکل آفیسرز مطلوبہ کاغذات 3 دن میں جمع کروائیں، محکمہ صحت

پروموشن کیلیے ایکویلائزیشن دستاویزات جمع نہ کرانے پر محکمانہ کاروائی کی جائے گی

متعلقہ ڈاکٹرز کو ہدایت کی گی ہے وہ سیکشن آفیسر-IV، محکمہ صحت سے رابطہ کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) محکمہ صحت کی جانب سے 120 میڈیکل آفیسرز (B-17) کی بطور سینئر میڈیکل آفیسرز (B-18) پروموشن ایکویلائزیشن مطلوبہ دستاویزات جمع نہ کروانے کی وجہ سے روک دی گئی ہے متعلقہ ڈاکٹرز کے خلاف محکمانہ کارروائی بھی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔ تمام متعلقہ ڈاکٹرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ سیکشن آفیسر-IV محکمہ صحت سے رابطہ کریں اور اپنے مطلوبہ کاغذات 3 دن کے اندر لازمی طور پر جمع کروائیں تاکہ ان کی ایکویلائزیشن مکمل کی جا سکے۔ مقررہ وقت میں عملدرآمد نہ کرنے کی صورت میں مزید کارروائی کی جاسکتی ہے۔

اکادمی ادبیات کوئٹہ کے زیراہتمام یوم پاکستان اور عیدملن پارٹی کا انعقاد

کلچر ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے نوری نصیر خان کلچر کمپلیکس میں مشاعرہ منعقد کیا گیا

وی سی گوادر یونیورسٹی ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، ڈاکٹر اعظم بنگلزئی، افضل مراد سمیت دیگر شعرانے کلام پیش کیا

کوئٹہ (پ ر) عیدالفطر کے تیسرے روز اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ کے اعزازی ناظم پروگرام ڈاکٹر عبدالقیوم بیدار نے ادباء و شعراء کے اعزاز میں عیدملن پارٹی کا اہتمام کیا۔ چونکہ عید کے تیسرے روز 23 مارچ تھا اس لیے یوم پاکستان کی اس تقریب کو سادگی سے منایا گیا۔ اس موقع پر ادباء و شعراء کی خاصی تعداد نے شرکت کی 23 مارچ 2026 یوم پاکستان کی تقریبات اس مرتبہ خطے کی صورتحال کی وجہ سے سادگی سے منائی گئیں۔ اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ اور کلچرڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے ایک تقریب اور محفل مشاعرہ نوری نصیر خان کلچر کمپلیکس میں منعقد ہونی تھی مگر حکومت پاکستان کی جانب سے خطے کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے 23 مارچ کی تمام تقریبات ملتوی کردی گئیں۔ اس تقریب میں گوادر یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر عبد الرزاق صابر، ڈاکٹر اعظم بنگلزئی، براہوی سوسائٹی کے چیئرمین جناب افضل مراد، جنرل سیکرٹری حسن بیگ ناصر، نامور محقق جناب افضل مینگل، جناب نور خان محمد حسنی، پروفیسر انور زیب، عجب خان سائل، مطلب مینگل، عزیز حاکم، حافظ اورنگزیب، نوید رزاق، جمیل ساگر، میر سجاد سارنگ اور دیگر شامل تھے

کوئٹہ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود اچکزئی سے عصمت اللہ اچکزئی و دیگر کا گروپ فوٹو

امان اللہ کنرانی کی ملک نعیم بازئی سے انکے والد کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (آئی این پی) سپریم کورٹ بار ایسوسیشن کے سابق صدر سینٹر (ر) امان اللہ کنرانی صوبائی اسمبلی کے رکن ملک نعیم بازئی سے انکے والد کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کررہے ہیں اس موقع پر انہوں نے مرحوم کی مغفرت و درجات کی بلندی اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرنے کی دعا کی ہے

عبدالحمید کاکڑ مہترزئی انتقال کرگئے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) عبدالحمید کاکڑ مہترزئی انتقال کرگئے وہ عجب خان کاکڑ محمد اکبر مرحوم اور پاکستان تحریک انصاف ضلع کوئٹہ کے سابق ترجمان سماجی کارکن زوہیب خان کاکڑ کے والد تھے نماز جنازہ کلی عمر خان قبرستان میں ادا کردیا گیا فاتحہ خوانی ایرپورٹ روڈ کلی عمرخان میں جاری ہے

نیو پروگریسو فارمرنیٹ ورک کا قیام اہم اور خوش آئند ہے، ڈاکٹر طارق بدوزئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) معروف سماجی رہنما ڈاکٹر طارق بدوزئی نے کہا ہے کہ تحصیل دشت، ضلع مستونگ میں خوبانی اور انگور کے کاشتکاروں پر مشتمل نیو پروگریسو فارمرنیٹ ورک کا قیام زرعی ترقی کی جانب ایک اہم اور خوش آئند پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ FAO کا منصوبہ یورپی یونین کی مالی معاونت سے RBWRP منصوبے کے تحت اس نیٹ ورک کی رجسٹریشن ان کے تعاون سے کامیابی کے ساتھ مکمل کی گئی، جس کا مقصد کاشتکاروں کے درمیان باہمی روابط کو فروغ دینا، جدید زرعی معلومات کا تبادلہ ممکن بنانا اور زرعی طریقہ کار میں بہتری لانا ہے۔ اس موقع پر FAO ٹیم کے اراکین ڈاکٹر محمد نعیم اور عبدالحلیم کی جانب سے ایک مختصر مگر جامع آگاہی سیشن بھی منعقد کیا گیا، جس میں کاشتکاروں کو نیٹ ورک کے اغراض و مقاصد سے تفصیل سے آگاہ کیا گیا۔ آگاہی سیشن کے دوران بتایا گیا کہ یہ نیٹ ورک کاشتکاروں کے درمیان رابطوں کو مضبوط بنانے، جدید زرعی طریقوں کو فروغ دینے اور معلومات کے مؤثر تبادلے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ فسیلیٹیٹرز نے نیٹ ورک میں شمولیت کے فوائد پر بھی روشنی ڈالی، جن میں تکنیکی رہنمائی تک آسان رسائی، منڈیوں سے متعلق بروقت معلومات اور صلاحیت سازی کے مواقع شامل ہیں۔ ڈاکٹر طارق بدوزئی نے مزید کہا کہ اس نیٹ ورک کے قیام سے نہ صرف علاقے میں زرعی پیداوار میں اضافہ ہوگا بلکہ پائیدار زرعی ترقی کو بھی فروغ ملے گا، جو مقامی کاشتکاروں کی معاشی خوشحالی کا باعث بنے گا انہوں نے FAO ٹیم اور متعلقہ اداروں کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ مستقبل میں بھی کاشتکاروں کی فلاح وبہبود اور زرعی ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

مغربی ایشیا کشیدہ صورتحال پاکستان کیلئے معاشی خطرے کی گھنٹی، سید امان شاہ

کوئٹہ/کراچی (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنوینر سید امان شاہ نے مغربی ایشیا اور مشرق وسطی میں جاری کشیدہ صورتحال اور فوجی تنازع پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر یہ بحران مزید طول پکڑتا ہے اور آبنائے ہرمز میں رکاوٹ برقرار رہتی ہے تو پاکستان کو ادائیگیوں کے توازن کے سنگین بحران کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت پہلے ہی دباؤ کا شکار ہے، ایسے میں توانائی کی ترسیل میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ نہایت خطرناک ثابت ہوسکتی ہے۔ ان کے مطابق پاکستان کی تقریبا 80 فیصد خام تیل کی درآمدات اور 25 فیصد ایل این جی آبنائے ہرمز کے ذریعے آتی ہیں، لہذا اس اہم بحری گزرگاہ میں خلل براہ راست زرمبادلہ کے ذخائر، صنعتی پیداوار اور مہنگائی کی شرح پر منفی اثر ڈالے گا۔ سید امان شاہ نے کہا کہ خلیجی خطے میں بڑھتی ہوئی جغرافیائی کشیدگی کے اثرات عالمی سطح پر بھی ظاہر ہونا شروع ہو چکے ہیں

ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل حل کرنے کیلیے مصروف عمل ہے، اے ڈی سی کوئٹہ

شہریوں نے پانی، بجلی، صفائی ستھرائی، ریونیو، زمینوں کے ریکارڈ متعلق شکایات پیش کیں

محمد انور کاکڑ نے شہریوں سے براہ راست ملاقات کی اور ان کے مسائل کے حل کی ہدایات جاری کی

کوئٹہ (آن لائن) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے عوامی مسائل کے فوری حل اور شہریوں کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے ڈپٹی کمشنر آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ نے شہریوں سے براہ راست ملاقات کی اور ان کے مسائل تفصیل سے سنے۔ اس موقع پر مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے افسران بھی موجود تھے تاکہ موقع پر ہی شکایات کا اندراج اور ان کے حل کے لیے فوری اقدامات کیے جا سکیں۔ شہریوں نے پانی، بجلی، صفائی ستھرائی، ریونیو، زمینوں کے ریکارڈ، اور دیگر بلدیاتی مسائل کے حوالے سے اپنی شکایات پیش کیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ نے متعلقہ افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اور ہر شکایت پر بروقت اور مؤثر کارروائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ تمام سرکاری محکمے عوامی خدمت کو اپنی اولین ترجیح بنائیں اور سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنا اور ان کے مسائل کو براہ راست سن کر فوری حل نکالنا ہے۔ اس سلسلے کو باقاعدگی سے جاری رکھا جائے گا تاکہ شہریوں کا ضلعی انتظامیہ پر اعتماد مزید مضبوط ہو۔

وفاقی محتسب نے بجلی بل پر 19 ہزار 9 سو روپے کا ریلیف فراہم کرادیا

بل موصول ہونے پر درستگی کے لیے کیسکو آفس کے بے شمار چکر لگائے، محمد طاہر

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار محمد طاہر کو بجلی کے بل پر 19999 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا۔ درخواست گزار نے بتایا کہ انہیں کیسکو کی جانب سے غیر منصفانہ بل موصول ہوا۔ جس کی درستگی کے لیے وہ متعدد بار کیسکو آفس کے چکر کاٹے لیکن کوئی شنوائی نہ ہو سکی۔ لہذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رجوع کیا۔ اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے بجلی بل کی درستگی جلد کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے بجلی بل کی درستگی کر دی جس سے درخواست گزار کو 19999 روپے کا ریلیف فراہم ہوا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

گورنر جعفر خان مندوخیل سے ڈاکٹر گل حسن ملاقات کررہے ہیں

تمپ میں پارٹی رہنماء کے گھر پر مبینہ حملے کی مذمت کرتے ہیں، حیات اچکزائی

چیئرمین ایم سی کی جانب سے سیاسی کارکن کے گھر پر چڑھائی انتہائی افسوسناک ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنماء حیات خان اچکزئی نے تمپ میں پارٹی رہنماء کے گھر پر ہونے والے مبینہ حملے پر گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے ایک سنگین، قابل مذمت اور ناقابل قبول اقدام قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ چیئرمین ایم سی تمپ محمد امین کی جانب سے ایک سیاسی کارکن کے گھر پر چڑھائی نہ صرف افسوسناک ہے بلکہ یہ قانون، آئین اور معاشرتی اقدار کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بااختیار عہدے پر فائز شخص کا اس طرح چادر اور چاردیواری کے تقدس کو پامال کرنا، خواتین اور معصوم بچوں کو خوفزدہ کرنا اور اختیارات کا ناجائز استعمال کرنا انتہائی شرمناک عمل ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ حیات خان اچکزائی نے کہا کہ نبیل محمود پاکستان پیپلز پارٹی کے ایک مخلص، نظریاتی اور متحرک کارکن ہیں، اور پارٹی قیادت اپنے کارکنوں کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ذاتی عناد اور سیاسی انتقام کی بنیاد پر اس نوعیت کے اقدامات جمہوری روایات اور سیاسی اخلاقیات کے برسر منافی ہیں۔ انہوں نے حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے پرزور مطالبہ کیا کہ واقعے کا فوری نوٹس لیا

وی بی ایم پی کا احتجاجی کیمپ 6114 ویں روز بھی جاری رہا

لاپتہ افراد کے لواحقین کا جبری گمشدگیوں کے خاتمے اور بازیابی کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں جبری گمشدگیوں کے خلاف وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز (وی بی ایم پی) کا احتجاجی کیمپ آج بروز بدھ 6114 ویں روز بھی کوئٹہ پریس کلب کے سامنے تنظیم کے چیئرمین نصراللہ بلوچ کی قیادت میں جاری ہے۔ مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے کیمپ کا دورہ کر کے لاپتہ افراد کے لواحقین سے اظہار یکجہتی کیا اور جبری گمشدگیوں کے فوری خاتمے اور لاپتہ افراد کی بازیابی کا مطالبہ کیا۔ وی بی ایم پی کے چیئرمین نصراللہ بلوچ نے کہا کہ جبری گمشدگیاں انسانی حقوق اور ملکی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہیں اور یہ ایک بڑا انسانی المیہ بن چکا ہے۔ ہزاروں خاندان اپنے پیاروں کی جدائی کے کرب میں زندگی گزار رہے ہیں۔ انہوں نے حکومت اور ملکی اداروں کے سربراہوں سے مطالبہ کیا کہ وہ سنجیدگی کا مظاہرہ کریں، جبری گمشدگیوں کا خاتمہ کریں، لاپتہ افراد کو بازیاب کرائیں اور اس مسئلے کو انسانی ہمدردی اور آئینی تقاضوں کے مطابق حل کریں۔

کوئٹہ، مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے صدر سید عبدالقیوم آغا کی جانب سے ترجمان کاشف حیدری کے اعزاز میں دی گئی عیدملن پارٹی میں عزت اللہ کاکڑ و دیگر شریک ہیں

جمعیت نظریاتی کے مرکزی سیکرٹری عبدالستار شاہ چشتی، و دیگر منزل کی پشین میں ماسٹر محمد اقبال کی بھائی ماسٹر محمد اعظم کی اہلیہ کی وفات پر تعزیت کررہے ہیں

سیکرٹری لائیو اسٹاک داؤد خان بازئی، امان اللہ کنرانی، ملک فیصل کاکڑ و دیگر ملک نعیم خان بازئی کے والد اور ملک اجمل بازئی کے دادا کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

HQ 12 CORPS-OPS B

CORRECTION IN NAME

My complete name is **Adil Hussain Bhutta s/ o Muhammad Munir,** which is written correctly in my national identity card, while in my employment papers it is written only **Adil Hussain.** Therefore, it should be corrected.

2. Fwd for favorable action, pl.

EXTENSION IN DATE

Reference Tender earlier TSE-25260296917l and advertised vide PRQ NO. 4080/09-3-2026, dated 09-03-2026 published in leading daily Newspapers, the date of technical bid submission is hereby extended from 25 th March 2026 to 09 th April 2026 till 12:00 PM through supplier dashboard and tenders will be opened on same day at 01:00 PM on EPPS System, other term and conditions will remain the same as in previous advertisements. Notice Inviting Tender and bidding documents are available on www.bppra.gob.pk vide above mention TSE Number.

PRQ No.4314/25-03-2026

Director General
Agriculture Research Balochistan
ARI, Sariab-Quetta

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تصحیح

محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ نے دفتر چیف انجینئر (نارتھ) کے آسامیوں کے لیے جو اشتہار PRQ No.4126/11-03-2026 مقامی اخبارات میں دیا گیا تھا۔ جسمیں خالی آسامی برکنداز شائع ہوئی جبکہ آسامی ڈاک رنر کی خالی ہے۔ لہذا اس کی تصحیح کی جاتی ہے۔ اور اس آسامی حذا کو ڈاک رنر لکھا اور پڑھا جائے۔

چیف انجینئر (نارتھ)
پی ایچ ای ڈیپارٹمنٹ کوئٹہ

PRQ No 4322/25-03-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CANCELLATION

In continuation of this office Notice inviting Tender which were published in Daily News Paper vide PRQ No. 3792/16-02-2026. Dated:17-02-2026 of Issue and opening date was fixed on 03-03-2026. In the same N.I.T the following works are hereby cancelled due to unavoidable circumstance (TSE No. given below) of each work.
TSE Nos. 1. TSE-252602974013, 2. TSE-252602974043,

PRQ No.4310/25-03-2026

Executive Engineer
Public Health Engineering
Division Kohlu

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

تسپ (پنجگور) میں نادرا آفس کا افتتاح، سیاسی رہنماؤں کی شہریوں کو مبارکباد

رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ نے فتہ کاٹ کر نادرا آفس تسپ کا افتتاح کردیا، پارٹی رہنماء و کارکن شریک

شاہراہیں تعمیر کرکے انٹرنیٹ کی سہولت جلد بحال کرائیں گے، رحمت صالح بلوچ، حاجی عطاء اللہ ودیگر

پنجگور (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ نے رکن صوبائی اسمبلی رحمت صالح بلوچ حاجی اسلام بلوچ حاجی صالح محمد بلوچ محمد ایوب بلوچ جمعیت علماء اسلام کے صوبائی رہنما حاجی عطاء اللہ بلوچ میر نظام بلوچ چیئرمین میونسپل کمیٹی میر عبدالرحمن بلوچ ودیگر معتبرین علاقائی نمائندوں سول سوسائٹی سماجی تنظیموں کے ہمراہ پنجگور تسپ میں نئے نادرا آفس کا افتتاح کردیا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن نادرا محمد عارف بلوچ ڈاکٹر منظور احمد سرجن ڈاکٹر فدا احمد بلوچ سمیت پارٹی کارکنوں سیاسی رہنماؤں کی بڑی تعداد موجود تھے نیشنل پارٹی کے رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ نے فتہ کاٹ کر نادرا آفس تسپ کا افتتاح کردیا اس دوران شہریوں کی کثیر تعداد موجود تھے افتتاحی تقریب کے دوران نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ نے کہا کہ نادرا آفس تسپ کی قیام کا مقصد تسپ اور دوردراز علاقوں سے تعلق رکھنے والوں کو اکے گھر کے نزدیک سہولت میسر ہوں نادرا آفس تسپ سے نہ صرف تسپ کے عوام بلکہ خدابادان گرمکان وشبود سمیت کوچہ جات پنچھی کلگ گر کروگ کے عوام کو بھی نادرا آفس تسپ سے بغیر کسی تکلیف اور مشکلات کے سہولت میسر آئے گی یہ باعث خوشی اور مسرت کا مقام ہے عوام کی دیرینہ مطالبات مسلسل کوششوں کے بعد قیام عمل میں آیا ہے انہوں نے کہا کہ پنجگور کے عوام کیلئے انتہائی خوشی اور مسرت کا مقام ہے کہ انتھک محنت اور جدوجہد سے پنجگور سرحدی علاقہ چیدگی روڈ کی منظوری ہوکر باقاعدہ کام کا آغاز شروع ہوگیا ہے اسکے علاوہ موبائیل ڈیٹا کی بندش سے مشکلات کا شکار عوام کی پریشانی کو دور کرنے کیلئے پنجگور پی ٹی سی ایل نظام کو فائبر سسٹم سے منسلک کردیا جوانشاءاللہ ہر گھر کوبہترین سہولت میسر آئے گی جس سے طلبا کاروباری حضرات دیگر شعبہ مستفید ہونگے یہ کوئی آسان کام نہیں بلکہ ہم نے مسلسل دوسال سے پنجگور کے سڑکوں کی بحالی نادرا برانچز کا اضافہ اورنیٹ سروس کی بحالی کیلئے آواز اٹھا کر کوئی دفتر نہیں چھوڑا ہے نادرا آفس تسپ کے علاوہ پروم میں نادرا آفس کی منظوری حاصل کی پروم میں بجلی اور سڑک کی جلد عوام کو خوشخبری ملے گی انہوں نے کہا کہ ہمارا کام عوام کو سہولت فراہم کرکے عوام کی اجتماعی کاموں کو فوقیت حاصل ہوں ہمیں عوام کی مسائل کا بھرپور ادراک ہے آخری دم تک عوام کی خدمت کرتے رہے گے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی اسمبلی میں پارٹی کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر رحمت صالح بلوچ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میونسپل کمیٹی تسپ کلگر گورکاوادان کو وسیر کے عوام کو نادرا آفس کی قیام پر مبارک دی انہوں نے کہا کہ نادرا آفس تسپ عوام کی دیرینہ مطالبات رہا ہے، وقت حالات کا تقاضا ہے بلوچستان کے مسئلے کو سنجیدگی سے لے بدامنی کشت خون کا خاتمہ کیا جائے بلوچستان میں اسوقت نہ عوام اور نہ ہی سیاسی جماعتوں کی رائے کا احترام ہے نیشنل پارٹی آزاد عدلیہ ازاد خود مختار پارلیمنٹ آزاد میڈیا چاہتی ہے موجودہ حکومت اس غیر یقینی کیفیت سے نکل کر بلوچستان کے حقیقی قوتوں کو اعتماد میں لیکر آگے چلیں۔

گورنر جعفر خان مندوخیل سے وائس چانسلر بولان یونیورسٹی ڈاکٹر شبیر لہڑی ملاقات کررہے ہیں

بولان میڈیکل کالج میں بھرتیوں کی تحقیقات کی جائے، منظور شاہ

میرٹ، قانون اور سرکاری قواعد کو کھلم کھلا پامال کیا گیا ہے، محمد حیات لہڑی

تمام بھرتیوں کی فہرست عوام کے سامنے لائی جائے، اورنگزیب و دیگر رہنماء

کوئٹہ (پ ر) بولان میڈیکل کالج ورکرز ایسوی ایشن کا ایک ہنگامی اجلاس ہوا جس میں صدر منظور احمد شاہ سینئر نائب صدر اورنگزیب نائب صدر احمد جان ہنکوئی جنرل سیکرٹری محمد حیات لہڑی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نظام ہنکوئی سمی ظاہر وشمار عبدالرشید اور اسلم ہنکوئی شاہ بخشی چیئرمین ملک محمد حسین ہنکوئی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ پرنسپل بی ایم سی اور ال پاکستان کلرک ایسوی سیشن بی ایم سی یونٹ کے صدر ایڈمن افسر کی سرپرستی میں حالیہ غیر قانونی بھرتیوں کی شدید مذمت کی جاتی ہے۔ بولان میڈیکل کالج کوئٹہ میں مبینہ بھرتیوں کے ذریعے میرٹ، قانون اور سرکاری قواعد کو کھلم کھلا پامال کیا گیا ہے۔ اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے ذاتی مفادات اور من پسند لوگوں میں پوسٹوں کو تقسیم کرنا جو نہ صرف ہزاروں بے روزگار نوجوانوں کے ساتھ سنگین ناانصافی ہے بلکہ ادارے کے وقار پر بھی بدنما داغ ہے۔ ہم واضح طور پر مطالبہ کرتے ہیں کہ ان بھرتیوں کی فوری اور شفاف تحقیقات کی جائیں، تمام بھرتیوں کی فہرست عوام کے سامنے لائی جائے، اور ذمہ دار افراد کو فوری طور پر عہدوں سے ہٹا کر سخت قانونی کارروائی کی جائے۔ بصورت دیگر ملازمین اور بلوچستان کے نوجوان اس ناانصافی کے خلاف بھرپور احتجاج کریں گے اور اس کرپشن کو ہر سطح پر بے نقاب کیا جائے گا۔

جعفرآباد میں نہر میں ڈوب کر 15 سالہ لڑکا لاپتہ

کوئٹہ (این این آئی) ضلع جعفرآباد میں 15 سالہ لڑکا نہر میں گر کر لاپتہ ہوگیا ضلعی انتظامیہ کے مطابق واقعہ گزشتہ روز خانپور کے علاقے ہیرو دین ڈرین میں ایک لڑکا اچانک نہر میں گر گیا۔ اطلاع ملتے ہی ضلعی انتظامیہ اور مقامی افراد نے فوری طور پر تلاش کا عمل شروع کیا تاہم مسلسل کوششوں کے باوجود بچے کا سراغ نہیں مل سکا۔ پی ڈی ایم اے حکام کے مطابق بعد ازاں ریسکیو ٹیموں کو فائبر بوٹ، آؤٹ بورڈ موٹر، ایمبولینس اور دیگر ضروری آلات سے لیس کرکے جعفرآباد روانہ کردیا گیا ہے۔

ورچوئل یونیورسٹی نے بہار 2026 کے داخلوں کیلئے شیڈول جاری کردیا

پروگرامز کمپیوٹر سائنس، انفارمیشن ٹیکنالوجی، بزنس ایڈمنسٹریشن، مینجمنٹ سائنسز، سائیکالوجی ودیگر شعبوں پر مشتمل ہے

دو سالہ ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز، چار سالہ بیچلرز ڈگری پروگرامز اور مختلف ڈپلومہ پروگرامز کیلئے تاریخ کا اعلان

اسلام آباد/لاہور/کراچی/کوئٹہ/پشاور (پ ر) ورچوئل یونیورسٹی آف پاکستان نے بہار 2026 سیشن کے داخلوں کے لیے 27 مارچ 2026 کو آخری تاریخ مقرر کرنے کا باقاعدہ اعلان کردیا ہے۔ ساتھ ہی طلبہ وطالبات کو تاکید کی ہے کہ وہ مقررہ تاریخ سے قبل اپنے درخواست فارم جمع کروا کر داخلے کے عمل کو مکمل کریں تاکہ کسی بھی قسم کی پریشانی سے بچا جاسکے۔ ورچوئل یونیورسٹی پاکستان کی پہلی وفاقی چارٹر یافتہ جامعہ ہے جو جدید اطلاعاتی و مواصلاتی ٹیکنالوجی کی بنیاد پر قائم کی گئی ہے۔ یہ جامعہ ملک بھر میں معیاری، لچکدار اور قابل استطاعت اعلیٰ تعلیم کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کررہی ہے۔ جامعہ اس وقت سو سے زائد تعلیمی پروگرامز پیش کررہی ہے جن میں دو سالہ ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز، چار سالہ بیچلرز ڈگری پروگرامز اور مختلف ڈپلومہ پروگرامز شامل ہیں۔ یہ پروگرامز کمپیوٹر سائنس، انفارمیشن ٹیکنالوجی، بزنس ایڈمنسٹریشن، مینجمنٹ سائنسز، ایجوکیشن، سائیکالوجی، ماس کمیونیکیشن اور اکنامکس جیسے اہم شعبوں پر مشتمل ہیں، جو تعلیمی وصنعتی ضروریات کے مطابق ترتیب دیے گئے ہیں۔ جامعہ کی سب سے اہم خصوصیت اس کا مکمل آن لائن داخلہ اور تدریسی نظام ہے، جس کے تحت طلبہ بغیر کسی کیمپس میں حاضری کے اپنی درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں، تعلیم حاصل کرسکتے ہیں اور اپنے تمام تعلیمی امور ڈیجیٹل طور پر انجام دے سکتے ہیں۔ امتحانات وطلبہ کی سہولیات کے لیے جامعہ ملک بھر کے 137 شہروں میں 210 سے زائد کیمپسز کے وسیع نیٹ ورک کے ذریعے خدمات فراہم کررہی ہے۔ 2002 میں قیام کے بعد سے ورچوئل یونیورسٹی نے نمایاں تعلیمی ترقی اور مثبت اثرات مرتب کیے ہیں۔ اس وقت 143,000 سے زائد طلبہ زیر تعلیم ہیں جبکہ 174,000 سے زائد فارغ التحصیل اپنے متعلقہ شعبوں میں کام کررہے ہیں۔ قیام جامعہ سے اب تک 674,000 سے زائد طلبہ نے داخلہ لیا ہے، جو جامعہ کے وسعت اثر اور اعتبار کا واضح ثبوت ہے۔ جامعہ کے جدید لرننگ مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے طلبہ کو ریکارڈ شدہ لیکچرز، اسائنمنٹس، کوئزز اور دیگر تعلیمی مواد تک باآسانی رسائی حاصل ہوتی ہے، جس کی بدولت وہ کسی بھی وقت اور کہیں سے بھی مطالعہ جاری رکھ سکتے ہیں۔ یہی لچکدار نظام ورچوئل یونیورسٹی کو ملازمت پیشہ افراد اور دور دراز علاقوں میں مقیم طلبہ کے لیے مثالی انتخاب بناتا ہے۔ تعلیم تک رسائی کو مزید فروغ دینے کے لیے ورچوئل یونیورسٹی ہر سال کروڑوں روپے مالیت کے وظائف فراہم کرتی ہے، جن میں میرٹ اور ضرورت کی بنیاد پر مالی معاونت پروگرامز شامل ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد باصلاحیت اور مستحق طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے حصول میں مالی رکاوٹوں سے محفوظ کرنا ہے۔ خواہشمند امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ پروگرامز، اہلیت کے معیار اور وظائف سے متعلق تفصیلی معلومات کے لیے جامعہ کی سرکاری ویب سائٹ ملاحظہ کریں اور اسپرنگ 2026 سیشن میں اپنے تعلیمی مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے 27 مارچ 2026 سے قبل درخواستیں جمع کرائیں۔

قتل اور اقدام قتل کے مقدمہ میں 5 مجرمان کو سزائیں

شیر گل کو قتل کے جرم میں سزائے موت اور 10 لاکھ روپے جرمانہ

راولپنڈی (زاہد احمد خان) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ، ڈکیتی معہ قتل اور اقدام قتل کے مقدمہ میں معزز عدالت نے 5 مجرمان کو سزائیں سنا دیں، مجرمان کو مجموعی طور پر سزائے موت، عمر قید، 100 سال قید، 1 کروڑ 80 لاکھ روپے جرمانے اور 50 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے مجرم شیرگل کو قتل کے جرم میں سزائے موت اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی، ڈکیتی کے جرم میں عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، زیر دفعہ 460 ت پ میں عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، زیر دفعہ 397 ت پ میں 10 سال قید اور 05 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، اقدام قتل کے جرم میں 10 سال قید اور 05 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم ایوب خان کو قتل کے جرم میں سزائے موت اور 10 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی گئی، ڈکیتی کے جرم میں عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، ڈکیتی کے جرم میں عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، زیر دفعہ 412 ت پ میں عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، زیر دفعہ 397 ت پ میں 10 سال قید اور 05 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سرفراز کو قتل کے جرم میں سزائے موت اور 10 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی گئی، ڈکیتی کے جرم میں عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، زیر دفعہ 460 ت پ میں عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، زیر دفعہ 412 ت پ میں عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، زیر دفعہ 397 ت پ میں 10 سال قید اور 05 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، اقدام قتل کے جرم میں 10 سال قید اور 05 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔

اسلام آباد: بلوچستان سے سیاسی رہنما ملاقات کررہے ہیں

ندیم رند کی سردار محمد صالح بھوتانی سے ملاقات، عید کی مبارکباد پیش کی

بیلا (یو این اے) ضلع حب کی معروف وممتاز شخصیت ندیم رند نے بھوتانی ہاؤس حب کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے سابق صوبائی وزیر اور بلوچستان عوامی پارٹی (بی اے پی) کے صوبائی صدر سردار محمد صالح بھوتانی سے خصوصی ملاقات کی۔ ملاقات کا بنیادی مقصد عید الفطر کی مبارکباد پیش کرنا تھا۔

پاکستانی فوج جغرافیائی سرحدوں کی محافظ ہے، احسان کاکڑ

فیلڈ مارشل اور وزیراعظم کی سفارتی کوششیں لائق تحسین ہیں، بیان

نیو پروگریسو فارمر منیب ورک زرعی ترقی کیلئے ہے، ڈاکٹر طارق

محمد وصال فخر سلطان کو آئی جی پاکستان ریلویز تعینات کردیا گیا

موٹر وے میں تعینات تھے، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے نوٹیفکیشن جاری کردیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) محمد وصال فخر سلطان پولیس سروس آف پاکستان گریڈ 21 کے افسر ہیں ... ان کی تقرری سول سروس ایکٹ ... اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے اس سلسلے میں نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔

کوئٹہ: صوبائی دارالحکومت کا خوبصورت منظر

پنجگور میں منافع خوری نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں منافع خوری نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا ہے تفصیلات کے مطابق ایران اسرائیل امریکہ جنگ نے جہاں پورے خطے کو متاثر کیا ہے ...

عوام پاکستان پارٹی انٹرا پارٹی الیکشن میں جمہوری عمل تیز ہوگیا

بلوچستان سے 14 امیدوار، 26 سے 28 مارچ تک مرکزی کونسلران کا انتخاب ہوگا

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی اعلامیہ کے مطابق پارٹی کے انٹرا پارٹی الیکشن کے سلسلے میں مرکزی کونسل کیلئے ... بلوچ، قیوم بلوچ، زین عباسی، عمران بادینی، باری حسن مینگل شامل ہیں۔ پارٹی ذرائع کے مطابق انٹرا پارٹی انتخابات کو شفاف، منصفانہ اور جمہوری ...

کوئٹہ: سیٹلائٹ ٹاؤن کی سڑک گزشتہ کئی سالوں سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے

سکولوں کی بندش موت کا پروانہ ثابت ہو رہا ہے، نجی سکولز الائنس

صوبے کے 95 فیصد نجی سکول کرائے کی عمارتوں میں قائم ہیں، بیان

50 ہزار اساتذہ اور غیر تدریسی عملہ فاقہ کشی پر مجبور ہو چکا ہے، بیان

صارفین کو بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات جاری ہیں، کیسکو

کیسکو کے صارفین گھر بیٹھے اپنے بجلی کے بل کی ادائیگی کسی وقت "راست Raast" اکاؤنٹ کے ذریعے کرسکتے ہیں

صارفین کی سہولت کے پیش نظر آن لائن طریقے سے جمع شدہ بلوں کی ادائیگی کا ریکارڈ بھی محفوظ رہتا ہے، الیکٹرک سپلائی کمپنی

مقامی صنعتوں کے فروغ پروگرام کے تحت 12.673 ارب روپے کے معاہدے

مقامی سطح پر تیار کردہ کنڈکٹرز کے استعمال کے باعث تقریباً 40 فیصد تک کی مؤثر بچت ممکن ہوئی، سردار اویس لغاری

ٹھوس نتائج حکومتی اصلاحات کا عکس، درآمدات پر انحصار کم کرنا اور معیشت کے لیے فوائد فراہم کرنا ہے، وزیر توانائی

11 مقامی کمپنیوں کی استعداد کار میں اضافے کیلئے رجسٹر کیا جس سے ملک کی صنعتی بنیاد مزید مضبوط ہو رہی ہے

رخشی پولیس کی کامیاب کارروائی، چوری شدہ گاڑی برآمد

کوئٹہ: پختونخوا میپ کے رہنما حاجی گلاب خان سلیمان خیل سے عید ملتے ہیں

انسانیت کی خدمت ہی عبادت ہے، میر علی احمد ابا کی

بی اے پی کی قیادت عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ہے

ڈسٹرکٹ بار پنجگور کے صدر علاؤالدین بلوچ ایڈووکیٹ اور دیگر کا اظہار تعزیت

واشک: سابق چیئرمین صادق مینگل جھل ریسٹ ہاؤس کا افتتاحی تقریب کے بعد دعا کررہے ہیں

پاکستان اور مراکش کے درمیان بحری روابط، سرمایہ کاری کے مواقع پر تبادلہ خیال

گوادر پورٹ کو خطے کا ایک اہم تجارتی مرکز بنانے کے لیے بین الاقوامی شراکت داری ناگزیر ہے، بلال کاکڑ

دوطرفہ تجارت میں اضافہ ہوگا، وسط ایشیائی ممالک کیلئے یورپی اور افریقی منڈیوں تک رسائی آسان ہو گی

عوامی خدمت کا سلسلہ جاری ہے، کفایت اللہ آغا

اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے شہر میں سرچ آپریشن

328 افراد، 175 گھرانوں، 43 دکانوں، 210 موٹرسائیکلوں اور 77 گاڑیوں کو چیک کیا گیا

آئی جی اسلام آباد کے احکامات، 34 مشکوک افراد اور 12 موٹرسائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کردیا

QUETTA INSTITUTE OF MEDICAL SCIENCES

TENDER NOTICE

QUETTA INSTITUTE OF MEDICAL SCIENCES REQUIRES SEALED BIDS / QUOTATIONS FOR SUPPLY OF SCIENTIFIC EQUIPMENT FOR DEPARTMENTS OF ANATOMY, PHYSIOLOGY, BIOCHEMISTRY, PHARMACOLOGY, PATHOLOGY AND FORENSIC MEDICINE. TENDER DOCUMENTS, LIST OF REQUIRED ITEMS AND ITS CONDITIONS CAN BE OBTAINED FROM UNDERSIGNED ON PAYMENT OF RS 5000/-(NON-REFUNDABLE) DURING WORKING HOURS. LAST DATE OF BID SUBMISSION IS 30 MARCH 2026. DIR ADMIN QIMS RESERVES THE RIGHT TO ACCEPT OR REJECT ANY BID(S) AS PER PPRA RULES.

DEPUTY DIR ADMIN & PROCUREMENT
QIMS, QUETTA CANTT
PH: 0320-3836831, STAFF: 0346-1210088

CORRIGENDUM

NOTICE INVITING TENDER FOR PURCHASE OF PRINTING MATERIALS

With reference to the TSE No- 252602986911 PRQ No. 3957/27-02-2026 published in Quetta, Independent and Daily Express dated 28 th February, 2026 for purchase of Printing Material. The corrigendum has been issued as per following amendment;-

1. The submission of tender date has been extended due to declaration on public holiday for the event of Eid-Ul-Fiter. Therefore last date of tender submission is 31-03-2026 till 10.00 AM instead of 19-03-2026.

The other all terms and condition of tender remain the same.

PRQ No.4315/25-03-2026

Controller
Printing & Stationery Department, Block No-09, Room No-01, Ground Floor Civil Secretariat, Quetta

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی ڈیرہ مراد جمالی

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ ڈیرہ مراد جمالی

PRQ No.4319/25-03-2026

نوٹس بابت اطلاع عوام الناس

کمشنر قلات ڈویژن

PRQ No.4323/25-03-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو۔ پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 26 مارچ 2026ء

پاکستان کی متوازن سفارت کاری۔ امن کوششوں کے نتیجہ خیز ہونے کی امید!!

مشرق وسطیٰ کی صورتحال اور پاکستان کی متوازن پالیسی و سفارت کاری کے حوالے سے ہم نے گزشتہ روز بھی مشرق کے انہی صفحات اور انہی سطور پر اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے امن کوششوں کے نتیجہ خیز ہونے کی امید ظاہر کی تھی نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ عالمی تاریخ کے اس نازک مرحلے پر پاکستان نے آگے بڑھتے ہوئے فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانے کی کوششیں جاری رکھی ہیں جو مستحسن اور قابل ستائش ہیں یقیناً مشرق وسطیٰ کے حالیہ بحران میں پاکستان کی بڑھتی ہوئی سفارتی مصروفیت پاکستان پر بڑھتے ہوئے عالمی اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز سعودی ولی عہد سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور علاقائی امن کے لئے جاری کوششوں کے حوالے سے آگاہی دی دیکھا جائے تو اس وقت نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ پورا عالمی منظرنامہ واہمات وخدشات کے بادلوں سے اٹا پڑا ہے ایران پر امریکی اور اسرائیلی حملوں کے بعد پیدا ہونے والی جنگی فضا نے نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا کو اپنی گرفت میں لے لیا ہے۔ ایران کی جانب سے جوابی کارروائیوں نے اس تنازع کو مزید وسعت دی، جس کے نتیجے میں پورے خطے میں جنگ کے بادل گہرے ہوگئے۔ اس صورتحال نے عالمی امن، معیشت اور توانائی کی فراہمی کے نظام کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ عالمی معیشت کے لئے سب سے زیادہ تشویشناک پہلو آبنائے ہرمز کی بندش ہے، جو عالمی توانائی کی ترسیل کے لئے ایک انتہائی اہم گزرگاہ ہے۔ اس آبی راستے سے دنیا کے ایک بڑے حصے کو تیل کی فراہمی ممکن ہوتی ہے۔ جیسے ہی اس گزرگاہ پر خطرات منڈلانے لگے، عالمی منڈیوں میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو گویا پر لگ گئے۔ تیل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے نہ صرف ترقی پذیر ممالک بلکہ ترقی یافتہ معیشتوں کو بھی متاثر کیا، جس کے نتیجے میں مہنگائی، بیروزگاری اور معاشی سست روی جیسے مسائل نے سر اٹھانا شروع کر دیا ہے۔ اس جنگی صورتحال کا ایک بڑا اور افسوسناک پہلو انسانی جانوں کا ضیاع ہے۔ بڑے پیمانے پر ہلاکتیں، زخمیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد اور بنیادی ڈھانچے کی تباہی اس بات کی غماز ہے کہ جنگ کبھی بھی مسائل کا حل نہیں ہوتی۔ ہسپتال، اسکول، رہائشی عمارتیں اور دیگر اہم تنصیبات اس تنازع کی بھینٹ چڑھ رہی ہیں، جس سے عام شہریوں کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے۔ خلیجی ممالک کی معیشت اور سماجی ڈھانچہ بھی اس بحران سے بری طرح متاثر ہو رہا ہے، جس کے اثرات دوررس ہوں گے۔ ایسے نازک وقت میں عالمی برادری کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ فوری طور پر جنگ بندی اور مذاکرات کی طرف پیش قدمی کرے۔ خوش آئند امر یہ ہے کہ حالیہ اطلاعات کے مطابق امریکہ کی جانب سے ایران تک جنگ بندی کی تجاویز پہنچائی گئی ہیں۔ اگرچہ ابتدائی اطلاعات یہ بھی ظاہر کرتی ہیں کہ ایران نے ان تجاویز کو فوری طور پر قبول نہیں کیا اور اپنی شرائط پیش کی ہیں، تاہم اس پیش رفت کو ایک مثبت اشارہ سمجھا جا سکتا ہے۔ امید کی جانی چاہئے کہ دونوں فریقین دانشمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مذاکرات کے ذریعے اس بحران کا حل تلاش کریں گے۔ اس تمام صورتحال میں پاکستان کا کردار انتہائی اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ ایک ذمہ دار اور متوازن خارجہ پالیسی اپنائی ہے، اور موجودہ بحران میں بھی یہی روش برقرار رکھی ہے۔ پاکستان نے نہ صرف فریقین کے درمیان کشیدگی کم کرنے کی کوشش کی ہے بلکہ انہیں مذاکرات کی میز پر لانے کے لئے فعال سفارتی اقدامات بھی کئے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے حال ہی میں اپنے ایک بیان میں واضح کیا کہ پاکستان جاری بحران کے خاتمے کے لئے بامقصد مذاکرات کی میزبانی کے لئے تیار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مذاکرات کی میزبانی کرنا پاکستان کے لئے باعث فخر ہوگا اور خطے سمیت پوری دنیا میں امن واستحکام کے لئے مذاکرات ناگزیر ہیں۔ یہ بیان نہ صرف پاکستان کی امن پسند پالیسی کا عکاس ہے بلکہ عالمی برادری کے لئے ایک مثبت پیغام بھی ہے۔ مزید برآں، وزیراعظم شہباز شریف کا سعودی ولی عہد سے ٹیلی فونک رابطہ بھی اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ پاکستان خطے میں امن کے قیام کے لئے سنجیدہ اور متحرک ہے۔ اس رابطے کے دوران علاقائی صورتحال اور امن کے لئے جاری کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان سفارتی سطح پر فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ مشرق وسطیٰ کے حالیہ بحران میں پاکستان کی بڑھتی ہوئی سفارتی مصروفیت دراصل پاکستان پر بڑھتے ہوئے عالمی اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ عالمی سطح پر پاکستان کو ایک ایسے ملک کے طور پر دیکھا جا رہا ہے جو نہ صرف خود امن کا خواہاں ہے بلکہ دوسروں کے درمیان بھی امن قائم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ اعتماد یکدم حاصل نہیں ہوا بلکہ اس کے پیچھے پاکستان کی مسلسل اور مستقل مزاج سفارت کاری کارفرما ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ وہ کسی ایک فریق کے ساتھ کھڑے ہونے کے بجائے اصولی موقف اختیار کرے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ مختلف ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات برقرار رکھنے میں کامیاب رہا ہے۔ موجودہ بحران میں بھی پاکستان نے کسی جانب داری کا مظاہرہ کرنے کے بجائے امن اور مذاکرات کی حمایت کی ہے، جو ایک دانشمندانہ اور دوراندیش پالیسی کا مظہر ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ پاکستان خود ایک ترقی پذیر ملک ہے اور اسے اپنے داخلی مسائل کا بھی سامنا ہے، تاہم اس کے باوجود عالمی امن کے لئے اس کا کردار قابل تحسین ہے۔ پاکستان کی قیادت نے یہ ثابت کیا ہے کہ وہ نہ صرف اپنے ملک بلکہ خطے اور دنیا کے وسیع تر مفاد کو بھی مدنظر رکھتی ہے۔ موجودہ حالات میں سب سے اہم ضرورت یہی ہے کہ جنگ کے شعلوں کو مزید بھڑکنے سے روکا جائے۔ اگر اس تنازع کو بروقت نہ روکا گیا تو اس کے اثرات نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے سکتے ہیں۔ عالمی معیشت مزید دباؤ کا شکار ہو سکتی ہے، توانائی کا بحران شدت اختیار کر سکتا ہے اور انسانی المیے میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے۔ مذاکرات کی پیشکش اور سفارتی کوششیں ایک امید کی کرن ہیں موجودہ صورتحال ایک سنگین آزمائش ہے، جس کا حل صرف اور صرف مذاکرات اور سفارت کاری میں مضمر ہے۔ پاکستان نے اس حوالے سے جو کردار ادا کیا ہے وہ نہ صرف قابل تعریف ہے بلکہ قابل تقلید بھی ہے۔ ہمیں خیر اور اچھائی کی امید ہے کہ امن کوششیں نتیجہ خیز ثابت ہوں گی ضرورت اس امر کی ہے کہ فریقین ہوش کے ناخن لیں، جنگ کے بجائے امن کو ترجیح دیں اور امن کوششوں کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے ایک پائیدار حل کی طرف بڑھیں۔ اگر ایسا ہو جاتا ہے تو نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ پوری دنیا ایک بڑے بحران سے بچ سکتی ہے۔

ہمارے "ذہن ساز" اب یقین کر لیں کہ قیامت ٹل گئی ہے

برملا — نصرت جاوید

خطرے کا بیانیہ اور مداخلت: امریکی جارحانہ پالیسی کا تسلسل

منظر نامہ — بیرسٹر عثمان علی

یوم پاکستان: عسکری قوت، اتحاد اور قومی وقار کا جشن

میڈیا آئی — عبدالباسط علوی

پاکستان میں ہائی آکٹین ایندھن کی قیمت بڑھنے پر بحث

تلخ حقیقت — تنویر ملک

کیا اسلام آباد ایران امریکہ جنگ رکوا سکتا ہے؟

منظر نامہ — روحان احمد

امریکی جنگوں کا آؤٹ آف سلیبس کردار

گرداب — عارف بہار — Arifbahar@hotmail.com



جنگ میں پانچ دن کا سنسنی خیز وقفہ

تاثرات — سید مجاہد علی



صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس اعلان کے بعد بھی کہ 'امریکہ اور ایران کے درمیان بہت تعمیری بات چیت ہوئی ہے' یہ کہنا مشکل ہے کہ پانچ دن کی یک طرفہ جنگ بندی کسی حتمی معاہدے کی بنیاد بن سکے گی۔ البتہ گزشتہ روز صبح اچانک جنگ بند کرنے کا اعلان کر کے صدر ٹرمپ نے یہ ضرور واضح کر دیا ...

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔۔اوور لانگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

درستگی تاریخ پیدائش

میری اصل تاریخ پیدائش 17.08.2007 ہے جبکہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی جاری کردہ میٹرک کی ڈی ایم سی میں غلطی سے 17.08.2008 درج کی گئی ہے۔ لہذا درستگی کی جائے۔ المشتہر عطااللہ ولد شیر محمد
سناف چوہدری اقبال۔۔۔۔۔۔

انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے، حاجی محمد خان

مستقبل قریب میں ہسپتال کو مزید بہتر اور جدید مشینری فراہم کی جائے گی

عوام کو زیادہ سہولیات میسر آئیں اور وہ بہتر طبی خدمات سے مستفید ہوسکیں

لورالائی (آئی این پی) انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے موجودہ حکومت کا عوامی خدمت کا یہ مشن جاری رہے گا ممبر صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے گزشتہ روز ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کا دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے سٹی اسکین اور ایم آر آئی مشین کے ساتھ دیگر تمام فعال (فنکشنل) مشینوں کا جائزہ لیا ساتھ میں آس پاس سے لائے گئے مریضوں کی عیادت بھی کی اور معالجے کے بارے کے پوچھا انہوں نے ہسپتال میں ڈاکٹروں کی حاضری اور خدمات کو سراہتے ہوئے ایم پی اے حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے تمام ڈاکٹرز کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مستقبل قریب میں ہسپتال کو مزید بہتر بنایا جائے گا اور جدید مشینری فراہم کی جائے گی تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات میسر آئیں اور وہ بہتر طبی خدمات سے مستفید ہوسکیں۔

این اے 256 ضمنی الیکشن پیپلز پارٹی پر عوامی اعتماد کا سلسلہ جاری

سینکڑوں سیاسی کارکنان جماعت پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے

خضدار (بیورو رپورٹ) این اے 256 ضمنی الیکشن پاکستان پیپلز پارٹی پر عوامی اعتماد کا سلسلہ جاری آج بھی سینکڑوں سیاسی کارکنان اپنے رفقاء اور عزیز و اقارب کے ہمراہ قائد بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری فخر جھالاوان میر شفیق الرحمان مینگل نوجوان لیڈر، نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری کی فکر انگیز قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے شہید ذوالفقار علی بھٹو کے قومی جماعت پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے مینگل ہاؤس خضدار میں آج ایک پروقار شمولیتی تقریب منعقد ہوئی تقریب کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے کیا گیا جس کی سعادت مولانا علی اکبر مینگل نے حاصل کی نظامت کے فرائض سینئر رکن الفت محمد حسنی نے انجام دی تقریب کی صدارت پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و وائس چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل خضدار حاجی محمد اقبال مینگل کر رہے تھے شمولیتی تقریب میں عبدالرحمن سالانی شبیر احمد محمد حسنی کے سربراہی میں اللہ بخش سالانی عبدالحکیم گرگناڑی نظیر احمد گرگناڑی عبدالرحیم سالانی بان بی امان اللہ گرگناڑی محمد اصف سالانی سیف اللہ گرگناڑی شبیر احمد گرگناڑی منیر احمد سالانی علی اکبر سالانی ذاکر احمد گرگناڑی نوید احمد مینگل جاوید احمد گرگناڑی خالد گرگناڑی ظہور احمد میروانی اپنے دیگر سینکڑوں رفقاء اور عزیز اقارب کے ہمراہ پاکستان پیپلز پارٹی میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کر دیا نئے شامل ہونے والوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہم میر شفیق الرحمان مینگل کی کامیابی کے لیے بھرپور جدوجہد کریں گے

ماچھی پور محمد اشرف کھوسہ سے بندو جنرل پنچایت کے صدر رکھوان داس و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، سردار غلام رسول عمرانی

موجودہ حالات میں قومی یکجہتی وقت کی ضرورت ہے، صوبائی مشیر

نوجوانوں کو کبھی مایوس نہیں کرینگے، عید ملنے والے وفود سے گفتگو

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر بابا عمرانی ہاؤس میں لوگوں کی جم غفیر جہاں قبائلی، سیاسی، سماجی شخصیات، سول سوسائٹی کے نمائندوں، ٹریڈ یونینز کے عہدیداروں، سابق وزراء، صحافی برادری، تاجر برادری، ہندو پنچایت کے سربراہان شہریوں اور حلقہ انتخاب تمبو کے سینکڑوں افراد کی بڑی تعداد میں صوبائی مشیر برائے محکمہ لیبر اینڈ مین پاور عمرانی قبیلے کے سربراہ بیرسٹر چیف سردار بابا غلام رسول عمرانی اور نصیر آباد کے معروف شخصیت مخیر میر ممتاز خان عمرانی سے ملاقات کر کے انہیں عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر ملاقات کرنے والوں نے عید کی خوشیوں میں ایک دوسرے کو شریک کرتے ہوئے باہمی اتحاد، بھائی چارے اور دینی و ملی ہم آہنگی کے فروغ پر زور دیا۔ سردار بابا غلام رسول خان عمرانی اور مخیر میر ممتاز خان عمرانی نے دور دراز کے علاقوں سے آئے ہوئے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ عیدالفطر ہمیں صبر، ایثار اور اتحاد کا درس دیتا ہے، اور موجودہ حالات میں قومی یکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ملک میں، آئین و قانون کی بالادستی، جمہوریت کے استحکام اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاسی پالیسی عوامی مسائل کے حل، پارلیمانی جمہوریت کے فروغ اور ملک میں استحکام و ترقی کے قیام پر مرکوز ہے۔ اس موقع پر ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے عید مبارک دینے والے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مقصد بلوچستان سمیت نصیر آباد اور حلقہ انتخاب تمبو کے عوام کی ترقی و خوشحالی نوجوانوں کو باعزت روزگار کی فراہمی اور علاقے میں امن اور امن کے لئے اقدامات اور عوام کی جان و مال کی حفاظت ہماری اولین ترجیح میں شامل ہے جس کے لیے ہم سب کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

ڈی سی محمد حسیب کا ایس ایس پی آفس لورالائی کا باضابطہ دورہ

لورالائی پولیس کے چاق و چوبند دستے نے معزز مہمان کو سلامی پیش کی

لورالائی (آئی این پی) لورالائی میں نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع نے ایس ایس پی آفس لورالائی کا باضابطہ دورہ کیا، جہاں ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا گیا جبکہ لورالائی پولیس کے چاق و چوبند دستے نے معزز مہمان کو سلامی بھی پیش کی۔ دورے کے دوران ایس ایس پی آفس میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ٹی پارٹی بھی دی گئی۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اسماعیل مینگل، اسسٹنٹ کمشنر میختر، ڈی ایس پی لیگل سردار نصراللہ خان حمزہ زئی، ڈی ایس پی سردار لطیف جوگیزئی، ایس ڈی پی او حیدر شیرانی اور ایس ڈی پی او اقبال لاگو سمیت پولیس اور ضلعی انتظامیہ کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایس ایس پی ڈاکٹر فہد احمد نے ڈپٹی کمشنر کو ضلع لورالائی میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، جرائم کی روک تھام، پولیس کی کارکردگی اور جاری سیکیورٹی اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے

ایکسیئن پی ایچ ای ایک ایماندار فرض شناس قابل آفیسر ہیں

خضدار (بیورو رپورٹ) محکمہ پبلک ہیلتھ خضدار کے موجودہ ایکسیئن ایک ایماندار فرض شناس قابل آفیسر ہے ان کی بہترین کارکردگی قابل تعریف ہے موصوف کے چارج سنبھالنے کے بعد خضدار میں پینے کے صاف کا مسئلہ حل ہو گیا ہے موصوف جو کہ بلاامتیاز شہریوں کو پانی کی فراہمی کی جارہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار خضدار کے عوامی سیاسی حلقوں نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا

اوستہ محمد، ایس ایچ او گنداواہ حاجی خان اشاری گرفتار ملزمان کے بارے میں تفصیلات بتا رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر بیلا رومیل جان کے عوامی اقدام کی ستائش

بیلا (یو این اے) بیلا کی معروف کاروباری و سماجی شخصیت اور رازانی گوٹھ (بلوچی گوٹھ) کے معزز رہنما حاجی نواز علی رونجھو نے بیلا کے شہری حلقوں کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر بیلا رومیل نعیم جان کے حالیہ عوامی اقدام کی بھرپور ستائش کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اے سی بیلا نے عید الفطر کے موقع پر پروٹوکول کی پرواہ کیے بغیر خود بازاروں اور کام کی جگہوں پر جا کر عام لوگوں، دیہاڑی دار مزدوروں اور چھوٹے دکانداروں سے عید مل کر نہ صرف انہیں خوشیوں میں شامل کیا بلکہ اپنے اعلیٰ اخلاق کا ثبوت بھی دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک انتظامی افسر کا اس طرح عوامی سطح پر گھل مل جانا بیلا کی تاریخ میں ایک خوش آئند روایت ہے۔ حاجی نواز علی رونجھو نے مزید کہا کہ رومیل نعیم جان کے اس ہمدردانہ رویے سے بیلا کے غریب طبقے اور محنت کشوں میں دلی مسرت پائی جاتی ہے

عوام سے کئے گئے وعدے پورے کر رہے ہیں، صادق عمرانی

عوام کی ترقی اور نوجوانوں کو باعزت روزگار کی فراہمی اولین ترجیح ہے

صوبائی وزیر کا عید کے موقع پر مختلف وفود سے ملاقات کے دوران بات چیت

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی وزیر ایریگیشن و پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر میر محمد صادق عمرانی اور چیئرمین مارکیٹ کمیٹی میر محمد بلال خان عمرانی سے عیدالفطر کے پہلے دوسرے اور تیسرے روز پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماؤں، ورکرز، سرکاری آفسران، سول سوسائٹی کے نمائندوں، قبائلی عمائدین، صحافی برادری، اقلیتی برادری، تاجر برادری، ووٹرز اور عام شہریوں و دیگر سینکڑوں افراد نے ملاقات کی۔ میر صادق عمرانی اور میر بلال عمرانی کو عیدالفطر کی مبارکباد دی ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ عیدالفطر کے پرمسرت خوشیوں کے موقع پر اس عید ملن ملاقات کے موقع پر صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی اور میر بلال خان عمرانی کے مابین پارٹی رہنماؤں ووٹرز اور شہریوں کے درمیان ملکی و بلوچستان کی سیاسی صورتحال اور شہر کی ترقی و خوشحالی سمیت سیاست پارٹی امور و دیگر اہم علاقائی مسائل اور مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال ہوا۔ اس موقع پر میر محمد صادق عمرانی نے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حلقہ انتخاب ڈیرہ مراد جمالی اور چھتر کے عوام کی ترقی و خوشحالی نوجوانوں کو باعزت روزگار کی فراہمی میری اولین ترجیح ہے جس کے لیے میں خلوص دل سے کوششیں کر رہا ہوں انتخابات کے دوران عوام سے کئے گئے تمام وعدے تسلسل کے ساتھ پورے کریں گے

قلعہ عبداللہ، ٹرانسپورٹر اکھو سے ملک نذر جان شیرزئی و دیگر عید کے موقع پر ملاقات کر رہے ہیں

مستحق شہریوں کے جائز حقوق کی فراہمی کا مشن کامیابی سے جاری ہے

وفاقی محتسب ریجنل آفس کی مداخلت پر بنیولنٹ فنڈ کے واجبات ادا کر دیے

خضدار (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعلیٰ پاکستان کی جانب سے غریب اور مستحق شہریوں کو بیوروکریٹک رکاوٹوں سے نجات دلانے اور ان کے جائز حقوق کی فراہمی کا مشن کامیابی سے جاری ہے۔ ایک حالیہ اہم فیصلے میں وفاقی محتسب کے ریجنل آفس خضدار کی مداخلت پر ایک خاتون درخواست گزار کو برسوں سے التواء کا شکار بینولنٹ فنڈ کے لاکھوں روپے کے واجبات ادا کر دیے گئے ہیں۔ خضدار کی رہائشی زبیدہ نے وفاقی محتسب کے دفتر میں شکایت درج کرائی تھی کہ وہ اپنے جائز حق "بینولنٹ فنڈ" کے حصول کے لیے طویل عرصے سے متعلقہ محکموں کے چکر کاٹ رہی ہیں، لیکن سخت تکلیف دہ شرائط اور بیوروکریٹک تاخیر کی وجہ سے انہیں شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے وفاقی محتسب کے ریجنل انچارج نے کیس کی سماعت کرتے ہوئے معاملے کا فوری نوٹس لیا اور متعلقہ حکام کو سخت ہدایات جاری کیں کہ بیوہ خاتون کے کیس میں حائل تمام رکاوٹیں فی الفور دور کی جائیں۔ وفاقی محتسب کے اس سخت موقف اور قانونی دباؤ کے نتیجے میں محکمے نے فوری کارروائی کی اور خاتون کو ان کے تمام واجبات کی ادائیگی یقینی بنائی وفاقی محتسب کے حکم پر محترمہ زبیدہ کو درج ذیل رقوم کے چیک جاری کر دیے گئے ہیں 4 لاکھ 60 ہزار روپے کی یکمشت (sum-Lump) گرانٹ 82,600 روپے کے دیرینہ بقایاجات درخواست گزار خاتون نے ریلیف ملنے پر وفاقی محتسب کے ادارے کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ مظلوموں کے لیے امید کی کرن ہے

حمل خان چندرانی کے فرزند کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری ہے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) بلوچستان مینجمنٹ آفیسر ایسوسی ایشن کے سینئر رہنما و واٹر مینجمنٹ آفیسر ماما محمد اسماعیل ساسولی، بینظیر بھٹو ڈسٹرکٹ پریس کلب نصیر آباد جنرل ڈیرہ مراد جمالی عبدالرزاق ہنگلوئی، کامریڈ عبدالرزاق چندرانی اور سابق صدر پریس کلب ولی محمد زہری نے نصیر آباد ڈویژن کے معروف قبائلی شخصیت میر غازی خان چندرانی، حاجی میر غلام سرور چندرانی، میر فرید احمد چندرانی اور میر فاضل خان چندرانی سے ان کے بھتیجے جبکہ پی آئی اے آفیسر میر حمل خان چندرانی کے فرزند کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ سانحہ نہ صرف چندرانی خاندان بلکہ پورے علاقے کے لیے ایک بڑا صدمہ ہے۔ دکھ کی اس گھڑی میں ہم برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل دے۔ تعزیت کرنے والی شخصیات نے مزید کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو یہ ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنے کی ہمت عطا کرے۔ آمین

لائیوسٹاک کا شعبہ صوبے کی معیشت میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے، فیصل جمالی

عوامی حکومت کا اولین وژن عوام کی بے لوث خدمت، زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی ہے

مسائل کے حل میں غفلت برداشت نہیں، تمام محکمے ہنگامی بنیادوں پر عوام کو ریلیف فراہم کریں

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان، سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ عوامی حکومت کا اولین وژن عوام کی بے لوث خدمت اور انہیں زندگی کی تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی ہے۔ یو این اے (UNA) سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے زور دیا کہ لائیو اسٹاک کا شعبہ صوبے کی معیشت میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے اور اس کی ترقی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر نوجوان قیادت میر ضرار خان جمالی، ایکسیئن پبلک ہیلتھ انجینئرنگ شکر اللہ بلوچ اور ٹوکل پرنس محمد بخش سومرو بھی موجود تھے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ ضلع اوستہ محمد کی تعمیر و ترقی کے لیے ایک جامع "ماسٹر پلان" تیار کیا گیا ہے جس کے ذریعے شہر کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر نے ضلعی افسران کو سخت تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تمام محکمے ہنگامی بنیادوں پر عوام کو ریلیف فراہم کریں۔ امن و امان کے حوالے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، جس کے لیے پولیس کو جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت کر دی گئی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ پولیس فورس کی استعداد کار بڑھانے کے لیے انہیں جدید گاڑیاں اور دیگر سہولیات فراہم کی جائیں گی، جس کے لیے وہ وزیر اعلیٰ اور آئی جی بلوچستان سے رابطہ میں ہیں۔ عوامی تحفظ کو مزید بہتر بنانے کے لیے اوستہ محمد میں دو نئے پولیس تھانوں کے قیام کی یقین دہانی بھی کرائی گئی۔

ماچھی پور، صوبائی وزیر سلیم احمد کھوسہ کے ہمراہ ممتاز علی کنبار و دیگر کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

عید جیسے مواقع ہمیں محبت اور یکجہتی کا درس دیتے ہیں، میر شوکت

یہی جذبہ معاشرے کی ترقی اور استحکام کے لیے نہایت ضروری ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد کے سیاسی و قبائلی شخصیت میر شوکت جان ہنگلوئی نے عیدالفطر کے پرمسرت دنوں میں ہنگلوئی ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی میں عید مبارک کے لیے آنے والے ضلع نصیر آباد سمیت مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے قبائلی عمائدین، معززین معتبرین سرکاری افسران وکلاء سول سوسائٹی کے نمائندگان صحافی برادری اقلیتی برادری تاجر برادری ووٹرز اور عام شہری سینکڑوں کی تعداد میں ہنگلوئی ہاؤس تشریف لائے اور عید مبارک پیش کی میں ان تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کا شکریہ ادا کرتا ہوں میر شوکت جان ہنگلوئی نے کہا کہ ان کی محبت خلوص اور اعتماد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ عید جیسے مواقع ہمیں باہمی رواداری محبت اور یکجہتی کا درس دیتے ہیں اور یہی جذبہ معاشرے کی ترقی اور استحکام کے لیے نہایت ضروری ہے انہوں نے مزید کہا کہ عوام کی جانب سے ملنے والی عزت اور محبت ان کے لیے ایک قیمتی سرمایہ ہے اور وہ ہمیشہ عوامی خدمت علاقے کی ترقی اور فلاح و بہبود کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے انہوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ وہ عوام کے مسائل کے حل اور ان کی فلاح کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھاتے رہیں گے۔ میر شوکت جان ہنگلوئی نے کہا ہے کہ وہ قبائلی معاملات کے حل کے لیے ہمیشہ سنجیدہ کوششیں کرتے آئے ہیں اور آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں نبھاتے رہیں گے۔ علاقے میں امن و استحکام کے قیام اور باہمی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے روایتی قبائلی اقدار کو بروئے کار لایا جا رہا ہے

قبائلی تنازعے کا خوش اسلوبی سے تصفیہ، فریقین شیر و شکر ہو گئے

میر خدائے نظر محمد حسنی، میر بلال محمد حسنی کے بچوں کے درمیان تنازعہ تھا

4	"CONSTRUCTION OF 2 NO WSS AT KARDE-GAB KILLI NO-2 "FOR AGGRIGULTURE PURPOSE" DISTRICT MASTUNG"				
i)	Drilling and Development of Bore up to 600 feet Depth TSE-2526031006523	1 Job	1,764,652/-	2%	One Month
ii)	Supply & Installation of Solar System 15 HP TSE-2526031006543	1 Set	3,207,710/-	2%	One Month

The office of the Executive Engineer PHE District Mastung invites technical proposal of Contractors/firms along with sealed financial proposals(**Single Stage-Two Envelope**) for above mentioned works .All interested bidders are required to submit documents as per following briefs in support of their technical/Financial proposal: The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory, Rules 2014.and Pakistan Engineering Council By-Laws **BASIC ELIGIBILITY:** The Contractor must have valid registration i.e. 2025-26 with Pakistan Engineering Council in required Category in relevant discipline/specially code and fresh registration with tax authorities i.e. (NTN, sales tax Department and BRA) as well as with **BPPRA** where applicable. The bidder must complete similar nature assignment mention in the biding documents. **METHOD OF PROCUREMENT: (Single Stage –Two Envelop)** bidding Procedure will adopted. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Issuance:** The bidders can obtain the bidding document from the address mention above on production of green Challan form for an amount of 1500/- and (Non-refundable) for each work shown against each deposited in the head of account C-02725-2 Civil works through Govt: Treasury/National Bank of Pakistan Mastung or can be downloaded from the website of BPPRA (wwe.bppra.gob.pk) ,during working hour, from the date of publication of this invitation in newspapers till one day prior to the last date of submission. The contractors/Firms who obtain bidding documents by downloading them from BPPRA website will also be required to procedure deposited green Challan from of above mentioned Fee. The bids must accompanied bid security "Technical Bid" for each work in the form of call deposit or bank guarantee of amount specified above in the office name of the under signed from a scheduled bank. **No any Bank Drafts & Banker Check will be acceptable NOTE :- i)** For Supply of Pipe only Manufacturer Firms allow to participate in the tender for Supply of Solar System, the Firm must be registered with **FBR, GST** registration and **ISO** Certificate are necessary to attached2% with their documents, as well as 3 Years' Experience, 3 year Audit report **ii)** For D/D of Bore & Civil Work, the Firm must be registered with **BPPRA, BRA & Pakistan Engineering Councilas** well as 3 Years' Experience for the same work, 3 year Audit report etc **Deadline of submission:** Technical and financial proposals from intending contractors/firms sealed in one separate envelope clearly marked with Work title & type of proposal must be delivered by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before **14thApril 2026. at 12:00 Hrs Opening:** The envelope containing "Technical Bids" will be opened on the same day **14th April 2026. at 01:00 P.M in Office of the Deputy Commissioner District Mastung** before procurement committee in the presence of bidders or their authorized representatives who choose to attend with authority letter. **Bids Validity: (90) days Place:** The place of issuance, submission, inquiries and opening will be - The office of the Deputy Commissioner District Mastung. Email; headclerk10071967@gmail.com. **CONDITIONS All the terms and conditions can be seen/obtain in the Office of the undersigned in any office hours**

Executive Engineer, Public Health Engineering, Division Mastung

PRQ No.4309/25-03-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The undersigned invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023 of GOB, amended up- to-date from the interested contractors / firms for the works listed below; **Time Limit: 06 Months (Each Scheme), Earnest Money: 2% (Each Scheme)**

ALLOCATION OF FUNDS:- DAMAGE NEEDS ASSESSMENT OF MUNICIPAL COMMITTEE DUREJI (YEAR 2022-2023)

S.#	NAME OF PROPOSED SCHEME	TSE NUMBERS	ESTIMATED COST
1.	REPAIR OF COMMUNITY HALL & CONSTRUCTION OF BOUNDARY WALL AND BATH ROOM FOR TALANGA HALL AT DUREJI TOWN.	2526031002063	4,000,000
2.	CONVERSION OF SOLAR PANAL ON EXISTING BORE FOR PARK WATER SUPPLY AT DUREJI TOWN.	2526031003643	3,900,000
3.	i)CONVERSION OF SOLAR PANAL ON EXISTING BORE FOR WATER SUPPLY DRINKING PURPOSE IN GOTH WAHID BUX ii)CONVERSION OF ELECTRIC METER TO SOLAR PANAL FOR PUBLIC PARK AT DUREJI TOWN.AT DUREJI TOWN.	2526031003663	2,930,000
4.	i) FIXING OF GRILL IN MAIN FOUNTAIN ii) VEHICLE GARAGE SHUTTER iii) CONSTRUCTION OF BOUNDARY WALL FOR SHED iv) REPAIR OF MASJID & PILLARS v) BUSH CUTTING /CLEARANCE MAIN ROAD BOTH SIDE iv) REPAIR & INSTALLATION OF SIGNOLOGY SIGN BOARD AT DIFFERENT PLACE INMUNICIPAL TOWN AREA DUREJI.	2526031003683	8,900,000
5.	REPLACEMENT OF DAMAGE PUMP AND PROVISION OF ALTERNATE PUMP FOR WATER FALL/FOUNTAIN, HILL PARK, EIDGAH PARK, HORSE PARK & WATER SUPPLY SOLAR INVERTER, SOLAR PUMP IN DUREJI TOWN.	2526031003693	2,388,000
6.	LAYING OF TUFF TILES DIFFERENT STREET & CONSTRUCTION OF SEWERAGE SYSTEM MIRKANI MUHALLA AT DUREJI TOWN	2526031003703	7,184,000
7.	i)CONSTRUCTION OF (1-NO) ADDITIONAL ROOM FOR HINDU COMMUNITY HALL AT DUREJI TOWN ii)REPAIR OF PRIMARY SCHOOL BUILDING & CONSTRUCTION OF TOILET FOR MUHALLA MURAD TALANGA iii) REPAIR/DILAPIDATED (2 NOS) QUARTERS FOR LOCAL GOVT AT DUREJI TOWN	2526031003733	4,700,000
8.	INSTALLATION OF (18-NOS)SOLAR STREET LIGHT MAIN ROAD DEWANA SHAH AT DUREJI TOWN	2526031003743	6,000,000

The procurement will strictly be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority (BPPRA) rules, 2014. **ELIGIBILITY**: The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant category (C-06) above updated to **June 2026,** and registration with tax authorities i.e. **(NTN, Sales Tax Department & BST),** where applicable. Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 3000000 PKR Amount in 5 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **METHOD OF PROCUREMENT**: Single stage – One envelope Bidding procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of **2%**specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Issuance**: Documents will be issued from the date of publication till submission date and time on production of green Challan form amounting Rs: (1000) Non- refundable – (as bidding documents charges) deposited in the account **0258004001193566** of Municipal Committee Dureji NBP Hub Chowki Branch **& *Each contractor should log in using their BPPRA ID, download the tender fee challan for the relevant scheme, and deposit it in the National Bank."*** **Submission**: Last date of Submission will be **06-04-2026** at **12:00pm Opening**: The tender document will be opened on **06-04-2026** at **1:00pm** (bid will be opened within one hour of the deadline for submission of bids), before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives. **Place**: of issuance, submission, inquiries and opening will be :- Address: **Office of the Chief Officer Municiapl Committee Dureji.** Phone No: **0853-364060** E-mail address: municipalcomitteedureji@gmail.com **Terms and conditions:** Under the following conditions bids will be rejected. Conditional, electronics and telegraphic bids / tender. Bids not accompanied by bid security / earnest money in shape of call deposit in favor of the undersigned. Bids received after specified date and time. Black listed contractors / firms.

CHIEF OFFICER, MUNICIPAL COMMITTEE DUREJI

AB No.1022/25-03-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 مشترکہ موقف

جانب سے صوبہ سندھ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ بھی لیا۔ اسلام آباد میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور خلیج کی صورتحال کے تناظر میں پاکستان کی خارجی اور داخلی سکیورٹی اور ممکنہ درپیش مسائل سے نبردآزما ہونے کے لیے وفاقی حکومت کی پالیسی اور اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے وزیراعظم کی مشکل حالات میں وفاقی حکومت کی پالیسی کی صحیح سمت متعین کرنے میں وزیراعظم کی حکمت عملی اور اقدامات کی تعریف کی۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ، وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ اور سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے شرکت کی۔

بقیہ 2 ایرانی تجاویز

کہا کہ جنگ بندی کا فیصلہ ایران کی پیش کی گئی شرائط پر ہوگی اس سے پہلے جنگ کا خاتمہ ممکن نہیں۔ انھوں نے امریکی تجویز کو غیر متوازن اور حد سے زیادہ مطالبات پر مبنی قرار دیتے ہوئے کہا کہ جنگ بندی کا فیصلہ ایران خود کرے گا اور اس سے پہلے کسی قسم کے مذاکرات نہیں ہوں گے۔ ایرانی عہدیدار نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ ایران کے مطالبات اور شرائط کو تسلیم نہ کرنے تک فوجی دفاعی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ایران عہدیدار نے سرکاری میڈیا کو بتایا کہ امریکی تجویز کے جواب میں جو 5 شرائط پیش کی گئی ہیں وہ درج ذیل ہیں۔ 1- ایران پر حملے اور ٹارگٹ کلنگ فوری بند کی جائے۔ 2- مستقبل میں کسی بھی حملے اور جارحیت کے نہ ہونے کی ٹھوس ضمانت دی جائے۔ 3- جنگ سے ایران میں ہونے والے نقصانات کا ازالہ بصورت معاوضہ کیا جائے۔ 4- مشرق وسطیٰ میں ایران کے اتحادی یا حمایت یافتہ گروہوں کے خلاف فوجی کارروائیوں کو بھی بند کیا جائے۔ 5- آبنائے ہرمز پر ایران کے اختیار کو تسلیم کیا جائے۔ یاد رہے کہ بیان ایک ایسے وقت سامنے آیا ہے جب ایک اور ایرانی عہدیدار نے تصدیق کی تھی کہ پاکستان نے امریکا کی جنگ بندی کی تجویز ایران تک پہنچائی ہے اور مذاکرات کی میزبانی پاکستان یا ترکیہ کے حصے میں آسکتی۔ تاحال امریکا کی جانب سے ایران کی ان شرائط پر کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا ہے۔ امریکی اور اسرائیلی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا نے ایران کے ساتھ جاری جنگ کے خاتمے کے لیے ایک 15 نکاتی منصوبہ (پلان) تیار کر کے پاکستان کے ذریعے ایران کو بھجوا دیا ہے۔ الجزیرہ کے مطابق رپورٹس میں نام ظاہر نہ کرنے والے حکام کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ اس منصوبے میں ایران سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ اپنے تین بڑے جوہری مراکز کو ختم کرے اور اپنی سرزمین پر یورینیم کی افزودگی مکمل طور پر بند کر دے۔ اس کے علاوہ ایران سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ اپنے بیلسٹک میزائل پروگرام کو معطل کرے اور خطے میں اپنے حمایت یافتہ گروہوں کی مدد ختم کرے۔ منصوبے میں یہ بھی شامل ہے کہ ایران آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر دوبارہ کھول دے تاکہ عالمی تجارت اور تیل کی ترسیل بحال ہو سکے۔ اس کے بدلے میں امریکا ایران پر عائد جوہری پابندیاں ختم کرنے اور اس کے سویلین جوہری پروگرام میں مدد فراہم کرنے پر آمادہ ہوگا۔ اس حوالے سے پاکستان کے اہم کردار کی خبریں سامنے آرہی ہیں۔ الجزیرہ، رائٹرز اور دیگر غیر ملکی خبر رساں اداروں نے باوثوق ذرائع سے دعویٰ کیا ہے کہ ایرانی حکومت تک امریکی تجاویز پاکستان نے پہنچائی ہیں۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق امریکا اس منصوبے پر بات چیت کے لیے ایک ماہ کی جنگ بندی بھی چاہتا ہے تاکہ دونوں ممالک تفصیلی مذاکرات کر سکیں تاہم ابھی تک دونوں فریقین کی جانب سے اس تجویز پر کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا۔ ایران کی فوجی قیادت نے امریکی صدر ٹرمپ کے مذاکرات سے متعلق دعووں کو سختی سے مسترد کر دیا ہے۔ ایران کے مرکزی فوجی ہیڈکوارٹر خاتم الانبیاء کے ترجمان لیفٹیننٹ کرنل ابراہیم ذوالفقاری نے ایک بیان میں امریکا کو سخت پیغام دیا۔ ایرانی خبر ایجنسی فارس کے مطابق ذوالفقاری نے امریکی دعووں پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ کیا امریکا کے اندرونی اختلافات اس حد تک بڑھ چکے ہیں کہ وہ خود ہی اپنے ساتھ مذاکرات کر رہا ہے؟ انہوں نے مزید کہا کہ اپنی ناکامی کو معاہدے کا نام نہ دیا جائے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ جب تک ایران کی مرضی پوری نہیں ہوتی، نہ تو تیل کی قیمتیں سابق سطح پر واپس آئیں گی اور نہ ہی خطے میں پہلے جیسا نظام بحال ہوگا۔ انہوں نے امریکا کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ ایران کے خلاف کسی بھی کارروائی کا خیال مکمل طور پر ختم کرنا ہوگا۔ ذوالفقاری نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ ایران کا موقف شروع سے واضح ہے اور آئندہ بھی رہے گا کہ ایران امریکا کے ساتھ کسی صورت مفاہمت نہیں کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم جیسے لوگ تم جیسے لوگوں کے ساتھ کبھی نہیں چل سکتے، نہ اب اور نہ ہی آئندہ کبھی۔ یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکا اور ایران کے درمیان ممکنہ مذاکرات کے حوالے سے متضاد دعوے گردش کر رہے ہیں اور خطے میں کشیدگی بدستور برقرار ہے۔ تھائی لینڈ کا ایک خام تیل بردار ٹینکر ایران اور عمان کے ساتھ سفارتی رابطوں کے بعد بحفاظت آبنائے ہرمز عبور کر گیا جسے خطے میں جاری کشیدگی کے باوجود ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق تھائی لینڈ کے وزیر خارجہ سیہاسک فوانگکیتکاؤ نے بتایا کہ انہوں نے ایران اور عمان سے درخواست کی تھی کہ تھائی جہازوں کی محفوظ گزرگاہ کو یقینی بنایا جائے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ایران اور عمان کے متعلقہ حکام نے مثبت جواب دیتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ وہ اس سلسلے میں مکمل تعاون کریں گے اور ان سے ان جہازوں کی تفصیلات فراہم کرنے کو کہا گیا جو آبنائے سے گزرنے والے ہیں۔ اس پیش رفت سے قبل تھائی توانائی کمپنی بنگچاک کارپوریشن نے تصدیق کی تھی کہ اس کا ایک آئل ٹینکر جو 11 مارچ سے خلیج فارس میں لنگر انداز تھا، بحفاظت آبنائے ہرمز عبور کر چکا ہے۔ کمپنی کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ جہاز اب بحر ہند کے راستے تھائی لینڈ جا رہا ہے اور توقع ہے کہ اپریل کے اوائل میں خام تیل کی ترسیل مکمل کر دے گا۔ دوسری جانب ایران کی جانب سے یہ عندیہ دیا گیا ہے کہ غیر دشمن ممالک کے جہازوں کو آبنائے ہرمز سے محفوظ گزرنے کی اجازت دی جا سکتی ہے۔ واضح رہے کہ امریکا اور اسرائیل کی جانب سے جاری فوجی کارروائیوں کے بعد گزشتہ تین ہفتوں سے یہ اہم عالمی تجارتی گزرگاہ عملاً آئل ٹینکرز کے لیے بند رہی ہے۔ امریکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق ایران نے عندیہ دیا ہے کہ وہ جوہری ہتھیار نہ بنانے کے لیے تمام ضروری ضمانتیں دینے پر تیار ہے، تاہم وہ جوہری ٹیکنالوجی کے پرامن استعمال کے اپنے حق کو برقرار رکھنا چاہتا ہے۔ رپورٹس میں ایرانی ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ حالیہ دنوں میں امریکا اور ایران کے درمیان رابطے ہوئے ہیں، تاہم یہ رابطے ابھی باضابطہ مذاکرات کی سطح تک نہیں پہنچے۔ ذرائع کے مطابق ایران جنگ کے خاتمے کے لیے سنجیدہ اور پائیدار تجاویز سننے پر آمادہ ہے۔ ایرانی ذرائع کا کہنا ہے کہ زیر غور تجاویز صرف جنگ بندی تک محدود نہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان تنازع کے مکمل خاتمے کے لیے ایک جامع معاہدے پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں مختلف ثالثوں کے ذریعے پیغامات کا تبادلہ بھی جاری ہے۔

بقیہ 3 حج پروازیں

ایپ کے ذریعے اپنی پرواز کی معلومات حاصل کریں۔ اعلامیے کے مطابق حج پرواز کی معلومات وزارت کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔ عازمین حج کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ آئندہ اطلاعات کے لیے پاک حج 2026 موبائل ایپ دیکھتے رہیں۔

بقیہ 4 سمارٹ لاک ڈاؤن

ابتر ہونے کی صورت میں فیول راشننگ کی تجویز بھی تیار کی گئی ہے اور وزیراعظم نے صوبوں سے تجاویز طلب کر لی ہیں۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے ہدایت کی ہے کہ لاک ڈاؤن کے لیے تمام صوبوں کے مابین اتفاق رائے پیدا کیا جائے۔ ذرائع کے مطابق سرکاری اجلاس ورچوئل طریقے سے منعقد کیے جائیں گے۔ پہلے مرحلے میں کووڈ 19 وبا کے دوران اپنائے گئے طریقہ کار کی طرز پر تعطیلات کی تعداد میں اضافہ کیا جائے گا۔ وفاقی حکومت نے پہلے، دوسرے اور تیسرے مرحلے پر مشتمل حکمت عملی تیار کر لی ہے، تینوں سے جالیس تجاویز تیار کر لی گئیں، تمام تجاویز حتمی منظوری کے لیے وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق منظور شدہ اقدامات پر فوری طور پر عمل درآمد شروع کر دیا جائے گا۔ پہلے مرحلے میں حکومت صرف سرکاری شعبے میں ان اقدامات کا نفاذ کرے گی۔ دوسرے مرحلے میں نجی اسکولوں، جامعات اور اسپتالوں میں آن لائن اسائنمنٹس کا نظام متعارف کرایا جائے گا۔

بقیہ 5 فلسطینی شہید

شہادتوں کے باعث صورتحال تشویشناک ہے۔ غزہ میں 1 ہزار 860 افراد زخمی ہوئے، انسانی بحران شدت اختیار کر گیا، عالمی برادری کی خاموشی پر سوالات اٹھنے لگے۔ صیہونی فورسز کے حملوں سے شہری آبادی شدید متاثر ہوئی، امدادی کوششیں ناکافی ہیں جس سے خطے میں امن کی امیدیں دھندلا گئیں۔

بقیہ 6 ہنگامی اجلاس

نے بتایا کہ ایران، چین اور کیوبا کی جانب سے ہنگامی بحث کی درخواست کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اجلاس ایران کے جنوبی شہر میناب میں جنگ کے پہلے روز ہونے والے اسکول پر فضائی حملے کے تناظر میں طلب کیا جا رہا ہے۔ جمعہ کو اجلاس طلب کرنے کے فیصلے کی باضابطہ منظوری بھی دی جائے گی۔

بقیہ 7 ٹرین سروس

جعفر ایکسپریس روانہ نہیں ہوگی جبکہ پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد میں روک کر واپس کیا جائے گا۔ ریلوے حکام کے مطابق کوئٹہ سے کراچی کیلئے بولان میل اور چمن کیلئے چمن پسنجر پہلے ہی معطل ہے۔ ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ ٹرین کی نشست منسوخ کرانے والوں کو ٹکٹ کی رقم کی مکمل واپس کی جائے گی۔

بقیہ 8 خالد مقبول

حکومت اور پاک افواج نے نمایاں کردار ادا کیا ہے، کراچی کو موجودہ حالات میں نظر انداز کر کے ملک کے استحکام کی ضمانت نہیں دی جا سکتی، ہر بحران سے نمٹنے کے لیے قوم کو تیار رہنا ہوگا۔ چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان خالد مقبول صدیقی نے مصطفیٰ کمال، امین الحق، انیس قائم خانی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ جس جنگ کا پچھلے تیس چالیس سال سے کہا جا رہا تھا وہ جنگ ہمارے دروازے پر پہنچ چکی ہے، جنگ کے خاتمے کے لئے پاکستان کی حکومت اور پاک افواج نے نمایاں کردار ادا کیا ہے۔

بقیہ 9 خیر مقدم

بروقت اور تعمیری پیشکش کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ انور ابراہیم نے کہا کہ تنازع کے حل کیلئے وزیراعظم شہباز شریف اور خطے کے دیگر رہنماؤں کا آگے آنا قابل تعریف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے متعلقہ فریقین کے ساتھ تعلقات کی وجہ سے بامعنی مذاکرات کے لیے پاکستان کی پوزیشن مضبوط ہے، مذاکرات پہلے کی طرح ہوئے تو جنگ بندی معاہدوں کی طرح وقتی فائدے کے لیے نہیں ہونے چاہئیں۔

بقیہ 10 تعیناتیاں جاری

پولیس میں پانچ سال کے دوران صرف تین افراد کو ہی نوکری دی گئی۔ پارلیمان میں پیش کی گئی تفصیل کے مطابق پانچ سال کے دوران وفاقی وزارت داخلہ کے ماتحت محکموں میں کل 7 ہزار 463 بھرتیاں کی گئیں۔ ایف سی بلوچستان (شمالی) میں 4 ہزار 958 اور ایف سی جنوبی میں 984 اہلکار بھرتی ہوئے۔ نادرا نے پانچ سال کے دوران 1 ایک ہزار 79 ملازمین بھرتی کیے۔

بقیہ 11 وائٹ ہاؤس

دوسری عالمی جنگ کے بعد پہلی بار کسی نیوی کو اس حد تک تباہ کیا گیا۔ ترجمان وائٹ ہاؤس کا کہنا تھا کہ ایران نے شکست نہیں مانی تو مزید سخت حملے کریں گے، صدر ٹرمپ دھمکیاں نہیں لگاتے، ایران کو غلط اندازے نہیں لگانے چاہئیں، ایران سے کون مذاکرات کر رہا ہے اس بارے میں نہیں بتا سکتی، ایران سے متعلق بات چیت میں جے ڈی وینس شامل رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ مرتبہ غلط اندازے لگانے پر ایران کی لیڈرشپ، نیوی، ایئر فورس سب ختم کر دیا تھا، اب جنگ اس لیے ہوگی کہ ایران جھکنے سے انکاری ہے، ایران جنگ ختم ہونے پر تیل کی قیمتیں کم ہو جائیں گی۔ ترجمان وائٹ ہاؤس کا کہنا تھا کہ امریکی صدر کی چینی صدر سے بیجنگ میں ملاقات 14 اور 15 مئی کو ہوگی، چینی صدر کے اس سال دورہ واشنگٹن کی تاریخ کا جلد اعلان ہوگا۔

بقیہ 12 ایرانی بحریہ

کے بعد امریکی طیارہ بردار بحری جہاز نے اپنی پوزیشن تبدیل کی ہے۔

بقیہ 13 دہلی عدالت

کے منافی اور بنیادی انسانی حقوق کی مسلسل پامالی کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ فیصلہ کشمیری قیادت اور حق خود ارادیت کی آواز کو دبانے کی ایک اور کوشش ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق سزا سے منصفانہ ٹرائل، عدالتی خودمختاری، عالمی انسانی حقوق کے تقاضوں پر سنگین سوالات اٹھتے ہیں، آسیہ اندرابی کی سزا مقبوضہ کشمیر میں سیاسی اظہار، شہری آزادیوں کے لیے سکڑتی ہوئی گنجائش کو ظاہر کرتی ہے۔ پاکستان نے اقوام متحدہ اور عالمی انسانی حقوق تنظیموں سے معاملے کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ بھی کیا۔

بقیہ 14 میر سرفراز بگٹی

و میڈیا امور شاہد رند بھی شریک تھے ملاقات کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نیشنل ڈیجیٹل پالیسی کی تشکیل اور اس پر مؤثر عملدرآمد کے لیے بلوچستان حکومت مکمل طور پر تیار ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے ڈیجیٹل اصلاحات کا باقاعدہ آغاز محکمہ خزانہ کی ڈیجیٹلائزیشن سے کر دیا ہے، جس کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کے استعمال کے ذریعے میرٹ پر نوجوانوں کی تقرری کو یقینی بنایا جا رہا ہے جس سے محکمہ خزانہ میں پنشن کے نام پر جاری بدعنوانی کا خاتمہ ممکن ہو رہا ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مکمل ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے مالیاتی نظام کو شفاف، مؤثر اور کرپشن سے پاک بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت ڈیجیٹل پالیسی کے تحت جدید ٹیکنالوجی کے فروغ، گورننس میں بہتری اور نوجوانوں کو بہتر مواقع فراہم کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے اس سلسلے میں ڈیجیٹل

پالیسی پر کام کرنے والی متعلقہ اتھارٹی کو کوئٹہ آنے کی دعوت بھی دی جائے گی تاکہ زمینی حقائق کے مطابق مؤثر حکمت عملی ترتیب دی جا سکے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس بات پر زور دیا کہ سوشل میڈیا کے مثبت، ذمہ دارانہ اور تعمیری استعمال کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے

بقیہ 15 پروازیں منسوخ

منسوخ ہوئیں۔ لاہور سے کویت جدہ شارجہ دوہا بحرین دمام کی 10 پروازیں، اسلام آباد سے جدہ دوحہ ریاض نجف کویت دبئی 11 پروازیں منسوخ ہیں۔ دوحہ سے پاکستان کی فلائٹ آپریشن بہتری کی جانب گامزن ہے، امارات کے فیوجر ایئرپورٹ سے پاکستان کا فلائٹ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 16 اسحاق ڈار

سے بدھ کو جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے حالیہ علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال بارے تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعظم نے کشیدگی میں کمی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ امن اور استحکام کے لیے بات چیت اور سفارت کاری ناگزیر ہیں۔ دونوں رہنماؤں نے بدلتی صورتحال کے پیش نظر قریبی رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 17 بحری جہاز

انداز ہوں گے۔ کوئلے کے بحری جہاز پانامہ اور بنگلہ دیش سے پورٹ قاسم پر پہنچے ہیں، بنگلہ دیش سے 2 5 ہزار 8 0 2 میٹرک ٹن کوئلہ اور پانامہ سے 53 ہزار 811 میٹرک ٹن کوئلہ منگوایا گیا ہے۔

بقیہ 18 شیخ وقاص

اکرم کا کہنا تھا کہ جیل میں خفیہ غیر قانونی اقدامات انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، عمران خان کی صحت سے متعلق خدشات ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ فیملی اور وکلا سے ملاقاتوں پر پابندیاں فوری ختم کر کے عمران خان کو فوری شفا انٹرنیشنل منتقل کیا جائے۔ شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ بجٹ کے نام پر عوام کو دھوکا دیا گیا، بالی اور کھین اور منی کے تیل کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کیا گیا۔ مہنگائی نے غریب اور متوسط طبقے کی کمر توڑ دی، 390 ارب کے پیکیج فنڈ پر شفاف تحقیقات کی جائے۔

بقیہ 19 دہشتگرد ہلاک

جس کا مقصد علاقے میں انتہائی مطلوب دہشت گردوں کا فوری خاتمہ اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنانا تھا۔ بیان میں کہا گیا کہ آپریشن کے دوران سامنا ہونے پر دہشت گردوں نے سی ٹی ڈی ٹیم پر فائرنگ کی اور فائرنگ کے تبادلے کا سلسلہ تقریباً 40 منٹ تک جاری رہا جبکہ فائرنگ تھم جانے کے بعد دوران سرچ آپریشن فتنہ الہندوستان گروپ کے دو انتہائی مطلوب دہشت گرد امداد اللہ اور تو قیر ہلاک پائے گئے، ہلاک دہشت گردوں سے دو کلاشنکوف، 6 میگزین، کارتوس اور 2 ہینڈ گرنیڈز برآمد ہوئے۔ سی ٹی ڈی نے بتایا کہ ہلاک دہشت گرد امداد اللہ اور توقیر گروہ اسلم آئی ای ڈی حملے، جس میں 5 پولیس اہلکار شہید ہوئے تھے۔

بقیہ 20 وزیراعظم

مناسبت سے نیک تمناؤں کا تبادلہ بھی کیا۔ شہباز شریف نے گفتگو کے دوران خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، شاہی خاندان اور سعودی عوام کے لیے عید الفطر کی مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے حالیہ حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے سعودی عرب کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی اور مکمل حمایت کا اعادہ کیا اور کہا کہ مشکل وقت میں پاکستان سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے۔ انہوں نے سعودی قیادت کے تحمل کو سراہتے ہوئے کشیدگی میں کمی، فوری جنگ بندی اور امت مسلمہ میں اتحاد کی فوری ضرورت پر زور دیا۔ شہباز شریف نے ولی عہد کو خطے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں سے بھی آگاہ کیا، جبکہ دونوں رہنماؤں نے قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 21 رضا امیری

بنیاد ڈالنا چاہتے ہیں، امید ہے دوست ممالک کی کوششیں کامیاب ہو جائیں گی۔ رضا امیری مقدم نے کہا کہ دوست ممالک جارحیت کے خاتمے کے لیے فریقین سے رابطے میں رہتے ہیں، لیکن میری معلومات کے مطابق امریکا اور ایران کے درمیان اب تک جنگ بندی کے حوالے سے بلاواسطہ یا بلواسطہ کوئی بات چیت نہیں ہوئی۔

بقیہ 22 سہیل آفریدی

دیوار سے لگایا جا رہا ہے اور دنیا میں ظلم و جبر کا کوئی نام نہیں جو بانی چیئرمین عمران خان اور پارٹی کے ساتھ نہ ہوا ہو۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے دیگر پی ٹی آئی رہنماؤں کے ہمراہ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت کی طرف سے آج تمام وزرا کو بلایا گیا تھا تاکہ نیشنل اور انٹرنیشنل کرائسز پر میٹنگ کی جائے، تاہم بغیر کسی وجہ کے میٹنگ منسوخ کر دی گئی۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا تھا کہ وہ میٹنگ میں شریک ہوں گے، لیکن بند کمروں میں فیصلے کیے جا رہے ہیں جن کا کسی کو علم نہیں اور ان فیصلوں کا اثر صرف ایک خاندان پر نہیں بلکہ پورے پاکستان پر پڑے گا۔

بقیہ 23 خوشخبری

متعارف کرانے پر غور شروع کر دیا ہے۔ پاور ڈویژن کے مطابق اس نئے نظام کے تحت صارفین کو ٹائم آف یوز کے تحت مختلف اوقات میں بجلی کے مختلف نرخوں کا اختیار ملے گا۔ اس اسکیم میں فکسڈ چارجز کا تعین صارفین کی زیادہ سے زیادہ طلب کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد صنعتوں کو آف پیک اوقات (جب بجلی کی طلب کم ہوتی ہے) میں سستی بجلی استعمال کرنے کی ترغیب دینا ہے۔ ترجمان پاور ڈویژن کا کہنا ہے کہ پیک ڈیمانڈ میں کمی آنے سے بجلی کے قومی نظام پر دباؤ کم ہوگا۔

بقیہ 24 جنید اکبر

کیا جائے کہ آپ کے نہانے کا بل کتنا آتا ہے، اسی خاندان نے سولر میں سرمایہ کاری کی، جب لوگوں نے سولر سسٹم لے لیا تو بھاری ٹیکس لگا دیے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست نے سب کی طرح ہماری ذمہ داری نہیں لی، وسائل ہمارے ہیں، فاٹا کا جو حصہ بنتا ہے وہ بھی دے دیں، انگ کرنے میں کے پی کی عوام یا حکومت کا کوئی ہاتھ نہیں تھا، ہمیں این ایف سی کے ذریعے جو حق بنتا ہے وہ نہیں دیا جاتا۔ جنید اکبر خان نے کہا کہ ریاست نے جب اعلان کیا کہ افغانستان کے ساتھ جنگ میں جانا ہے تو خود ٹریننگ دی گئی، ہم روزانہ انہیں اٹھاتے ہیں، ریاست نے کہا اسرائیل کے ساتھ بیٹھنا ہے مگر کسی کو اعتماد میں نہیں لیا۔

بقیہ 25 عابد شیر علی

نے کہا کہ جو ایران کا معاملہ چل رہا ہے اس پر پاکستان کے کردار کو دنیا سراہ رہی ہے، فیلڈ مارشل اور وفاقی حکومت کو اس کا کریڈٹ جاتا ہے۔ عابد شیر علی نے کہا کہ پاکستان ثالث کا کردار ادا کر رہا ہے، کسی دور میں پاکستان کو دہشت گردی کا ملک کہا جاتا تھا، آج ہمیں ثالثی کا کہا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ عناصر پاکستان میں انتشار پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں، بھارتی ایجنٹ ہے عارف ایجا کیا جس کی بانی کے بیٹوں سے ملاقات کی، زلفی بخاری کے ذریعے یہ ملاقات کی گئی، عارف ایجا پاکستان کے خلاف لابنگ کرتا ہے، یہ وہ لوگ ہیں جو پاکستان کو سری لنکا کہہ رہے تھے۔

بقیہ 26 پیٹرول پمپس

میں کہا گیا ہے کہ 6 مارچ کو بھی مراسلہ بھیجا گیا تھا لیکن کوئی جواب موصول نہیں ہوا، پیٹرولیم سیکٹر کو آپریٹرز، مالی مشکلات، قیمتوں اور اچانک پالیسی تبدیلیوں کا سامنا ہے۔ ایسوسی ایشن کے مطابق حکومت پالیسی سازی میں صنعت کے اسٹیک ہولڈرز کو شامل کرے، ملک بھر کے 14 سے 15 ہزار پیٹرول پمپ مالکان کو درپیش مسائل فوری توجہ کے متقاضی ہیں۔

بقیہ 27 میزائلوں کی بارش

ایمادا اور جلیل میزائل اور جاسوس ڈرونز استعمال کیے گئے، تل ابیب میں اسرائیلی فوج کے کمرشل، لاجسٹک اور سپورٹ مراکز کو ہدف بنائے گئے۔ ایرانی حملوں کے بعد اسرائیلی پولیس صحافیوں کو کوریج سے روکنے پر مجبور ہوگئی۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے کہا کہ امریکا اور اسرائیل کی جانب سے میڈیا کوریج پر پابندی اس بات کا اظہار ہے کہ ایران کس قدر اسرائیل میں تباہی مچا رہا ہے۔ دوسری جانب حزب اللہ نے بھی اسرائیل پر بڑا حملہ کیا، حزب اللہ نے ایک گھنٹے میں 30 راکٹ داغ دیے۔ عرب میڈیا کے مطابق حملوں کے بعد شمالی اسرائیل کے متعدد علاقوں میں خطرے کے سائرن بج اٹھے، اسرائیلی حکام نے شہریوں کو بنکرز میں منتقل ہونے کی ہدایت کر دی۔ ادھر امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملوں کا سلسلہ جاری ہے، تہران پر تازہ حملوں میں 12 افراد شہید جبکہ 28 زخمی ہوگئے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق حملے بوشہر ایٹمی پلانٹ پر بمباری کی گئی، حملے میں کوئی تکنیکی یا جانی نقصان نہیں ہوا۔ آئی اے ای اے کا کہنا ہے کہ ایران نے ایٹمی پاور پلانٹ کی حدود میں بمباری کا بتایا، حملے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، پلانٹ معمول کے مطابق کام کر رہا ہے۔ جنگ کے آغاز سے اب تک 215 شہروں کو نشانہ بنایا گیا ہے، 83 ہزار سے زائد عمارتوں کو نقصان پہنچا ہے، 281 طبی مراکز بھی شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ہلال احمر کے 17 مراکز اور 94 ایمبولینسز بھی تباہ ہو چکے ہیں، جنگ سے تعلیم کا شعبہ شدید متاثر ہے، سکولوں اور تعلیمی اداروں کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ رپورٹ کے مطابق ایران میں شہادتوں کی مجموعی تعداد 1500 سے تجاوز کر گئی ہے، شہدا میں 243 طلبہ اور اساتذہ شامل ہیں۔ اسرائیلی دفاعی افواج نے ایک حالیہ بیان میں دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے تہران میں کروز میزائل تیار کرنے والے اہم مقامات اور تنصیبات کو کامیابی سے نشانہ بنایا ہے۔ اسرائیلی دفاعی افواج کے مطابق انھوں نے ایرانی دارالحکومت تہران میں طویل فاصلے تک مار کرنے والے بحری کروز میزائل تیار کرنے کے دو اہم مقامات پر حملے کیے ہیں۔

بقیہ 28 کٹوتی

کٹوتی کی تصدیق کر دی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ پی ایس ڈی پی میں 10 فیصد کٹوتی کی گئی ہے، تمام ترقیاتی منصوبوں پر 10 فیصد کٹوتی کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ رواں مالی سال کے لیے پی ایس ڈی پی کی مد میں ترقیاتی بجٹ ہزار ارب روپے رکھا گیا تھا۔ کٹوتی کے بعد رواں مالی سال کا ترقیاتی 900 ارب روپے رہ گیا۔

بقیہ 29 فوری اقدامات

قریبی رابطے میں رہیں، ایکسپورٹ تیز کی جائیں حکومتی اداروں کی سطح پر فیصلہ سازی میں کسی قسم کی تاخیر کا قابل قبول نہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت موجودہ علاقائی صورتحال کے تناظر میں خلیجی ریاستوں کو اشیائے خورونوش کی فراہمی اور پاکستان کی بندرگاہوں اور میری ٹائم آپریشنز کے حوالے سے اہم جائزہ اجلاس بدھ کو وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کے شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے خلیجی ممالک کو اشیائے خورونوش کی فراہمی کے حوالے سے بنائی گئی حکمت عملی اور اب تک کی پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور اس حوالے سے کام کرنے والے متعلقہ محکموں اور افسران کی کارکردگی کو سراہا۔

بقیہ 30 بارشیں

جاری رہا اس دوران۔ اس دوران چند مقامات پر موسلادھار بارش ژالہ باری کے ساتھ ساتھ خاران، تربت، کیچ، پنجگور، نوشکی اور گرد و نواح کے مقامی ندی نالوں میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ ہوگیا۔ بارشوں اور ژالہ باری کے باعث متعدد علاقوں میں مکانات کی چھتیں گرنے سے کوہلو میں ایک شخص زخمی جبکہ ہرنائی میں کائنات نامی بچی زخمی ہوگئی۔ واقعات کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو حکام جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا جبکہ پی ڈی ایم اے کی جانب سے متاثرہ خاندانوں میں راشن بھی تقسیم کیا گیا۔ محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ آج جمعرات کو صوبے کے بیشتر اضلاع میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے علاوہ کوئٹہ، زیارت، چمن، ژوب، موسیٰ خیل، بارکھان، سبی، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، پشین، ہرنائی، قلات، مستونگ میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے جبکہ صوبے کے شمالی اضلاع میں درمیانی سے تیز بارش بھی ہو سکتی ہے۔

بقیہ 31 فلائٹ آپریشن

لندن اور 30 مارچ سے لاہور سے لندن کی پروازوں کو چلائے گی۔ پی آئی اے ابتدائی طور پر ہفتہ وار چار پروازیں لندن کے لیے آپریٹ کرے گی۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق پی آئی اے کا لندن روٹ سے 70 سال سے زائد کا رشتہ ہے۔ لندن پی آئی اے کے نیٹ ورک کے ابتدائی بین الاقوامی روٹس میں شامل ہے۔ ان پروازوں کی شروعات کے بعد برطانیہ کے لیے پی آئی اے کی پروازوں کی ہفتہ وار تعداد 7 ہو جائے گی۔ واضح رہے کہ 2020 میں پابندی سے قبل پی آئی اے پاکستان سے لندن کے لیے ہفتہ وار 10 پروازیں چلا رہی تھی۔ لندن کے لئے پروازوں میں بتدریج اضافہ کیا جائے گا۔

بقیہ 32 گورنر

کا احساس اجاگر کریں اور ابھرتے ہوئے نوجوانوں میں حب الوطنی کا جذبہ پیدا کریں۔ وکلاء ہمارے معاشرے کے غریب اور لاچار افراد کیلئے سستا اور بروقت انصاف کو یقینی بنانے، قانون اور ان لوگوں کے درمیان خلیج کو ختم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ اس ذمہ داری کو بہتر نبھانے سے وکلاء انصاف، مساوات اور خدمت خلق کے رجحان کو فروغ دیتے ہوئے معاشرے پر گہرے اثرات ڈال سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر ایڈووکیٹ عطاء اللہ لانگو کی قیادت میں وکلاء برادری سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ ہمارے وکلاء قانون اور جمہوریت کے محافظ اور خادم ہیں۔ بلاشبہ آپ کے ذریعے معاشرے میں جمہوری رویوں اور احساس ذمہ داری کو پروان چڑھانے میں بھی تقویت ملتی ہے۔ گورنر مندوخیل نے وکلاء کے حقوق کا تحفظ کو یقینی بنانے اور ان کو درپیش مسائل کے دیرپا حل تلاش کرنے میں مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ وفد نے گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل کو ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن سے خطاب کرنے کی بھی دعوت دی۔

بقیہ 33 سالک حسین

جنرل بارسلونا محمد علی وزیر اور کیونی ویلفیئر اتاشی بذریعہ زوم اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ سپین میں غیر قانونی تارکین وطن کو قانونی حیثیت دینے کیلئے رجسٹریشن کے آغاز سے قبل پاکستانیوں کو پاسپورٹ اور دیگر کاغذات ایک ہفتے میں جاری کیے جائیں گے۔ وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز سالک حسین نے کہا کہ سپین کی اس سکیم سے دیگر ممالک کے علاوہ تقریباً 15 ہزار پاکستانی فائدہ اٹھائیں گے۔ وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز سالک حسین نے سپین میں مقیم پاکستانیوں کو بھرپور سپورٹ فراہم کرنے پر وزارت داخلہ کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو پاسپورٹ کا جلد اجرا اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ کسی مجرم یا مطلوب ملزم کو ہرگز پاسپورٹ جاری نہ کیا جائے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے سفارت خانے کو پاسپورٹ سیکشن کیلئے اضافی عملہ فوری فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 34 محمد عبدالقادر

اعتماد سازی اور تنازعات کے حل میں کردار کو عالمی سطح پر تسلیم کروایا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان کی حالیہ سفارتی پیش رفت نہ صرف خطے میں کشیدگی کم کرنے میں مددگار ثابت ہوگی بلکہ پاکستان کی ساکھ کو بھی مزید مستحکم کرے گی۔ پاکستان نے حالیہ عرصے میں چین، مشرق وسطیٰ، یورپ اور دیگر خطوں کے ساتھ تعلقات میں خاطر خواہ توازن اور بہتری پیدا کی ہے جو جامع اور متحرک خارجہ پالیسی کی عکاسی کرتی ہے۔ پاکستان کی قیادت کی جانب سے اقتصادی سفارتکاری، علاقائی روابط اور امن کے فروغ پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ پاکستان کی موجودہ خارجہ پالیسی کامیاب، متوازن اور دور اندیش حکمت عملی کی مظہر ہے۔ اگر یہی تسلسل برقرار رہا تو پاکستان بہت جلد نہ صرف خطے بلکہ عالمی سطح پر بھی اہم سفارتی قوت بن کر ابھرے گا۔

بقیہ 35 اختیار مینگل

پورے انتخابی حلقے کیلئے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا گیا پروگرام میں قائدین کے علاوہ پارٹی ذمہ داران اور کارکنان کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی مشترکہ جدوجہد کرنے کا فیصلہ نئے جزبے اور ولولے کیساتھ انتخابی مہم کو کامیابی کی صبح تک چلانے کا عزم پروگرام کا آغاز حافظ حسین احمد کی تلاوت سے شروع کی گئی اور نظم کو عبید اللہ وڈھ کے تحصیل جنرل سیکرٹری مولانا عبدالصبور نے چلائی بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل جے یو آئی کے مرکزی سرپرست اور امیدوار ضمنی الیکشن این اے 256 حضرت مولانا قمر الدین ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا عنایت اللہ رودینی تحصیل امیر جسٹس ر عبدالقادر مینگل نیوگرام سے اہم خطاب کیے اور ڈاکٹر عبدالقدوس کردار مولانا غلام رسول مینگل بہتجاویز پیش کئے۔

بقیہ 36 امریکی تھنک ٹینک

ھنک ٹینک کے مطابق بین الاقوامی سطح پر قانونی حیثیت نہ ہونے کی وجہ سے طالبان رجیم افغانستان کی نمائندگی کیلئے مکمل قانونی جواز نہیں رکھتی۔

بقیہ 37 خوشحال کاکڑ

نے پشتونخوا وطن کو بے شمار قدرتی وسائل، نایاب اور قیمتی معدنیات، زرخیز زمینوں اور جغرافیائی اہمیت سے نوازا ہے، جو اگر درست منصوبہ بندی اور پشتون غیور ملت و عوام کی شمولیت سے استعمال کیے جائیں تو یہ خطہ نہ صرف معاشی طور پر خودکفیل ہو سکتا ہے بلکہ پورے ملک کی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے۔ تاہم افسوسناک امر یہ ہے کہ ان وسائل پر استعماری و استحصالی قوتوں نے قبضہ جما رکھا ہے، جس کے باعث یہاں کے عوام پسماندگی، بے روزگاری اور بنیادی سہولیات کی کمی جیسے مسائل کا شکار ہیں خوشحال خان کاکڑ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی اپنے غیور پشتون افغان ملت کے قومی، جمہوری اور معاشی حقوق کے حصول کے لیے ہر سطح پر جدوجہد جاری رکھے گی، اور اس کے ساتھ ساتھ ملک کی دیگر محکوم اقوام کی قومی و ملی نجات، برابری اور وسائل پر حق ملکیت کے لیے مشترکہ سیاسی جدوجہد کو مزید مؤثر اور منظم بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کی سیاست نفرت یا تقسیم کی نہیں بلکہ انصاف، برابری، جمہوریت اور عوامی خودمختاری کی سیاست ہے۔

بقیہ 38 عمائدین کی شرکت

قبیلے کی بہتری، اتحاد اور درپیش مسائل پر روشنی ڈالی۔ مقررین نے باہمی اتفاق، روایتی اقدار کے تحفظ اور اجتماعی ترقی کی ضرورت پر زور دیا۔ جرگے کے اختتام پر مولانا محمد خان شیرانی نے خطاب کیا، جس میں انہوں نے قبیلے کے اتحاد اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی گفتگو کی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ 19 اپریل کو ادبہ، ضلع شیرانی میں شیرانی اور حریفال قبائل کا ایک اور بڑا جرگہ منعقد ہوگا، جوان کی سربراہی میں ہوگا۔ یہ جرگہ علاقے میں باہمی ہم آہنگی، مشاورت اور اجتماعی فیصلوں کے تسلسل کی ایک اہم کڑی ثابت ہوگا۔

بقیہ 39 تبادلہ خیال

خیال کیا گیا، دونوں رہنماؤں کے مابین ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں خطے میں سیاسی استحکام، جمہوری عمل کے تسلسل اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر میر عبدالرحمن مینگل، سردار زادہ ظلم خان تمرانی، میر فدا احمد قلندرانی، میر آزاد میر جان مینگل، میر آزم مینگل بھی موجود تھے۔

بقیہ 40 بلوچستان بار کونسل

کا اس طرح قتل نہایت افسوسناک ہے اور یہ صوبہ بھر میں وکلا کے تحفظ اور آزادی کے حوالے سے سنجیدہ سوالات کو جنم دیتا ہے بلوچستان بار کونسل واضح کرتی ہے کہ ایسے تمام اقدامات چاہے جبری گمشدگیاں ہوں یا ماورائے عدالت قتل نا قابل قبول ہیں ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق شفاف اور فوری کارروائی عمل میں لائی جائے ان سنگین حالات کے پیش نظر بلوچستان بار کونسل صوبہ بھر کی تمام بار ایسوسی ایشنز کی ایک مشترکہ کانفرنس ماہ اپریل میں بلانے کا اعلان کرتی ہے۔

بقیہ 41 مولانا عبدالقادر لونی

مصنوعات میں یکمشت 55 روپے کی ایڈوانس اضافہ کی بعد اب پھر دوسری قسط میں پٹرولیم مصنوعات میں بڑی اضافہ کی پیشن گوئیوں نے غریب قوم پر پٹرول بم کا حملہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان کے عوام پر ایران سے تیل کے کاروبار پر پابندی کو ختم کر کے شاہانہ اخراجات کو ختم کیا جائے اور دوسری جانب مافیاز اور حکومت کی گٹھ جوڑ نے آٹا اور چینی کی مصنوعی بحران سے عوام کی ہڈیوں سے گودا نکالا جا رہا ہے مافیاز کو نوازنے کیلئے عوام کی امیدوں پر شب خون مارا جا رہا ہے مافیاز کی مصنوعی بحران کی ہوس کا خمیازہ محنت کش مزدور اور سفید پوش طبقات و غریب عوام مہنگائی کی صورت میں بھگت رہی ہے انہوں نے کہا کہ مہنگائی ختم کرنے کی بلند بانگ دعوؤں نے نہیں عملاً ریلیف دیا جائے اس وقت غریب عوام ایک لیٹر پٹرول خرید کلو چینی اور آٹا کی قوت خرید نہیں رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ آٹا اور چینی ملک میں قیمتیں مافیاز کی وجہ سے روز بروز بڑھ رہی ہے گھی کی

مصنوعی قلت پیدا کر کے مافیاز کی سرمایہ کو بڑھانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے ملک میں گندم اور چینی لاکھوں ٹن کے لگ بھگ ہے

بقیہ 42 کھلی کچہری

جائے گا درخواست کنندگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ تحریری شکایات میں مندرجہ ذیل معلومات لازماً مہیا کریں۔ 1۔ نام بمعہ ولدیت 2۔ کاپی قومی شناختی کارڈ 3۔ مکمل پتہ/ایڈریس 4۔ نشان انگوٹھا/دستخط 5۔ رابطہ نمبر موبائل/گھر/ای میل واضح کیا جاتا ہے کہ چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق اب نیب گم نام/فرضی شکایات پر کارروائی نہیں کرے گا۔ صرف ایسی مصدقہ شکایات جو نیب کے دائرہ کار پر پورا اترتی ہوں ان پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ ایسی شکایات پر کارروائی کرنے سے قبل شکایت کنندگان سے بیان حلفی اسٹامپ پیپر پر لیا جائے گا۔ ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نیب میں شکایات مندرجہ ذیل طریقہ سے جمع کروائی جا سکتی ہیں

بقیہ 43 سلنڈر دھماکہ

لیے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق دھماکہ گیس سلنڈر پھٹنے کے باعث پیش آیا، تاہم متعلقہ حکام نے واقعے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں جبکہ فیکٹری کے حفاظتی انتظامات کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے۔ شہریوں کا ردعمل واقعے کے بعد مقامی شہریوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ علاقہ مکینوں نے ضلعی انتظامیہ، خصوصاً ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا ہے کہ اس نوعیت کی فیکٹریوں کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کی جائے۔ شہریوں کا موقف ہے کہ ایسی فیکٹریاں نہ صرف انسانی جانوں کے لیے خطرہ ہیں بلکہ سماجی مسائل کا بھی سبب بن رہی ہیں لہٰذا ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ان کے خلاف مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات سے بچا جا سکے۔

بقیہ 44 ملزمان گرفتار

کرتے ہوئے ملزمان کے ٹھکانوں پر ریڈ کر کے ڈکیتی کے مقدمہ میں نامزد ملزمان طارق علی ولد رسول بخش قوم ہوتی ساکن سیرواہ گندا اصغر علی ولد نصیر قوم کلمتی ساکن شہداد کوٹ سندھ کو گرفتار کر لیا جبکہ انچارج سی آئی اے اسٹاف اوستہ محمد حضور بخش جمالی نے دوران گشت روپوش ملزمان غلام نبی اور قیصر خان پسران عالم خان قوم جویہ ساکنان شہید مراد کالونی اوستہ محمد کو گرفتار کر لیا جب کہ استہ محمد سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے روپوش ملزم طارق ولد حاکم جمالی کو گرفتار کر لیا مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے اوستہ محمد پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب کارروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد جرائم پیشہ عناصر اور روپوش و نامزد ملزمان کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 45 بیرونی قرضے

میں 9 کروڑ 22 لاکھ ڈالر گرانٹ شامل ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کی نسبت قرضوں میں 91 کروڑ ڈالر اضافہ ہوا، آئی ایم ایف کی 1 ارب ڈالر قسط ملا کر حجم بڑھ کر 6.76 ارب ڈالر ہو گیا۔ پاکستان نے یومیہ بنیاد پر 7.86 ارب روپے کا نیا قرضہ حاصل کیا، پاکستانی کرنسی میں نئے قرضوں کی مالیت 1904 ارب روپے ہے، سعودی عرب 3 ارب ڈالر، چین نے ایک ارب ڈالر کا قرض رول اوور بھی کیا

بقیہ 46 مولانا عبدالرحمن رفیق

غیر شفاف طریقے سے اقتدار میں لا کر عوام پر مسلط کیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں ملک و قوم سنگین مسائل کے گرداب میں پھنس چکے ہیں۔ بدترین مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی بدحالی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے عام آدمی دو وقت کی روٹی کے حصول کے لیے شدید مشکلات کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ روزگار کے مواقع نہ ہونے کے باعث لوگ ذہنی دباؤ اور مایوسی کا شکار ہو رہے ہیں جو ایک انتہائی تشویشناک صورتحال ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکمران طبقہ عوامی مسائل سے مکمل طور پر لاتعلق نظر آتا ہے۔ ملک کے اہم فیصلے عوام کے حقیقی نمائندوں کے بجائے غیر منتخب اور خوشامدی عناصر کے سپرد کر دیے گئے ہیں جو جمہوریت اور عوامی مینڈیٹ کی صریح توہین کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار کے اعلیٰ مناصب پر ایسے افراد کو فائز کیا گیا ہے جو نہ صرف عوامی خدمت کے تقاضوں سے ناواقف ہیں بلکہ انتظامی صلاحیتوں سے بھی محروم دکھائی دیتے ہیں جس کے باعث حکومتی کارکردگی سوالیہ نشان بن چکی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ملک میں حقیقی جمہوری اقدار کو بحال کرتے ہوئے عوام کے منتخب نمائندوں کو اقتدار منتقل کیا جائے تاکہ عوامی مسائل کا دیرپا اور مؤثر حل ممکن ہو سکے۔

بقیہ 47 لشکری رئیسانی

جیت کمار، رام چند سے سراوان ہاؤس میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی، نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا کہ ہندو اقلیت قدیم سے سرزمین بلوچستان کی حقیقی فرزند ہے ریاست قلات کے قوانین اور سرپرستی نے اقلیتوں کو بہت زیادہ حقوق دیے، جس کے نتیجے میں ہندو اقلیت آزادانہ مختلف قبائل، تجارت اور سیاسی عمل کا حصہ ہے، بلوچستان کو درپیش آج کے بحرانی حالات میں یہاں آباد قوموں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ بلوچستان کی قومی روایات کے تحت اقلیتوں کی حفاظت ان کیساتھ ہمدردی کا اظہار کریں کیونکہ اقلیتیں ہماری سرزمین کا ایک بہت اہم حصہ ہیں، ہمیں چاہئے کہ اس سرزمین کی روایات کو بروئے کار لاتے ہوئے اقلیتوں کو ان کے جائز قومی تاریخی حقوق دیں تاکہ وہ بھی دیگر قوموں کیساتھ بلوچستان کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں۔

بقیہ 48 آپریشن جاری

لیے پی ڈی ایم اے سے باضابطہ مدد طلب کرلی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے فوری طور پر ریلیف کمشنر و ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان کو ضروری اقدامات کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ہدایات کی روشنی میں ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے نے ڈائریکٹر ریسکیو کی نگرانی میں پی ڈی ایم اے کی خصوصی ریسکیو ٹیم، نوید احمد شیخ کی سربراہی میں متحرک کر دی گئی ہے ریسکیو ٹیم کو 25 مارچ 2026 کو صبح سویرے روانہ کیا گیا۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ جعفرآباد کی جانب سے ٹیم کو فائبر بوٹ بمعہ آؤٹ بورڈ موٹر، ایمبولینسز اور دیگر ضروری امدادی سامان فراہم کیا گیا ہے تاکہ تلاش کا عمل مؤثر انداز میں مکمل کیا جا سکے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حضور بخش ملکی کی نگرانی میں ریسکیو آپریشن تاحال جاری ہے، اور بچے کی تلاش کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 49 پابندی عائد

مفاد اور حفاظتی تدابیر کے طور پر اٹھایا گیا ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔ نوٹس میں تمام شہریوں کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ان مقامات پر جانے سے مکمل گریز کریں اور حکومتی احکامات کی پاسداری کو یقینی بنائیں۔ انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ ان ہدایات کی خلاف ورزی کرنے

والے افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ افراد پر ہوگی۔ مستونگ کے شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔

بقیہ 50 پرانی نعش برآمد

سالانی میں رہائش پذیر فضل نامی شخص کی چار سالہ بچی پانی کے ڈرم میں گر کر ہلاک ہوگئی۔

بقیہ 51 علماء کرام

مولانا عبدالمالک، مولانا یاسین ظفر سمیت دیگر اکابرین نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے مابین تعلقات محض ہمسائیگی تک محدود نہیں بلکہ دینی، تاریخی اور ثقافتی رشتوں میں جڑے ہوئے ہیں اس لیے باہمی معاملات کو جنگ سے نہیں بلکہ بات چیت سے حل کرنا چاہیے۔ علماء کرام نے کہا کہ ایسے وقت میں جب پاکستان عالمی سطح پر مختلف تنازعات کے حل میں مثبت اور کلیدی کردار ادا کر رہا ہے ایسے میں ضروری ہے کہ اپنے معاملات کو بھی ترجیحی بنیادوں پر مذاکرات کے ذریعے حل کیا جائے۔ انہوں نے افغان حکومت سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دے اور پاکستان میں دہشتگردی کے مرتکب عناصر کو کنٹرول کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سعودی عرب، چین اور دیگر دوست ممالک کی جانب سے پاکستان اور افغانستان کے مابین امن و استحکام کے لیے کی جانے والی کاوشیں قابل تحسین ہیں، ان کوششوں کی قدر کرتے ہوئے پاکستان اور افغانستان کو چاہیے کہ وہ حسن نیت سے اپنے اختلافات کو ختم کریں۔ علماء کرام نے اس بات پر زور دیا کہ جنگ بندی میں توسیع خطے کے امن کے لیے ناگزیر ہے۔

بقیہ 52 سپریم کورٹ

نے ایک شہری کی اپیل مسترد کرتے ہوئے لیو ٹو اپیل دینے سے انکار کر دیا۔ تحریری تفصیلی فیصلہ جسٹس سردار طارق مسعود اور جسٹس محمد علی مظہر پر مشتمل دو رکنی بینچ نے سنایا جس میں افتخار احمد کی دائر سول پٹیشن خارج کر دی گئی۔ عدالتی فیصلے کے مطابق درخواست گزار غلام اسحاق خان انسٹیٹیوٹ آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی میں اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات کو انٹری ٹیسٹ 2011 کے پرچے لیک کرنے کے الزام میں انکوائری کے بعد 30 مارچ 2012 میں ملازمت سے برطرف کر دیا گیا۔ عدالتی ہدایت پر محکمہ نے اسے بحال کیا اور کچھ عرصے کی تنخواہ و مراعات بھی دیں۔ درخواست گزار نے 21 دسمبر 2012 سے 5 ستمبر 2016 تک یو ای ٹی ٹیکسلا میں ڈپٹی ڈائریکٹر خدمات انجام دیں، جس پر متعلقہ ادارے نے اس عرصے کو بغیر تنخواہ چھٹی قرار دیا اور بیک انفیکس دینے سے انکار کر دیا۔

بقیہ 53 سسٹم پر منتقل

پنشن فنڈز کے ڈھانچے کو حتمی شکل دی جا رہی ہے ایس ای سی پی پاکستان میں سرکاری ملازمین کے روایتی ڈیفائنڈ بینیفٹ پنشن سسٹم کو نئے کنٹری بیوشن پنشن فریم ورک کی جانب منتقل کرنے میں حکومت کو اہم معاونت فراہم کر رہا ہے۔ نئے پنشن سسٹم سے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے طویل المدتی پنشن واجبات میں نمایاں کمی واقع ہوگی اور مالیاتی استحکام بہتر ہوگا بلوچستان کے لیے منظور کیے گئے سات پنشن فنڈز، بلوچستان کنٹری بیوشن پنشن اسکیم رولز 2025 کے تحت قائم کیے گئے ہیں، جن کا انتظام پانچ لائسنس یافتہ پنشن فنڈ مینیجرز کریں گے ایس ای سی پی نے ان فنڈز کے آفرنگ ڈاکیومنٹس کی بھی منظوری دے دی ہے۔ پاکستان میں وفاقی اور تمام صوبائی حکومتوں نے نئے کنٹری بیوشن پنشن فریم ورک متعارف کروانے کے لیے درکار قانونی فریم ورک متعارف کروا چکی ہیں پاکستان میں پرانے ڈیفائنڈ بینیفٹ نظام کے تحت کسی بھی ملازم کی پنشن، اس کے آخری تنخواہ اور ملازمت کے سالوں کی بنیاد پر طے کی جاتی تھی، جبکہ اس کی مکمل مالی ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی تھی۔

بقیہ 54 مزمل اسلم

کٹوتی کو مدنظر رکھ کر دیکھا جائے کہ ان کے پاس کیا بچا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو یہ نہیں بتایا جاتا ہے، پٹرولیم لیوی 105 روپے لے رہے ہیں، ایوان صدر میں میٹنگ میں ہو رہی تھی جس میں این ایف سی کی کٹوتی بارے مشاورت کی گئی، اب جن صوبوں کو دیا گیا ہے تو کٹوتی بھی ان سے ہی کی جائے، ہمیں اور بلوچستان کو ملا کر 23 فیصد ملتا ہے، 77 فیصد بجٹ دیگر صوبوں کو دیا جاتا ہے، دنیا میں جہاں غربت ہو وہاں این ایف سی ایوارڈ کا حصہ زیادہ دیا جاتا ہے۔ مزمل اسلم نے کہا کہ ہم نے پٹرول کے نام پر سکول بند کر دیے ہیں، دیگر اداروں کی کٹوتی کے بارے تو نہیں سوچتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 190 ملین پاؤنڈز جو حکومت کو ملے ہیں اس سے ہی عوام کو ریلیف دے دیں، 190 ملین پاؤنڈ زدانش سکولز کیلئے رکھ لئے۔

بقیہ 55 جاں بحق

پولیس تھانہ میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ساتھ خان بلیدی کو قتل کر دیا جنہیں فوری طور پر سول ہسپتال لایا گیا واقع کی وجہ پرانی دشمنی بتائی جا رہی ہے جبکہ حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پوسٹ مارٹم کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کیا گیا جوں نعش گھر پہنچی تو کہرام مچ گیا۔ سیاہ کاری کے الزام میں خاتون قتل ملزم فرار تفصیلات کے مطابق تھانہ باریجہ کی حدود گوٹھ لونگانی میں ملزم جاگر خان نے اپنی بہو کو سیاہ کاری کے الزام مسماۃ عابدہ کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا جبکہ اس کا معینہ آشنا اور قتل کر نیوالا ملزم بھی فرار۔ لاش گھر پہنچی تو کہرام مچ گیا شدید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔ پنجگور سرحدی تحصیل پروم میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی ہو گیا تفصیلات کے مطابق پنجگور کے سرحدی تحصیل پروم عبداللہ بازار میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے غلام اللہ نامی شخص جاں بحق ہو گیا جبکہ شاہد نامی شخص شدید زخمی ہو گیا۔

بقیہ 56 سلیم خان کھوسہ

فراہمی اور ادویات کی دستیابی نے عوام کو بہتر طبی سہولتیں فراہم کی ہیں۔ شہری سطح پر صفائی ستھرائی، نکاسی آب کے نظام کی بہتری اور تاریخی عمارتوں کی تعمیر و مرمت جیسے بلدیاتی مسائل میں واضح کمی آئی ہے، جبکہ آبپاشی کے نظام میں اصلاحات اور نہروں کی صفائی سے کسانوں کو پانی کی بروقت فراہمی ممکن ہوئی ہے، جس کے نتیجے میں زرعی پیداوار میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ محکمہ زراعت کی جانب سے جدید طریقہ کاشت، معیاری بیج اور کھاد کی فراہمی نے کسانوں کی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا ہے۔ پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے واٹر سپلائی اسکیموں کی بحالی اور نئی اسکیموں کے آغاز نے عوام کو بنیادی سہولت میسر کی ہے، جبکہ سماجی بہبود کے پروگرام اور ترقیاتی منصوبوں نے غریب اور مستحق طبقات کی زندگیوں میں بہتری لانے میں اہم کردار ادا کیا ہے

بقیہ 57 مکمل سہولیات

24 گھنٹے علاج و معالجہ کی سہولیات فراہم کئے جانے سمیت ادویات بھی دی جائیں گی، اس ضمن میں 1 ہزار حجاج کے لئے ایک ڈاکٹر اور دو پیرا میڈیکل سٹاف ہوں گے پرائیویٹ حج ٹور آپریٹرز کی کارکردگی کو بھی مانیٹر کیا جائے گا۔ کسی بھی

شکایت کی صورت میں فوری ایکشن لیا جائے گا۔ امسال سرکاری اور پرائیویٹ سکیم کے عازمین کے لئے حج ٹریننگ لازمی قرار دی گئی ہے۔ پاکستان سے مجموعی طور سرکاری اور پرائیویٹ سکیم کے تحت ایک لاکھ 79 ہزار 210 خوش نصیب فریضہ حج کی سعادت حاصل کریں گے۔

بقیہ 58 ترقیاتی فنڈز

کے مطابق بلوچستان میں رواں مالی سال کے پی ایس ڈی پی میں کل 6710 اسکیمات میں سے 3761 جاری اسکیمات (آن گوئنگ) کے لیے مختص 133.151 ارب روپے میں سے 128.9 ارب روپے ریلیز جبکہ 92.64 ارب روپے خرچ کیے گئے ہیں جو کہ مختص رقم کا 61 فیصد ہے۔ این این آئی کو موصول دستاویزات کے مطابق 2949 نئی اسکیمات کے لیے مختص 186.6 ارب روپے میں سے 94.25 ارب روپے ریلیز جبکہ 54.88 ارب روپے سے زائد رقم خرچ کی جا چکی ہے جو کہ مختص رقم کا 29 فیصد ہے۔ دستاویزات کے مطابق صوبائی حکومت نے اب تک مختص رقم کا 66 فیصد حصہ ریلیز جبکہ 44 فیصد حصہ استعمال کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ سال مارچ کے دوسرے ہفتے کی نسبت موجودہ سال میں حکومت نے 4 فیصد رقم زائد ریلیز کی ہے گزشتہ سال مارچ میں حکومت نے اس وقت تک 62 فیصد رقم ریلیز جبکہ 51 فیصد خرچ کی تھی۔

بقیہ 59 بخت محمد کاکڑ

اجلاس میں ڈینگی، ملیریا، ہیپاٹائٹس، ایچ آئی وی، ٹی بی اور ای پی آئی پروگرام سے متعلق تفصیلی رپورٹس پیش کی گئیں اور متعلقہ حکام کو فوری اور مؤثر اقدامات کی ہدایت دی گئی۔ محکمہ صحت کے صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر ابابگر بلوچ نے ڈینگی کی تشویشناک صورتحال پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ماضی میں ہزاروں کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں جبکہ اموات بھی ہوئیں۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے اجلاس کو بتایا کہ حالیہ بارشوں کے بعد ڈینگی وائرس کے پھیلاؤ کا خطرہ بڑھ گیا ہے اور گزشتہ ایک ہفتے کے دوران ایک درجن کے قریب مثبت کیسز سامنے آ چکے ہیں جو لمحہ فکریہ ہے۔ ایڈیشنل سیکرٹری ہیلتھ شیک شہداد نے ٹیچنگ ہسپتال تربت کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہسپتال میں بدانتظامی، ادویات کی کمی، شام کے اوقات میں سروسز کی بندش اور عملے کی غیر حاضری جیسے مسائل فوری حل طلب ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر ایک ماہ کے اندر کارکردگی بہتر نہ ہوئی تو ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ اجلاس میں چائلڈ لائف فاؤنڈیشن ایمرجنسی کے قیام اور جلد افتتاح کا اعلان کیا گیا جبکہ ایمرجنسی وارڈ میں 12 ڈاکٹروں کی تعیناتی اور مؤثر روٹیشن پلان مرتب کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ اس کے علاوہ ہیلتھ کارڈ سروسز کی بحالی، ڈاکٹروں کی ماہانہ کارکردگی کا جائزہ لینے اور پرائیویٹ پریکٹس کے ڈیٹا کی مانیٹرنگ کی ہدایات جاری کی گئیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ کیچ ضلع میں ایچ آئی وی کے 400 سے زائد کیسز رجسٹرڈ ہیں جبکہ ٹی بی کے علاج کے لیے چار سینٹرز فعال ہیں۔ ڈینگی کے اب تک 14 سے زائد کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں جس کے پیش نظر آئسولیشن وارڈ کے قیام اور ہنگامی اقدامات کی ہدایت دی گئی۔ ملیریا کے حوالے سے مزید ٹیسٹنگ کٹس کی فوری ضرورت پر زور دیا گیا

بقیہ 60 امتحانات ملتوی

لیے رول نمبر سلپس کا اجرا بھی روک دیا گیا ہے، متاثرہ طلبہ کو پاکستان یا کسی قریبی ملک میں امتحان دینے کی سہولت فراہم کی جا سکتی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اگر بیرون ملک کسی امتحانی مرکز پر لاجسٹک مسائل پیش آئے تو متبادل انتظامات کیے جائیں گے۔ فیصلے کا 15 دن بعد دوبارہ جائزہ لیا جائے گا اور سکیورٹی صورتحال بہتر ہونے پر نئی تاریخوں کا اعلان کیا جائے گا۔ فیڈرل بورڈ کے مطابق اگر حالات معمول پر آگئے تو باقی تمام پرچے پہلے سے اعلان کردہ شیڈول کے مطابق لیے جائیں گے۔

بقیہ 61 امیر مقام

کے لیے امن و امان کا قیام ناگزیر ہے جبکہ سیاحت کے فروغ کے لیے پرامن ماحول بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ اس موقع پر نگران وزیر اعلیٰ جسٹس (ر) یار محمد خان نے گلگت بلتستان میں امن و امان کے قیام کے لئے وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام کے کردار کو سراہتے ہوئے وفاقی حکومت کے تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کی معاونت سے خطے میں ترقیاتی عمل کو مزید تقویت ملے گی۔ ملاقات میں وفاقی سیکرٹری برائے کشمیر امور، گلگت بلتستان و سیفران ظفر حسن اور ایڈیشنل سیکرٹری کامران الرحمن بھی موجود تھے۔

بقیہ 62 عبدالقیوم

کے بغیر ملک نہیں چل سکتے، تیل اور گیس پر کئی جنگیں ہوئیں، پہلی جنگ عظیم کی بنیاد بھی تیل اور گیس ہی تھا۔ صدر ایکس سروس مین سوسائٹی نے کہا کہ ہرمز کے بند ہونے سے تیل کی قیمتیں بہت اوپر چلی گئی ہیں، بہت سے ممالک نے ایمرجنسی نافذ کی، امریکا بھی متاثر ہوا۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کی خواہش تھی ایران کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا جائے، اسرائیل نے امریکی صدر کو استعمال کیا، امریکا کا ایران میں آنے کا مقصد چین کو بھی ہدف بنانا تھا۔ جنرل (ر) عبدالقیوم نے کہا کہ امریکا نے مذاکرات کے دوران ایران پر حملہ کیا، ایران ایک مزاحمتی قوم ہے اسی لیے انہوں نے مقابلہ کیا، امریکا اور اسرائیل اب فیس سیونگ چاہتے ہیں۔ صدر ایکس سروس مین سوسائٹی نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے کردار کو پوری دنیا میں سراہا جا رہا ہے، ملٹری اور سول قیادت ایک ٹیم کے طور پر کام کر رہی ہے، پاکستان اسرائیل کو کانٹے کی طرح چبھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران جو گارنٹی چاہتا ہے یہ گارنٹی اقوام متحدہ سے آنی چاہیے، جب فریقین پر بیٹھیں تو آسان شرائط کے بات ہوتی ہے۔ جنرل (ر) عبدالقیوم نے کہا کہ امریکا کی کریڈیبلٹی زیرو ہوگی، ہمیں محتاط طریقے سے آگے بڑھنا ہوگا، کچھ لوگوں کی کوشش ہے پاکستان کو فرقہ واریت کی طرف لے جائیں۔ عوام کو اپنے ملٹری لیڈرشپ پر پورا بھروسہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی قیادت ناکام ہوئی، نریندر مودی ڈکلیرڈ دہشت گرد ہے، بھارت اس وقت تنہائی میں چلا گیا ہے۔

بقیہ 63 مولانا ہدایت الرحمن

کرنا ایک ظالمانہ روایت بن چکی ہے، جسے فوری طور پر ختم ہونا چاہیے۔ آج عوام غربت اور نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں جبکہ سرکاری سطح پر شاہ خرچیاں اور مفت خوری عروج پر ہے، جو نا قابل برداشت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی اور گوادر میں مختلف تقاریب سے خطاب اور وفود سے ملاقاتوں کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل خصوصاً پانی، روزگار، تعلیم اور صحت کی سہولیات کی عدم دستیابی، حکومتی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے زور دیا کہ حکومت فوری طور پر عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرے، غیر ضروری اخراجات میں کمی لائے اور وسائل کو عوامی فلاح و بہبود پر خرچ کرے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی ہر سطح پر عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی اور ظلم و ناانصافی کے خلاف آواز بلند کرتی رہے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر حکمران طبقہ خود سادگی اختیار کرے تو نہ صرف قومی خزانے پر بوجھ کم ہوگا

اسپین میں غیر قانونی مقیم 5000 پاکستانیوں کو قانونی حیثیت دینے کا فیصلہ

جنرل اسپین سے قبل پاکستانیوں کو پاسپورٹ اور دیگر کاغذات ایک ہفتے میں جاری کئے جائیں گے، محسن نقوی / سالک حسین

پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ ترجیحی بنیادوں پر جاری کئے جا رہے ہیں، سفیر ڈاکٹر ظہور احمد اور قونصل جنرل بارسلونا کی تفصیلی بریفنگ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ ... ریڈیشنل کارڈ کے حصول کے حوالے سے ... وزارت خارجہ ... پاسپورٹ ... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور رکن قومی اسمبلی ملک عادل بازئی گفتگو کر رہے ہیں

پاکستان نے خارجہ پالیسی میں غیر معمولی کامیابیاں حاصل کی ہیں، محمد عبدالقادر

میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت اور اسٹریٹجک بصیرت کا نتیجہ ہے

پاکستان نے حالیہ عرصے میں چین، مشرق وسطیٰ، یورپ کیساتھ تعلقات بڑھائے ہیں، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ گزشتہ دو برسوں کے دوران پاکستان نے اپنی خارجہ پالیسی میں غیر معمولی کامیابیاں حاصل کی ہیں جو کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت اور اسٹریٹجک بصیرت کا نتیجہ ہے دونوں رہنماؤں کی قیادت میں عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی جغرافیائی و سیاسی صورتحال میں پاکستان نے نہ صرف توازن برقرار رکھا بلکہ عالمی سطح پر کامیاب، فعال اور ذمہ دار سفارتی کردار بھی ادا کیا خصوصی طور پر پاکستان کی جانب سے امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کی میزبانی پاکستان کی بڑی سفارتی کامیابی ہے اس اقدام نے پاکستان کی غیر جانبداری .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

ضمنی انتخابات میں حمایت پر جمعیت کا BNP سے اظہار تشکر

جے یو آئی خضدار کے ضلعی صدر نے وفد کے ہمراہ سردار اختر مینگل سے ملاقات کی

خضدار (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام ضلع خضدار کے ضلعی اکابرین اور تحصیل ذمہ داران ضلعی امیر و ناظم امیدوار این اے 256 حضرت مولانا قمرالدین کی قیادت میں کوٹ مینگل پہنچے جہاں بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل اور دیگر پارٹی قیادت سے اہم نشست ہوئی جمعیت کے اکابرین نے سردار اختر جان مینگل اور پارٹی قیادت اور جھالاوان کے قائدین کا جمعیت کے مکمل حمایت کرنے پر شکریہ ادا کیا اور باہمی مشورے سے .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ بار کے سابق صدر امان اللہ کنرانی رکن اسمبلی نعیم بازئی کے والد کے انتقال پر فاتحہ کر رہے ہیں

افغان طالبان رجیم کی انتہا پسندانہ پالیسیاں دنیا کیلئے چیلنج ہیں، امریکی تھنک ٹینک

جابرانہ قوانین افغان شہریوں کے مستقبل کیلئے سنگین خطرہ، افغان ریاست کی قانونی حیثیت اور شہری حقوق کو شدید خطرات ہیں

بین الاقوامی سطح پر قانونی حیثیت نہ ہونے کی وجہ سے طالبان رجیم افغانستان کی نمائندگی کیلئے مکمل قانونی درجہ نہیں رکھتی، رپورٹ

واشنگٹن (م ڈ) امریکی تھنک ٹینک نے قرار دیا ہے کہ افغان طالبان رجیم کی دہشت گردی کی حمایت اور انتہا پسندانہ پالیسیاں دنیا کیلئے چیلنج ہیں۔ امریکی تھنک ٹینک کے مطابق طالبان رجیم کے جابرانہ قوانین افغان شہریوں کے بنیادی حقوق اور مستقبل کیلئے سنگین خطرہ ہیں، افغان ریاست کی قانونی حیثیت اور شہری حقوق کو شدید خطرات ہیں۔ امریکی تھنک ٹینک کے مطابق افغان طالبان کے القاعدہ اور دہشت گرد گروہوں کے ساتھ تعلقات برقرار ہیں اور طالبان حکومت دہشت گروہوں کے خلاف کارروائی سے گریزاں ہے۔ امریکی ت....... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، سینئر سیاستدان لشکری خان رئیسانی کے ہمراہ ہندو پنچایت کے عہدیداروں کا گروپ فوٹو

عوام کی بڑی تعداد پشتونخوا نیپ میں شمولیت اختیار کر رہی ہے، خوشحال کاکڑ

پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کی واضح، جمہوری اور اصولی سیاست، محکوم اقوام و عوام کے بنیادی حقوق کیلئے رہنمائی کا نتیجہ ہے

عوامی مسائل پر دوٹوک جرأتمندانہ موقف کے باعث عوام کی بڑی تعداد جوق در جوق پارٹی کے منشور پر اعتماد کر رہی ہے

قلعہ سیف اللہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین اور رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کی واضح، جمہوری اور اصولی سیاست، محکوم اقوام و عوام کے بنیادی حقوق کے لیے مستقل اور بروقت رہنمائی، اور عوامی مسائل پر دوٹوک موقف کے باعث آج عوام کی بڑی تعداد جوق در جوق پارٹی میں شمولیت اختیار کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ عوامی اعتماد دراصل پارٹی کی طویل سیاسی جدوجہد، قربانیوں اور قومی تشخص کے تحفظ کے لیے اختیار کیے گئے ثابت قدم موقف کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قدرت .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ ویڈیو لنک کے ذریعے کیچ ضلعی ہیلتھ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شیرانی قبیلے کی ذیلی شاخ حسن خیل کا جرگہ، عمائدین کی شرکت

19 اپریل کو اوبہ سر کے مقام پر شیرانی اور حریفال قبائل کا مشترکہ جرگہ منعقد ہوگا

شیرانی (آن لائن) ضلع شیرانی کے ضلعی ہیڈ کوارٹر ہائی سکول ہال میں آج شیرانی قبیلے کی ذیلی شاخ حسن خیل کا ایک اہم جرگہ مولانا محمد خان شیرانی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اس جرگے میں قبائلی مشران، علما کرام، سیاسی و سماجی رہنماں اور نوجوانوں کی بڑی تعداد نے بھرپور شرکت کی۔ جرگے میں معزز قبائلی مشران جن میں حاجی محمد عمر شیرانی، حاجی محمد حسن شیرانی اور دیگر عمائدین قبیلہ شامل تھے، انہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

میر جام کمال خان نے میر نصیر خان مینگل کی عیادت کی

میر شفیق الرحمن مینگل سے خصوصی ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ+کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی نے بدھ کو کا مینگل ہاؤس جاکر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر محمد نصیر خان مینگل کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر شفیق الرحمن مینگل سے خصوصی ملاقات میں ملکی و صوبائی موجودہ سیاسی صورتحال، باہمی دلچسپی کے امور اور حلقہ این اے 256 خضدار کے ضمنی انتخاب سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

جبری گمشدگیاں کبھی بھی قابل قبول نہیں، بلوچستان بار کونسل

بار چیئرمین آصف بلوچ ایڈووکیٹ کی جبری گمشدگی کی مذمت کرتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بار کونسل چیئرمین آصف بلوچ ایڈووکیٹ کی جبری گمشدگی کی شدید مذمت کرتی ہے یہ عمل نہ صرف بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے بلکہ آئین، قانون کی حکمرانی اور شہری آزادیوں کے منافی بھی ہے جبری گمشدگیاں کسی مہذب معاشرے میں ہرگز قابل قبول نہیں بلوچستان بار کونسل گزشتہ ماہ عمل حسنی ایڈووکیٹ کے پنجگور میں ماورائے عدالت قتل اور اس پر کوئی ایکشن نہ لینے پر تشویش کا اظہار کرتی ہے ایک وکیل .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

بدترین مہنگائی نے لوگوں کا جینا محال کر دیا ہے، مولانا عبدالقادر لونی

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی عروج پر پہنچی اور عوام نان شبینہ کے محتاج ہو گئے ہیں، مفتی شفیع الدین

مافیاز اور حکومت کے گٹھ جوڑ سے آٹا اور چینی کا مصنوعی بحران پیدا کر کے عوام کو دو وقت کی روٹی سے محروم کر دیا، عبدالستار شاہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین ڈپٹی سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی حاجی حیات اللہ کاکڑ پنجاب کے صوبائی امیر قاری ثناء اللہ فاروقی قاری محمد افضل سندھ کے صوبائی امیر مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی خیبر پختونخوا کے امیر قاضی گل الرحمن تکیال مولانا محمد قاسم مخلص مولانا پیر وحید اللہ بانچوی مولانا عبدالوہاب ڈاھیرا اور دیگر نے حکومت کے جانب سے 28 روز کے ذخیرہ کے موجودگی کے باوجود پٹرولیم .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

شکایات کے اندراج کیلئے نیب کی کھلی کچہری آج ہوگی

چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق گمنام/فرضی شکایات پر کارروائی نہیں ہوگی

نیب میں شکایات بذریعہ ڈاک بذات خود تحریری نیب دفتر میں جمع کرائیں

کوئٹہ (آن لائن) قومی احتساب بیورو بلوچستان میں بڑی مالی بدعنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے مورخہ 26 مارچ 2026 ... چیئرمین نیب ... 00:11 تا 00:01 ... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

گلستان: فیکٹری میں گیس سلنڈر دھماکہ، 1 شخص جاں بحق 6 زخمی

حکام نے واقعے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات شروع کر دی ہیں

گلستان (آئی این پی) ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان میں قائم آکسی فیکٹری میں گیس سلنڈر دھماکے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 6 افراد زخمی ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق فیکٹری جو مقامی افراد حاجی قاسم غیبزئی اور ناصر خان کی ملکیت بتائی جاتی ہے میں اچانک زوردار دھماکہ ہوا جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد مزید علاج کے .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور ایئرپورٹ پر ملزم گرفتار، منشیات اور غیر ملکی کرنسی برآمد

پشاور (بیورو رپورٹ) ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس (اے ایس ایف) نے باچا خان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پشاور سے منشیات اور غیر ملکی کرنسی سمیت ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان اے ایس ایف کے مطابق گرفتار مسافر سے بھاری مقدار میں نشہ آور گولیاں اور غیر ملکی کرنسی برآمد ہوئی ہے۔ ترجمان کے مطابق پشاور سے دبئی جانے والے مسافر کے بیگ سے 4 لاکھ 41 ہزار یو اے ای درہم اور 544 گرام نشہ آور گولیاں برآمد ہوئی ہیں۔ اے ایس ایف ترجمان کے مطابق گرفتار ملزم کو غیر ملکی کرنسی اور منشیات سمیت کسٹمز حکام کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

اوستہ محمد: مختلف مقدمات میں پانچ روپوش و اشتہاری ملزمان گرفتار

جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کامیاب کارروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد گنداخہ اور سی آئی اے پولیس کی بڑی کارروائیاں مختلف مقدمات میں پانچ روپوش و اشتہاری ملزمان سمیت ڈکیتی کا ملزم گرفتار عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمن کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد، محمد داؤد کھوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ گنداخہ حاجی خان لاشاری اور ایس ایچ او پولیس تھانہ باغ ہیڈ مقبول حسین جمالی نے مشترکہ کارروائی .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کو ملنے والے نئے بیرونی قرضوں میں 18 فیصد سے زیادہ کا اضافہ

حکومت نے جولائی سے فروری کے دوران آئی ایم ایف سمیت 6 ارب 86 کروڑ ڈالر کے نئے قرضے حاصل کیے

گزشتہ مالی سال کی نسبت قرضوں میں 91 کروڑ ڈالر اضافہ ہوا، آئی ایم ایف کی قسط ملا کر حجم بڑھ کر 6.76 ارب ڈالر ہو گیا

قرضوں کی مالیت 1904 ارب روپے ہے، سعودی عرب 3 ارب ڈالر، چین نے ایک ارب ڈالر کا قرض رول اوور بھی کیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان کو ملنے والے نئے بیرونی قرضوں میں 18 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہو گیا ہے، حکومت نے جولائی سے فروری کے دوران آئی ایم ایف سمیت 6 ارب 86 کروڑ ڈالر کے نئے قرضے حاصل کیے جن کی مجموعی مالیت ایک ہزار 904 ارب روپے ہے۔ پاکستان کو جولائی تا فروری 5.86 ارب ڈالر کی بیرونی مالی معاونت ملی، 5.76 ارب ڈالر کے نئے قرضے .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت چور دروازے سے اقتدار میں آئی ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

فارم 47 حکومت نے ملک و قوم کو سنگین مسائل کے گرداب میں پھنسا دیا، حاجی عین اللہ شمس

مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی بدحالی نے عوامی زندگی اجیرن کر دی ہے، مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد نورزئی، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سیٹھ اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا، مولوی نقیب اللہ ملاخیل اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کو چور دروازے سے غیر جمہوری اور .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

نوشکی: فائرنگ سے نوجوان زخمی

نوشکی (آن لائن) نوشکی کلی جمالدینی میں گن شارٹ کا واقعہ، خودکشی کا معاملہ یا کوئی اور وجہ، شارٹ گن کے فائرنگ سے نوجوان شدید زخمی تفصیلات کے مطابق بدھ کے روز مغرب کے ٹائم کلی جمالدینی میں شارٹ گن کے فائرنگ سے نوجوان محمد آصف ولد محمد آمین قوم خیشکی ۔ ساکن جمالدینی شدید زخمی ہوا جن کو میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال نوشکی منتقل کر دیا گیا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق شارٹ گن کا فائر چہرے پر لگا ہے جس سے چہرہ بری طرح متاثر ہوا ہے۔ جنہیں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کے لیے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔

ہندو اقلیت بلوچستان کے حقیقی دوست ہیں، حاجی لشکری رئیسانی

اقلیتیں یہاں کے قبائل، تجارت اور سیاسی عمل کا حصہ ہیں، ہندو عمائدین سے گفتگو

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ ہندو اقلیت قدیم سے سرزمین بلوچستان کے حقیقی فرزند، یہاں کے قبائل، تجارت اور سیاسی عمل کا حصہ ہیں اس سرزمین کی قومی روایات کے تحت اقلیت بھی دیگر قوموں کیساتھ بلوچستان کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتی رہی ہے، یہ بات انہوں نے ہندو پنچایت کے عہدیداروں سنیل کمار بجاج، وجنن لعل، سدھیر کمار، دیپک کمار، مکیش کمار، ورشن بگٹی، انمرت لعل، ا....... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

جعفرآباد: کیرتھر کینال میں ڈوبنے والا بچہ ریسکیو نہ ہو سکا

ضلعی انتظامیہ اور پی ڈی ایم اے کی امدادی ٹیموں کا آپریشن جاری

نصیرآباد (خ ن) ضلع جعفرآباد میں 24 مارچ 2026 کو صبح 00:10 بجے ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں ایک کمسن بچہ کیرتھر کینال کے پانی میں ڈوب گیا ضلعی انتظامیہ جعفرآباد کو موصول ابتدائی اطلاعات کے مطابق واقعہ کے فوری بعد مقامی برادری کے تعاون سے بچے کی تلاش اور ریسکیو کے لیے کوششیں شروع کی گئیں، تاہم بھرپور کوششوں کے باوجود سرچ آپریشن کامیاب نہ ہو سکا صورتحال کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ نے خصوصی تلاش اور بازیابی کے .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ: پکنک منانے اور عوامی اجتماعات پر پابندی عائد

انتظامیہ کی جانب سے یہ اقدام عوامی مفاد اور حفاظتی تدابیر کے طور پر اٹھایا گیا ہے

عوام ذمہ دار ہونے کا ثبوت دیں اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں

مستونگ (یو این اے) ڈپٹی کمشنر مستونگ کے دفتر سے جاری کردہ ایک اہم عوامی نوٹس کے مطابق، ضلعی انتظامیہ نے امن و امان کی صورتحال اور شہریوں کے تحفظ کے پیش نظر مختلف علاقوں میں پکنک منانے اور عوامی اجتماعات پر مکمل پابندی عائد کر دی ہے۔ اس پابندی کا اطلاق بالخصوص مستونگ کے پہاڑی اور تفریحی مقامات بشمول آب گل، غلام سے پڑیز، آماچ اور ان کے گرد و نواح کے علاقوں پر ہوگا۔ انتظامیہ کی جانب سے یہ اقدام عوامی .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: کوہ چلتن سے نامعلوم شخص کی پرانی نعش برآمد

دالبندین: چار سالہ بچی پانی کے ڈرم میں گر کر جاں بحق

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے نواحی علاقے چلتن کے پہاڑ سے نامعلوم شخص کی پرانی نعش برآمد ہوئی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز چلتن کے علاقے میں پکنک منانے کے لئے جانے والوں کو ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کی اطلاع انتظامیہ کو دی گئی نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔ دالبندین کے علاقے میں چار سالہ بچی پانی کے ڈرم میں گر کر جاں بحق ہو گئی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز دالبندین کے علاقے کلی ملک رسول بخش .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

علماء کرام کا پاک افغان جنگ بندی میں توسیع کا مطالبہ

باہمی معاملات کو جنگ سے نہیں بلکہ بات چیت سے حل کرنا چاہیے، مفتی تقی عثمانی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کے تمام مکاتب فکر کے ممتاز علماء کرام نے پاک-افغان جنگ بندی میں توسیع کا مطالبہ کرتے ہوئے زور دیا ہے کہ دونوں برادر اسلامی ممالک کے مابین موجود حل طلب معاملات کو سنجیدگی، بردباری اور باہمی اعتماد کے ساتھ مذاکرات اور مشترکہ جدوجہد کے ذریعے حل کیا جائے اس حوالے سے ملک کے جید علماء کرام مولانا مفتی محمد تقی عثمانی، مولانا مفتی منیب الرحمن، مولانا انوار الحق، مولانا محمد حنیف جالندھری .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

برطرفی کے دوران ملازمت کرنے والا پچھلے واجبات کا حقدار نہیں، سپریم کورٹ

یہ اصول ان ملازمین کیلئے ہے جو دوران برطرفی بے روزگار رہیں، عدالت عظمیٰ کا فیصلہ

اسلام آباد (م ڈ) سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ برطرفی کے دوران اگر کوئی ملازم کسی دوسرے ادارے میں باقاعدہ ملازمت کرتا ہے تو وہ اس عرصے کے بیک بینیفٹس (تنخواہ و مراعات کے واجبات) کا حقدار نہیں ہوتا، بیک بینیفٹس کا اصول صرف ایسے ملازمین کے لیے ہے جو برطرفی کے دوران بے روزگار رہے ہوں، اگر کوئی شخص اس دوران ملازمت یا کاروبار کر رہا ہو تو وہ اس مدت کی تنخواہ کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے میں کوئی قانونی سقم نہیں، لہٰذا اصول پیٹیشن مسترد کرتے ہوئے اپیل کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ عدالت .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت بلوچستان کا پنشن سے متعلق بڑا اقدام، پنشنرز کی رقم نئے سسٹم پر منتقل

نئے پنشن سسٹم سے وفاقی و صوبائی حکومتوں کے طویل المدتی پنشن واجبات میں نمایاں کمی واقع ہوگی اور مالیاتی استحکام آئیگا

ملازمین کو اپنی بچت کی گئی پنشن کی رقم پر زیادہ کنٹرول حاصل ہوتا ہے اور شفافیت قائم رہتی ہے، ایس ای سی پی نے منظوری دیدی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے پاکستان میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے سرکاری ملازمین کے لیے کنٹری بیوشن پنشن اسکیمیں متعارف کرنے کے متعلق حکومت بلوچستان کے لیے سات پنشن فنڈز کی منظوری دے دی ہے۔ صوبائی حکومت کے پنشن فنڈز متعارف ہونے سے اب بلوچستان حکومت باقاعدہ طور پر نئے کنٹری بیوشن پنشن سسٹم پر منتقل ہو گئی ہے۔ ایس ای سی پی کے مطابق اس سے پہلے پنجاب اور خیبر پختونخوا کی حکومتیں کنٹری بیوشن پنشن اسکیمیں متعارف کر چکی ہیں۔ وفاقی حکومت اور سندھ میں .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

ایندھن کی بچت کے لیے وفاق کے فیصلے پر لبیک کہیں گے، شرجیل میمن

کراچی (بیورو رپورٹ) حکومت سندھ نے کفایت شعاری سے متعلق متعدد اہم اقدامات کا اعلان کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ایندھن کی بچت کے لیے وفاقی حکومت جو بھی فیصلے کرے گی۔

صارفین کو گمراہ کرنے پر میٹا پر 375 ملین ڈالر جرمانہ عائد

نیو میکسیکو (م ڈ) نیو میکسیکو کی ایک عدالت نے میٹا کو بچوں کی حفاظت کے حوالے سے صارفین کو گمراہ کرنے پر 375 ملین ڈالر جرمانہ ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔



کوئٹہ، پشتونخوا نیپ کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ سلطان کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

جن صوبوں کو این ایف سی دیا کٹوتی بھی انہی سے ہو، مزمل اسلم

عوام کو سچ نہیں بتایا جاتا، پٹرولیم لیوی 105 روپے لے رہے ہیں، پریس کانفرنس

پشاور (بیورو رپورٹ) مشیر خزانہ خیبر پختونخوا حکومت مزمل اسلم نے کہا ہے کہ ایوان صدر میں میٹنگ میں ہو رہی تھی جس میں این ایف سی کی کٹوتی بارے مشاورت کی گئی، اب جن صوبوں کو دیا گیا ہے تو کٹوتی بھی ان سے ہی کی جائے۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے مزمل اسلم نے کہا کہ دیکھا کہ سو ارب ترقیاتی بجٹ سے کٹوتی کر دی گئی، ان کے مطابق اس ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا گیا، ان کی جانب سے .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں بیٹے نے باپ کو قتل کر دیا، اوستہ محمد و پنجگور میں خاتون سمیت 3 جاں بحق

کلی کالونی میں ایوب نے والد حاجی طور، اوستہ محمد میں ملزم نے اپنی بہو عابدہ کو الزام لگا کر قتل کیا

اوستہ محمد میں مسلح افراد کی فائرنگ ... پنجگور میں فائرنگ سے غلام اللہ جاں بحق

کوئٹہ، اندرون بلوچستان (نیوز ایجنسیاں) ... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سینئر صحافی افضل مغل ملاقات کر رہے ہیں

حساس معاملات پر غیر ذمہ دارانہ تبصروں سے گریز کیا جائے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ اور خلیج فارس کی موجودہ صورتحال کے حوالے سے مختلف قیاس آرائیاں اور افواہیں گردش کر رہی ہیں۔ ترجمان کے مطابق پاکستان سے متعلق بھی جعلی معلومات پھیلائی جا رہی ہیں جبکہ غیر مصدقہ خبریں نشر کی جا رہی ہیں، جن سے عوام میں بے چینی پیدا ہو سکتی ہے۔

ضلع صحبت پور ترقی کی راہ پر گامزن ہے، سلیم خان کھوسہ

شاہراہوں کی تعمیر و بحالی سے آمد و رفت کے نظام میں نمایاں بہتری آئی

معیاری بیج اور کھاد کی فراہمی نے کسانوں کی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا ہے

مانجھی پور (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے ضلع صحبت پور میں ترقی کا ایسا جامع وژن پیش کیا ہے جس کے اثرات ہر شعبہ زندگی میں واضح طور پر محسوس کیے جا رہے ہیں۔ ان کی قیادت میں سڑکوں اور شاہراہوں کی تعمیر و بحالی سے آمد و رفت کے نظام میں نمایاں بہتری آئی ہے اور دور دراز علاقوں کو مرکزی شہروں سے جوڑ دیا گیا ہے، جس سے کاروباری اور سماجی سرگرمیوں کو فروغ ملا۔ اسی تسلسل میں تعلیمی میدان میں نئے اسکولوں کا قیام، پرانے اداروں کی بہتری اور اساتذہ کی دستیابی نے تعلیمی معیار کو بلند کیا ہے، جبکہ صحت کے شعبے میں ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں سہولیات کی .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

فلسطینیوں پر حملے، پاکستان کا تشدد فوری روکنے کا مطالبہ

نیویارک (م ڈ) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے اسرائیلی آبادکاروں کے فلسطینیوں پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے تشدد فوری روکنے کا مطالبہ کیا ہے۔ پریس بریفنگ کے دوران عاصم افتخار نے اقوام متحدہ میں پاکستان کا بھرپور موقف پیش کرتے ہوئے اسرائیلی اقدامات کی مذمت کی، اور کہا کہ اسرائیل مقبوضہ فلسطینی سرزمین میں آبادکاری کی تمام سرگرمیاں فوری بند کرے۔

حج محافظ سکیم کے تحت 20 لاکھ تک انشورنس، علاج کی مکمل سہولیات

کسی بھی حادثے میں کوئی اعضا ضائع ہونے پر کم و بیش 10 لاکھ دیے جائیں گے، رپورٹ

اسلام آباد (شاکر رحمان) حج محافظ سکیم کے تحت رواں سال دوران حج حجاز مقدس میں کسی بھی حاجی کی وفات کی صورت میں 20 لاکھ تک لواحقین کو معاوضہ دیا جائے گا، کسی بھی حادثے میں کوئی اعضا ضائع ہونے پر کم و بیش 10 لاکھ دیے جائیں گے۔ رپورٹ کے مطابق سرکاری سکیم کے لئے 1 لاکھ 19 ہزار 210 کا کوٹہ مختص ہے جبکہ اسال پرائیویٹ حج ٹور آپریٹرز کی تحت مانیٹرنگ کی جائے گی اور شکایات کی صورت میں بلیک لسٹ کر کے مستقل پابندی عائد کئے جانے سمیت بھاری جرمانہ یا کوٹے میں کمی کی جائے گی۔ اسی طرح عازمین حج کو....... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

مریم نواز کا 25 ہزار نوجوانوں کو تربیت فراہم کرنے کا منصوبہ منظور

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پچیس ہزار نوجوانوں کو تربیت فراہم کرنے کے باعزت روزگار فراہم کرنے کا منصوبہ، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے منصوبے کی منظوری دے دی، ای ایم یو تھ ایمپلائی ایبلٹی ان بی پی اوز کے تحت نوجوانوں کو تربیت اور روزگار فراہم کیا جائیگا۔ پنجاب ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کیا جلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب کیا ہم اقدام کی منظوری دی گئی۔

مریخ پر اہرام مصر جیسے ڈھانچے سے سائنسدان حیران، راز سے پردہ اٹھ گیا

نیویارک (م ڈ) مریخ کی سرخ سطح پر ایک ایسا منظر سامنے آیا جس نے دنیا بھر کے سائنسدانوں اور خلائی شوقین افراد کو حیرت میں ڈال دیا۔ ناسا کی جانب سے جاری تصاویر میں ایک ایسا ڈھانچہ دکھائی دیا جو بظاہر مصر کے اہرام گیزا جیسا محسوس ہوتا ہے، اور دعویٰ کیا گیا کہ اس کا حجم بھی تقریباً اسی کے برابر ہے۔ اس انکشاف نے ایک بار پھر یہ سوال چھیڑ دیا کہ کیا مریخ پر بھی کسی قدیم تہذیب کا وجود تھا۔

وفاقی وزیر جام کمال خان پیپلز پارٹی کے رہنما شفیق الرحمن مینگل سے بات چیت کر رہے ہیں

بلوچستان میں ترقیاتی فنڈز کا 66 فیصد حصہ جاری، 44 فیصد خرچ ہو چکا

رواں مالی سال کے دوران صوبے میں 223 ارب روپے سے زائد رقم ریلیز جبکہ 147 ارب روپے سے زائد خرچ کر دی گئی

یہ رقم رواں مالی سال کے پی ایس ڈی پی میں کل 6710 اسکیمات میں سے 3761 جاری اسکیمات کے لیے جاری کی گئی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے رواں مالی سال کے دوران ترقیاتی فنڈز کا 66 فیصد حصہ جاری کر دیا جبکہ 44 فیصد خرچ کر لیا، صوبے میں اب تک 223 ارب روپے سے زائد رقم ریلیز جبکہ 147 ارب روپے سے زائد خرچ کر دی گئی۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق بلوچستان حکومت نے مارچ کے دوسرے ہفتے تک مالی سال 2025-26 کے دوران ترقیاتی مد میں مختص کی گئی 337.8 ارب روپے سے زائد رقم میں سے 223.17 ارب سے زائد رقم ریلیز کر دی ہے جبکہ اب تک 147.5 ارب روپے خرچ کیے جا چکے ہیں۔ دستاویزات .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی ملنے والوں سے گفتگو کر رہے ہیں

وزیر آباد، سفاک شوہر نے بیوی کو دریائے چناب میں ڈبو کر قتل کر دیا

وزیر آباد (بیورو رپورٹ) وزیر آباد میں سنگدل شوہر نے اپنی ہی شریک حیات کو دریائے چناب میں ڈبو کر موت کے گھاٹ اتار دیا۔ تفصیل کے مطابق رسولنگر کے علاقے میں سنگدل شوہر نے اپنی ہی شریک حیات کو دریائے چناب میں ڈبو کر موت کے گھاٹ اتار دیا اور جرم چھپانے کے لیے اغوا کا ڈرامہ رچایا۔

تمام سرکاری ہسپتالوں میں بہترین سروس ڈیلیوری یقینی بنائی جائے، بخت کاکڑ

صوبائی وزیر صحت نے ڈینگی وائرس کے پھیلاؤ کے پیش نظر ضلع کیچ میں ایمرجنسی نافذ کرنے کی ہدایات جاری کر دیں

ضلع میں ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور طبی سہولیات میں بہتری کیلئے ڈپٹی کمشنر کو اضافی اختیارات تفویض کئے گئے

ضلع میں اب تک ڈینگی کے 14 کیسز رپورٹ، ٹی بی کے چار سینٹرز فعال ہیں، HIV کے 400 کیسز رجسٹرڈ ہیں، بریفنگ

تربت (این این آئی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کیچ کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد اقبال ڈشتی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل سیکرٹری ہیلتھ شیبک شہداد نے خصوصی شرکت کی جبکہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور ڈی جی ہیلتھ محمد امین مندوخیل نے آن لائن شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کیچ میں صحت کے مجموعی نظام، مختلف بیماریوں کی صورتحال اور سرکاری ہسپتالوں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت نے ڈپٹی کمشنر کیچ کی درخواست پر ضلع میں ڈینگی وائرس کے پھیلاؤ کے پیش نظر فوری طور پر ایمرجنسی نافذ کرنے کا اعلان کیا۔ .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نظریاتی بلوچستان کے رہنما مولانا قاری مہر اللہ سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

فیڈرل بورڈ کے ایران سمیت 4 خلیجی ممالک میں امتحانات ملتوی

کویت، یو اے ای و بحرین میں قائم امتحانی مراکز پر امتحانات نہیں ہوں گے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) فیڈرل بورڈ نے سیکیورٹی صورتحال کے پیش نظر ایران سمیت چار خلیجی ممالک میں میٹرک امتحانات ملتوی کر دیے ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایران، کویت، متحدہ عرب امارات اور بحرین میں قائم امتحانی مراکز پر میٹرک کے امتحانات فی الحال نہیں ہوں گے، جبکہ بیرون ملک دیگر تمام مراکز میں امتحانات پہلے سے جاری کردہ شیڈول کے مطابق جاری رہیں گے۔ فیڈرل بورڈ کے مطابق چاروں ممالک کے اداروں کے .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی: سوشل میڈیا پر دوستی کے بعد اغوا لڑکی بازیاب، ملزم گرفتار

کراچی (بیورو رپورٹ) سوشل میڈیا پر دوستی کے بعد لڑکی کا اغوا کا واقعہ پیش آیا، تاہم پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 20 سالہ لڑکی کو بازیاب کروا لیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ کارروائی کے دوران ملزم شعیب کو بھی گرفتار کر لیا گیا ہے، ملزم شعیب ایک بنگلے پر ڈرائیور ہے، ملزم نے 20 سالہ مصباح سے سوشل میڈیا پر دوستی کی۔

پائیدار ترقی کے لئے امن و امان کا قیام ناگزیر، امیر مقام

حکومت ملک کے تمام علاقوں کو ترجیح دے رہی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت ملک کے تمام علاقوں بالخصوص گلگت بلتستان کی ترقی اور خوشحالی کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نگران وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان جسٹس (ر) یار محمد خان سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں گلگت بلتستان کی امن و امان کی صورتحال اور ترقیاتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پائیدار ترقی .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

فوجی یونٹس پر حملوں کا معاملہ، عراقی وزیراعظم کی امریکی ناظم الامور کو طلب کرنے کی ہدایت

بغداد (م ڈ) عراقی وزیراعظم نے فوجی یونٹس پر حملوں کے معاملے پر امریکی ناظم الامور کو طلب کرنے کی ہدایت کر دی۔ بغداد میں عراقی وزیراعظم آفس کے مطابق عراقی وزیراعظم محمد شیاع السودانی نے وزارت خارجہ کو ہدایت کی ہے کہ بغداد میں تعینات امریکی ناظم الامور کو طلب کیا۔

امریکا، اسرائیل فیس سیونگ چاہتے ہیں، عبدالقیوم

مٹھی بھر لوگوں کی کوئی اہمیت نہیں پوری دنیا کو پاکستان پر اعتماد ہے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان ایکس سروس مین سوسائٹی کے صدر جنرل (ر) عبدالقیوم نے کہا ہے کہ ایران سے جنگ میں امریکا اور اسرائیل اب فیس سیونگ چاہتے ہیں، امریکا کی کریڈیبلٹی زیرو ہوگئی، ہمیں محتاط طریقے سے آگے بڑھنا ہوگا۔ پریس کانفرنس کے دوران جنرل (ر) عبدالقیوم نے کہا کہ مٹھی بھر لوگوں کی کوئی اہمیت نہیں پوری دنیا کو پاکستان پر اعتماد ہے، جس کے امریکا اور ایران سے اچھے تعلقات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تو اہائی .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

ناسا کا 7 برس میں چاند پر نئی بیس تعمیر کرنے کا اعلان

نیویارک (م ڈ) امریکی خلائی ادارے ناسا نے چاند اور مریخ کے حوالے سے اپنے نئے منصوبوں کا اعلان کیا ہے۔ ویسے تو ناسا کی جانب سے کافی عرصے سے چاند پر خلابازوں کے قیام اور دیگر سرگرمیوں کے لیے مستقل عمارت کی تعمیر پر بات کی جا رہی ہے۔

حکمران طبقہ حکومتی سطح پر قناعت اور سادگی کو فروغ دے، مولانا ہدایت الرحمن

مفت پٹرول، بجلی، گیس و دیگر مراعات کا خاتمہ کیا جائے، پرتعیش گاڑیوں کے بجائے 1300 سی سی تک کی گاڑیاں استعمال کی جائیں

ہر مشکل وقت میں صرف عوام کو قربانی کا بکرا بنانا اور ٹیکسوں و مہنگائی میں مسلسل اضافہ کرنا ظالمانہ روایت بن چکی ہے، صوبائی امیر

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ حکمران طبقہ حکومتی سطح پر قناعت اور سادگی کو فروغ دے، اور مفت پٹرول، بجلی، گیس سمیت دیگر غیر ضروری مراعات کا خاتمہ کیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سرکاری سطح پر وزراء، بیوروکریسی اور اعلیٰ افسران کو بڑی اور پرتعیش گاڑیوں کے بجائے 1300 سی سی تک کی سادہ گاڑیاں فراہم کی جائیں تاکہ قومی وسائل کا ضیاع روکا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ہر مشکل وقت میں صرف عوام کو قربانی کا بکرا بنانا اور ٹیکسوں و مہنگائی میں مسلسل اضافہ....... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر